صحیح مُسلم

ابوالحسین مسلم بن الحجاج القشیری النیسابوری

(٢٠٤ھ۔٢٦١ھ)

اردو ترجمہ کے ساتھ

جلد ہفتم

نور فاؤنڈیشن

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ ﷺ

نام کتاب: صحیح مسلم (اردو ترجمہ کے ساتھ)

جلد: ہفتم

ایڈیشن: اول

سن اشاعت: جون 2010ء

ناشر: نور فاؤنڈیشن لندن

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدّمہ

حضرت امام مسلم کا پورا نام ابوالحسین مسلم بن الحجاج بن مسلم القشیر ی تھا۔ابوالحسین آپ کی کنیت تھی اور عساکرالدین لقب تھا۔آپ قبیلہ بنوقشیر سے تعلق رکھتے تھے جو عرب کا ایک مشہور خاندان تھا۔اور خراسان کا مشہور شہر نیشاپور آپ کا وطن تھا۔امام مسلم204ھ میں پیدا ہوئے۔لیکن بعض علماء اور مورخین کی تحقیق یہ ہے کہ آپ کی ولادت206ھ میں ہوئی۔آپ نے 24رجب261ھ کو55سال کی عمر میں نیشاپور میں وفات پائی اور وہیں آپ کی تدفین ہوئی۔آپ کی شہرۂ آفاق تالیف وتصنیف **صحیح مسلم** ہے جس کو بخاری کے بعد اصح الکتب کہا جاتا ہے۔جسے امام مسلم نے 3لاکھ احادیث میں سے جانچ پڑتال کر کے تالیف کیا۔اور یہ احادیث ان کے مجوزہ معیار کے اعتبار سے مستند اور معتمد ہیں۔

صحیح مسلم کے ترجمہ کا عربی متن ہم اس کتاب سے لے رہے ہیں جو **دارالکتاب العربی** بیروت لبنان (طبع اولیٰ2004) کے نسخہ کے مطابق ہے۔اس میں7563روایات ہیں۔مگر یہ بات ذہن نشین رہے کہ اس تعداد میں بعض جگہ صرف اسناد کی بحث ہے یا پھر ''مثلہ'' کہہ کر پچھلی حدیث کے ساتھ سند کے مضمون کو ملا دیا گیا ہے۔جبکہ ترقیم فؤاد عبدالباقی کے مطابق **صحیح مسلم** کی احادیث کی تعداد3033بنتی ہے۔اس ترقیم میں بعض اوقات دو احادیث یا تین احادیث کے مضمون کو اکٹھا کر دیا گیا ہے۔

یہ مدنظر رہے کہ **صحیح مسلم** کے ابواب حضرت امام مسلمؒ کے تجویز کردہ نہیں ہیں جیسا کہ **صحیح مسلم** کے مشہور شارح حضرت امام نوویؒ کہتے ہیں:

''ان ابواب کا عنوان امام مسلم کا تجویز کردہ نہیں ہے۔بلکہ بعد کے لوگوں نے یہ عناوین مقرر کئے ہیں۔''

(المنہاج شرح مسلم صفحہ 23،24دار ابن حزم مطبع بیروت ایڈیشن 2002)

ترجمہ کرنا اور خصوصًا مذہبی کتب کا ترجمہ کرنا آسان کام نہیں۔کیونکہ مذہبی کتب کے ترجمہ میں جہاں متن

سے وفاداری کا خیال رکھنا پڑتا ہے وہاں عربی متن کا ایسا لفظی ترجمہ بھی درست نہیں ہوگا جو اصل مفہوم سے دور لے جائے۔ بڑی محنت اور جانفشانی سے ان باتوں کو مدنظر رکھ کر ترجمہ کیا جارہا ہے۔

اس وقت صحیح مسلم کے ترجمہ کا کام جاری ہے۔جس کی ساتویں جلد کتاب النکاح، کتاب الرضاع، کتاب الطلاق، کتاب اللعان اور کتاب العتق پر مشتمل ہے۔

صحیح مسلم جلد ہفتم میں ابواب کی ترقیم دار الکتاب العربی بیروت الطبعة الاولٰی کے مطابق ہے۔ باب کے ساتھ 2 نمبرز ہیں۔ بریکٹ والا نمبر ''المعجم المفهرس'' کے مطابق ہے۔ بریکٹ سے باہر والا نمبر 'تحفة الاشراف للمزی'' کے مطابق ہے۔

اسی طرح ہر حدیث کے 3 نمبرز ہیں بریکٹ والا نمبر ''المعجم المفهرس للاحاديث'' کے مطابق ہے اور بریکٹ سے باہر والا نمبر نور فاؤنڈیشن کی قائم کردہ ترقیم کے مطابق ہے۔ اور یہ نمبر مسلسل رہے گا۔ مثلاً جلد اول حدیث نمبر 1 سے 319 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد دوم حدیث نمبر 320 سے 799 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد سوم حدیث نمبر 800 سے 1384 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد چہارم حدیث نمبر 1385 سے 1778 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد پنجم حدیث نمبر 1779 سے 1997 تک کی احادیث پر مشتمل تھی۔ جلد ششم حدیث نمبر 1998 سے 2470 تک کی احادیث پر مشتمل تھی اور ساتویں جلد 2471 سے 2765 تک کی احادیث پر مشتمل ہے جبکہ آٹھویں جلد انشاءاللہ 2766 سے شروع ہوگی۔ ہر حدیث کے آخر پر جو نمبر دیا گیا ہے وہ صحیح مسلم مطبوعه دار الکتاب العربی بیروت کے مطابق ہے۔

جلد نمبر 7 میں موجود ہر حدیث کی اطراف اور تخریج حاشیہ میں درج کی گئی ہے۔ اطراف سے مراد یہ ہے کہ کوئی حدیث جو مسلم میں موجود ہے وہ مسلم میں اور کہاں کہاں آتی ہے۔ اسی طرح تخریج سے مراد یہ ہے کہ مسلم کے علاوہ وہ حدیث باقی صحاح میں کہاں کہاں موجود ہے۔ ان احادیث کی اطراف اور تخریج کے ساتھ اس بات کی بھی وضاحت کر دی گئی ہے کہ کسی کتاب کی اندرونی تقسیم میں وہ حدیث کس عنوان یا کتاب کے تحت آرہی ہے۔ مثلاً

مسلم جلد 7 کتاب النکاح کی روایت نمبر 2471 کے مضمون کی ایک اور روایت مسلم کی

ہی کتاب کے کتاب النکاح میں روایت نمبر2472 باب استحباب النکاح لمن تاقت نفسه الیه ... میں بھی موجود ہے۔جس کا ذکر اطراف میں کر دیا گیا ہے۔اسی طرح مسلم کتاب النکاح کی حدیث نمبر 2471 بخاری میں کتاب الصوم روایت نمبر1905 باب الصوم لمن خاف علی نفسه العزبة اور کتاب النکاح روایت نمبر 5065 باب قول النبی ﷺ من استطاع منکم الباءة فلیتزوج ... میں موجود ہے۔جن کا ذکر تخریج میں کر دیا گیا ہے۔

مسلم کی احادیث کی اطراف کے لئے نور فاؤنڈیشن کے تجویز کردہ سیریل نمبر کو اختیار کیا گیا ہے اور مسلم کی احادیث کی تخریج کے لئے بخاری کی ترقیم فتح الباری کو اختیار کیا گیا ہے۔ ترمذی کی احادیث کے نمبر احمد شاکر کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ابو داؤد کی احادیث کے نمبر محی الدین کی ترقیم کے مطابق ہیں۔ نسائی کی احادیث کے نمبر ابو غدة کی ترقیم کے مطابق ہیں۔سنن ابن ماجه کی احادیث کے نمبر عبدالباقی کی ترقیم کے مطابق ہیں۔

مترجمین

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرس

مضامین کا تفصیلی انڈیکس کتاب کے آخر پر ملاحظہ فرمائیں

عناوین		صفحہ نمبر

کتاب النکاح

باب استحباب النكاح لمن تاقت نفسه اليه ووجد مؤنهٗ واشتغال من عجز...	نکاح کا اس کے لئے مستحب ہونا جو شادی کرنے کی طاقت رکھتا ہو	1
باب ندب من رای امراةفوقعت في نفسه الى ان ياتى امراته او جاريته فيواقعها	اس بات کا مستحب ہونا کہ کوئی شخص کسی عورت کو دیکھے اور اس کے دل میں یہ خیال آجائے کہ وہ اپنی بیوی یا اپنی لونڈی کے پاس جائے اور اس سے ازدواجی تعلقات قائم کرے	6
باب نكاح المتعة وبيان انه ابيح ثم نسخ ثم ابيح ثم نسخ واستقر تحريمه الى يوم القيٰمة	نکاح متعہ کا بیان اور یہ کہ وہ جائز کیا گیا پھر منسوخ کیا گیا پھر جائز کیا گیا پھر منسوخ کیا گیا اور قیامت تک اس کی حرمت باقی رکھی گئی	7
باب تحريم الجمع بين المرأة وعمتها او خالتها فى النكاح	کسی عورت اور اس کی پھوپھی یا اس کی خالہ کو نکاح میں اکٹھا کرنے کے حرام ہونے کا بیان	21
باب تحريم نكاح المحروم وكراهة خطبته	احرام باندھنے والے کے نکاح کی ممانعت کا بیان اور اس کے پیغامِ نکاح کی ناپسندیدگی	25
باب تحريم الخطبة على خطبة اخيه حتى ياذن او يترك	اپنے بھائی کے پیغامِ نکاح پر پیغامِ نکاح بھیجنے کی ممانعت کا بیان یہاں تک کہ وہ اجازت دے یا چھوڑ دے	30
باب تحريم نكاح الشغار وبطلانه	نکاحِ شِغار کی ممانعت اور اس کے باطل ہونے کا بیان	35
باب الوفاء بالشروط فى النكاح	نکاح کی شرائط کو پورا کرانے کا بیان	37
باب استئذان الثيب فى النكاح بالنطق والبكر بالسكوت	نکاح میں بیوہ کی اجازت کلام سے اور کنواری کی سکوت سے ہونے کا بیان	38

باب تزویج الاب البکر الصغیرة	باپ کا چھوٹی بچی کے نکاح کرنے کا بیان	41
باب استحباب التزوج والتزویج فی شوال واستحباب الدخول فیه	شوال میں شادی کرنے اور شادی کرتے ہی رخصتی کی پسندیدگی کا بیان	44
باب ندب النظر الی وجه المرأة وکفیه لمن یرید تزوجها	عورت کے چہرے اور اس کے ہاتھوں کو دیکھنے کا مستحب ہونا اس شخص کے لئے جو اس سے شادی کرنا چاہے	45
باب الصداق وجواز کونه تعلیم قرآن وخاتم حدید وغیر ذالک...	حق مہر کا بیان اور اس بات کا جواز کہ وہ قرآن کی تعلیم اور لوہے کی انگوٹھی وغیرہ (کچھ بھی) کم وبیش ہوسکتی ہے اور اس کے پانچ سو درہم ہونے کا استحباب اس شخص کے لئے جو اسے مفلس نہ کردے	46
باب فضیلة اعتاقه امته ثم یتزوجها	اس بات کی فضیلت کا بیان کہ اپنی لونڈی کو آزاد کرے پھر اس سے شادی کرے	52
باب زواج زینب بنت جحش ونزول الحجاب واثبات ولیمة العرس	حضرت زینبؓ بنت جحش کی شادی اور پردے کے (حکم کا) نزول اور شادی کے ولیمہ کرنے کا بیان	62
باب الامر باجابة الداعی الی دعوة	دعوت دینے والے کے بلانے پر دعوت قبول کرنے کا حکم	72
باب لا تحل المطلقة ثلاثا لمطلقها حت تنکح زوجا غیره ویطاها ثم یفارقها وتنقضی عدتها	جس عورت کو تین دفعہ طلاق دی گئی ہو وہ اس کے طلاق دینے والے کے لئے جائز نہیں ہوسکتی یہاںتک کہ اس کے علاوہ کسی اور خاوند سے نکاح کرے اور وہ اس سے تعلق قائم کرے پھر وہ اسے چھوڑ دے اور وہ اپنی عدت پوری کرلے	79
باب ما یستحب ان یقوله عند الجماع	ازدواجی تعلقات کے وقت کیا کہنا مستحب ہے	83
باب جواز جماعه امراته فی قبلها من قدامها ومن ورائها ن من غیر تعرض للدبر	اپنی بیوی سے ... ازدواجی تعلقات ... کا جواز	84
باب تحریم امتناعها من فراش زوجها	اپنے خاوند کے بستر سے اجتناب کی ممانعت کا بیان	86
باب تحریم افشاء سر المرأة	بیوی کے راز کو افشاء کرنے کی ممانعت کا بیان	87
باب حکم العزل	عزل کے مسئلہ کا بیان	88

باب تحريم وطء الحامل المسبة	حاملہ لونڈی سے تعلق کی ممانعت کا بیان	97
باب جواز الغيلةوهي وطء المرضع وكراهة العزل	غیلہ کے جائز ہونے کا بیان اور اس سے مراد دودھ پلانے والی عورت سے ازدواجی تعلقات اور عزل کی ناپسندیدگی	97

كتاب الرضاع

باب يحرم من الرضاعة ما يحرم من الولادة	جو (رشتے) ولادت سے حرام ہیں وہ رضاعت سے (بھی) حرام ہیں	101
باب تحريم الرضاعة من ماء الفحل	رضاعت کی وجہ سے رضاعی باپ کی حرمت	102
باب تحريم ابنة الاخ من الرضاعة	رضاعت کی وجہ سے رضاعی بھائی کی بیٹی کی حرمت	107
باب تحريم الربيبةواخت امرأة	ربیبہ (پچھلگ) اور بیوی کی بہن کی حرمت کا بیان	110
باب فى المصة والمصتان	ایک دفعہ یا دو دفعہ دودھ چوسنے کا بیان	112
باب التحريم بخمس رضعات	حرمت پانچ دفعہ دودھ سے قائم ہوتی ہے	115
باب رضاعة الكبير	بڑی عمر کے شخص کو دودھ پلانے کا بیان	116
باب انما الرضاعة من المجاعة	رضاعت صرف بھوک سے متعلق ہے (یعنی بچے کی دودھ پینے کی عمر میں)	121
باب جواز وطء المسيبة بعد الاستبراء وان كان لها زوج انفسخ نكاحها بالسبى	لونڈی سے استبراء رحم کے بعد تعلقات قائم کرنے کا جواز، اگر اس کا خاوند ہے بھی تو اس سے اس کا نکاح قیدی ہونے کی وجہ سے فسخ ہو جاتا ہے	122
باب الولد للفراش وتوقى الشبهات	بچہ بستر والے (مالک/خاوند) کا ہے اور شبہات سے بچنا	124
باب العمل بالحاق القائف الولد	قیافہ شناس کے کسی بچے کو کسی سے منسوب کرنے کے عمل پر اعتبار کا بیان	126
باب قدر ما تستحقه البكر والثيب من اقامة الزوج عنها عقب الزفاف	کنواری اور بیوہ شادی کے بعد خاوند کے پاس کتنے قیام کی مستحق ہے	128

باب القسم بين الزوجات	بیویوں کے درمیان دنوں کی تقسیم اور سنت یہ ہے کہ ہر ایک کے لئے رات مع اس کے دن کے ہو	131
باب جواز هبتها نوبتها لضرتها	اپنی سوت کو اپنی باری ہبہ کرنے کے جواز کا بیان	132
باب استحباب نكاح ذات الدين	دین دار عورت سے نکاح کی پسندیدگی کا بیان	135
باب استحباب نكاح البكر	کنواری سے نکاح کی پسندیدگی کا بیان	137
باب خير متاع الدنيا المرأة الصالحة	دنیا کی متاع میں سے بہترین نیک عورت ہے	143
باب الوصية بالنساء	عورتوں کے بارہ میں وصیت	143
باب لو لا حواء لم تخن انثى زوجها الدهر	اگر حوا نہ ہوتی تو کبھی کوئی بیوی اپنے خاوند سے خیانت نہ کرتی	146

كتاب الطلاق

باب تحريم طلاق الحائض بغير رضاها وانه لو خالف وقع الطلاق ويؤمر برجعتها	حائضہ کو رضامندی کے بغیر طلاق دینے کی ممانعت اور اگر (مرد) اس کی خلاف ورزی کرے تو طلاق واقع ہو جائے گی مگر اس کو رجوع کا حکم دیا جائے گا	147
باب طلاق الثلاث	تین طلاقوں کا بیان	161
باب وجوب الكفارة على من حرم امرأته ولم ينو الطلاق	اس شخص پر کفارہ واجب ہونا جو اپنی بیوی کو حرام ٹھہراتا ہے مگر طلاق کی نیت نہیں رکھتا	162
باب بيان ان تخيير امرأته لا يكون طلاقا الا بالنية	اس بات کا بیان کہ اپنی بیوی کو اختیار دینا طلاق نہیں ہوتا سوائے اس کے کہ (طلاق کی) نیت ہو	166
باب في الايلاء واعتزال النساء وتخييرهن وقوله تعالىٰ وان تظاهرا	ایلاء اور عورتوں سے علیحدگی اور ان کو اختیار دینے اور اللہ تعالیٰ کے قول اگر وہ دونوں آپؐ کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کریں کے بارہ میں	173
باب المطلقة ثلاثا	جس کو تین طلاقیں مل چکی ہوں اس کے لئے نفقہ نہیں ہے	189

باب جواز خروج المعتدة البائن والمتوفی عنها زوجها فی النهار لحاجتها	طلاقِ بائن کی عدت گزارنے والی اور وہ جس کا خاوند وفات پاجائے اس کا دن کو اپنے کام کے لئے نکلنے کا جواز	206
باب انقضاء عدة المتوفی عنها زوجها وغیرها	وضعِ حمل کے ساتھ ہی بیوہ وغیرہ کی عدت پوری ہو جاتی ہے	207
باب الاحداد فی عدة الوفاة وتحریمه فی غیر ذلک الا ثلاثة ایام	وفات کی عدّت میں سوگ کا واجب ہونا اور اس کے علاوہ سوگ تین دن سے زیادہ حرام ہے	209

كتاب اللعان

كتاب اللعان	لعان کے بارہ میں کتاب	220

كتاب العتق

كتاب العتق	(غلاموں کی) آزادی کے بارہ میں کتاب	238
باب ذکر سعاية العبد	غلام کی (اپنی آزادی کے لئے) کوشش کا ذکر	239
انما الولاء لمن اعتق	ولاء اس کے لئے ہے جو آزاد کرے	241
باب النهی عن بیع الولاء وهبته	ولاء بیچنے اور اسے ہبہ کرنے کی ممانعت	252
باب تحریم تولی العتیق غیر موالیه	آزاد کردہ کا اپنے آزاد کرنے والوں کے علاوہ کسی اور کی طرف منسوب کرنا حرام ہے	253
باب فضل العتق	(غلام) آزاد کرنے کی فضیلت کا بیان	255
باب فضل عتق الوالد	(غلام) والد کو آزاد کرنے کی فضیلت	257

بسم اللہ الرحمن الرحیم

كِتَابُ النِّكَاحِ

نکاح کے بارہ میں کتاب

[1]1: بَاب: اسْتِحْبَابُ النِّكَاحِ لِمَنْ تَاقَتْ نَفْسُهُ إِلَيْهِ وَوَجَدَ مُؤَنَهُ وَاشْتِغَالُ مَنْ عَجَزَ عَنِ الْمُؤَنِ بِالصَّوْمِ

باب: نکاح کا اس شخص کے لئے مستحب ہونا جو شادی کرنا چاہتا ہو اور اس کے اخراجات کا متحمل ہو سکے اور جو اخراجات سے عاجز ہو اس کا روزے رکھنا

2471{1} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ الْهَمْدَانِيُّ جَمِيعًا عَنْ أَبِي مُعَاوِيَةَ وَاللَّفْظُ لِيَحْيَى أَخْبَرَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ كُنْتُ أَمْشِي مَعَ عَبْدِ اللَّهِ بِمِنًى فَلَقِيَهُ عُثْمَانُ فَقَامَ مَعَهُ يُحَدِّثُهُ فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَلَا نُزَوِّجُكَ جَارِيَةً شَابَّةً لَعَلَّهَا تُذَكِّرُكَ

2471: علقمہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں حضرت عبداللہؓ کے ساتھ منٰی میں چل رہا تھا تو اُن سے حضرت عثمانؓ ملے اور ان کے ساتھ کھڑے ہو کر ان سے باتیں کرنے لگے۔ حضرت عثمانؓ نے ان سے کہا اے ابوعبدالرحمان! کیا ہم آپ کی شادی ایک نوجوان لڑکی سے نہ کرادیں شاید کہ وہ تمہیں تمہارا گزرا ہوا کچھ زمانہ یاد کرا دے۔ راوی کہتے ہیں حضرت عبداللہؓ نے کہا اگر آپ یہ کہتے ہیں تو

2471 : اطراف : مسلم کتاب النکاح باب استحباب النکاح لمن تاقت نفسه اليه...2472

تخریج : بخاری کتاب الصوم باب الصوم لمن خاف على نفسه العزبة 1905 کتاب النکاح باب قول النبی ﷺ من استطاع منكم الباءة فليتزوج ...5065 باب من لم يستطع الباءة فليصم 5066 **ترمذی** کتاب النکاح باب ماجاء فی فضل التزويج والحث عليه 1081 **نسائی** کتاب الصيام باب ذكر الاختلاف على محمد بن ابی یعقوب فی حدیث ابی امامة فی فضل الصائم 2239، 2240، 2241، 2242، 2243 کتاب النکاح الحث على النكاح 3206، 3207، 3208، 3209، 3210، 3211 **ابوداود** کتاب النکاح باب التحريض على النكاح 2046 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب ماجاء فی فضل النکاح 1845، 1846

بَعْضَ مَا مَضَى مِنْ زَمَانِكَ قَالَ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ لَئِنْ قُلْتَ ذَاكَ لَقَدْ قَالَ لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ فَإِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ

{2}حَدَّثَنَاعُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ إِنِّي لَأَمْشِي مَعَ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ بِمِنًى إِذْ لَقِيَهُ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ فَقَالَ هَلُمَّ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ قَالَ فَاسْتَخْلَاهُ فَلَمَّا رَأَى عَبْدُ اللَّهِ أَنْ لَيْسَتْ لَهُ حَاجَةٌ قَالَ قَالَ لِي تَعَالَ يَا عَلْقَمَةُ قَالَ فَجِئْتُ فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ أَلَا نُزَوِّجُكَ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمَنِ جَارِيَةً بِكْرًا لَعَلَّهُ يَرْجِعُ إِلَيْكَ مِنْ نَفْسِكَ مَا كُنْتَ تَعْهَدُ فَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ لَئِنْ قُلْتَ ذَاكَ فَذَكَرَ بِمِثْلِ حَدِيثِ أَبِي مُعَاوِيَةَ [3399,3398]

2472{3}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ

رسول اللہ ﷺ نے ہمیں فرمایا تھا اے نوجوانوں کے گروہ! جو تم میں سے شادی کی طاقت رکھتا ہے اسے چاہیے کہ وہ شادی کرے کیونکہ یہ غضِ بصر کا باعث اور عصمت کی خوب حفاظت کرنے والی ہے۔ اور جسے طاقت نہ ہو تو وہ روزے رکھے کیونکہ یہ اس کے ضبطِ نفس کا ذریعہ ہے۔

علقمہ سے روایت ہے کہ میں حضرت عبداللہؓ بن مسعود کے ساتھ منٰی میں چل رہا تھا۔ جب انہیں حضرت عثمانؓ بن عفان ملے اور کہا اے ابوعبدالرحمان! اِدھر آئیں۔ راوی کہتے ہیں پھر انہوں نے ان سے علیحدگی میں بات کی۔ جب حضرت عبداللہؓ نے دیکھا کہ انہیں اور کچھ نہیں کہنا۔ وہ (علقمہ) کہتے ہیں تو انہوں نے مجھ سے کہا اے علقمہ آؤ۔ وہ کہتے ہیں میں گیا تو حضرت عثمانؓ نے انہیں کہا اے ابوعبدالرحمان! کیا ہم آپ کی شادی کنواری لڑکی سے نہ کر دیں شاید آپ کے لئے جو آپ دیکھ چکے ہیں وہ واپس آجائے۔ حضرت عبداللہؓ نے کہا اگر آپ یہ کہتے ہیں... باقی روایت ابومعاویہ جیسی ہے۔

2472: حضرت عبداللہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں ہمیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اے نوجوانوں

2472 : اطراف : مسلم كتاب النكاح باب استحباب النكاح لمن تاقت نفسه اليه... 2471

تخريج : بخارى كتاب الصوم باب الصوم لمن خاف على نفسه العزبة 1905 كتاب النكاح باب قول النبى ﷺ من استطاع منكم الباءة فليتزوج ...5065 باب من لم يستطع الباءة فليصم 5066 **ترمذى** كتاب النكاح باب ماجاء فى فضل التزويج والحث عليه 1081 **نسائى** كتاب الصيام باب ذكر الاختلاف على محمد بن ابى يعقوب فى حديث ابى امامة فى فضل الصائم 2239 ، 2240 ، 2241 ، 2242 ، 2243 كتاب النكاح الحث على النكاح 3206 ، 3207 ، 3208 ، 3209 ، 3210 ، 3211 **ابو داود** كتاب النكاح باب التحريض على النكاح 2046 **ابن ماجه** كتاب النكاح باب ماجاء فى فضل النكاح 1845 ، 1846

الْأَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَاءَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ فَإِنَّهُ أَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَأَحْصَنُ لِلْفَرْجِ وَمَنْ لَمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ فَإِنَّهُ لَهُ وِجَاءٌ {4} حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ دَخَلْتُ أَنَا وَعَمِّي عَلْقَمَةُ وَالْأَسْوَدُ عَلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ وَأَنَا شَابٌّ يَوْمَئِذٍ فَذَكَرَ حَدِيثًا رُئِيتُ أَنَّهُ حَدَّثَ بِهِ مِنْ أَجْلِي قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ أَبِي مُعَاوِيَةَ وَزَادَ قَالَ فَلَمْ أَلْبَثْ حَتَّى تَزَوَّجْتُ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ الْأَشَجُّ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ دَخَلْنَا عَلَيْهِ وَأَنَا أَحْدَثُ الْقَوْمِ بِمِثْلِ حَدِيثِهِمْ وَلَمْ يَذْكُرْ فَلَمْ أَلْبَثْ حَتَّى تَزَوَّجْتُ [3402,3401,3400]

کے گروہ! جو تم میں سے شادی کی طاقت رکھتا ہو تو اس کو چاہئے کہ شادی کرے کیونکہ وہ غضِ بصر کا ذریعہ اور عصمت کی حفاظت کرنے والی ہے اور جسے اس کی طاقت نہ ہو تو وہ روزے رکھے کیونکہ یہ اس کے ضبطِ نفس کا ذریعہ ہے۔

ایک اور روایت عبدالرحمان بن یزید سے مروی ہے وہ کہتے ہیں میں اور میرے چچا علقمہ اور اسود حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے پاس گئے۔ راوی کہتے ہیں میں ان دنوں جوان تھا۔ پھر انہوں نے ایک حدیث کا ذکر کیا۔ میرا خیال ہے کہ انہوں نے وہ حدیث میری وجہ سے بیان کی۔ باقی روایت پہلی روایت کی طرح ہے مگر اس میں یہ اضافہ ہے کہ اس کے تھوڑے عرصہ بعد میں نے شادی کر لی ایک اور روایت میں فَلَمْ أَلْبَثْ حَتَّى تَزَوَّجْتُ کے الفاظ نہیں ہیں۔

2473{5} و حَدَّثَنِي أَبُو بَكْرِ بْنُ نَافِعٍ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنَا بَهْزٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ

2473: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ کے صحابہؓ میں سے بعض لوگوں نے نبی ﷺ کی

2473: تخریج : بخاری کتاب النکاح باب الترغیب فی النکاح 5063 نسائی کتاب النکاح باب النھی عن التبتل 3217

عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ نَفَرًا مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَأَلُوا أَزْوَاجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَمَلِهِ فِي السِّرِّ فَقَالَ بَعْضُهُمْ لَا أَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَا آكُلُ اللَّحْمَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ لَا أَنَامُ عَلَى فِرَاشٍ فَحَمِدَ اللَّهَ وَأَثْنَى عَلَيْهِ فَقَالَ مَا بَالُ أَقْوَامٍ قَالُوا كَذَا وَكَذَا لَكِنِّي أُصَلِّي وَأَنَامُ وَأَصُومُ وَأُفْطِرُ وَأَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي [3403]

ازواج مطہرات سے آپؐ کے ان کاموں کے بارہ میں پوچھا جو آپؐ تنہائی میں کرتے تھے۔ اس کے بعد ان (پوچھنے والوں) میں سے ایک نے کہا میں کبھی عورتوں سے شادی نہیں کروں گا اور دوسرے نے کہا میں کبھی گوشت نہیں کھاؤں گا اور تیسرے نے کہا میں بستر پر نہیں سوؤں گا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کی اور فرمایا لوگوں کو کیا ہو گیا ہے کہ جو اس اس طرح کہتے ہیں؟ میں تو نماز (بھی) پڑھتا ہوں اور سوتا (بھی) ہوں اور روزہ رکھتا ہوں اور روزہ چھوڑتا (بھی) ہوں اور میں عورتوں سے شادی (بھی) کرتا ہوں۔ پس جو میری سنّت سے بے رغبتی کرتا ہے وہ مجھ سے نہیں۔

2474{6} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ ح و حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَاللَّفْظُ لَهُ أَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَعْدِ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ قَالَ رَدَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ التَّبَتُّلَ وَلَوْ أَذِنَ لَهُ لَاخْتَصَيْنَا [3404]

2474: حضرت سعد بن ابی وقاصؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے حضرت عثمانؓ بن مظعون کے تبتّل (دنیا سے انقطاع کی درخواست) کو رد کر دیا تھا۔ اگر آپؐ ان کو اجازت دے دیتے تو ہم ضرور رہبانیت اختیار کر لیتے۔

2474: اطراف: **مسلم** كتاب النكاح باب استحباب النكاح لمن تاقت نفسه اليه...2475، 2476

تخريج: **بخاری** كتاب النكاح باب مايكره من التبتل والخصاء 5073، 5074، 5075 **ابن ماجه** كتاب النكاح باب النهى عن التبتل 1848، 1849 **نسائی** كتاب النكاح النهى عن التبتل 3212، 3213، 3214 **ترمذی** كتاب النكاح باب ماجاء فى النهى عن التبتل 1082، 1083

2475{7} وحَدَّثَنِي أَبُو عِمْرَانَ مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ زِيَادٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدًا يَقُولُ رُدَّ عَلَى عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُونٍ التَّبَتُّلُ وَلَوْ أُذِنَ لَهُ لَاخْتَصَيْنَا [3405]

2475: سعید بن مسیّب سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت سعدؓ سے سنا۔ وہ کہتے تھے حضرت عثمانؓ بن مظعون کی تبتّل (دنیا سے انقطاع کی درخواست) کو رد کر دیا گیا تھا۔ اگر انہیں اجازت دی جاتی تو ہم ضرور رہبانیت اختیار کر لیتے۔

2476{8} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا حُجَيْنُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ عُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّهُ قَالَ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ أَنَّهُ سَمِعَ سَعْدَ بْنَ أَبِي وَقَّاصٍ يَقُولُ أَرَادَ عُثْمَانُ بْنُ مَظْعُونٍ أَنْ يَتَبَتَّلَ فَنَهَاهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَوْ أَجَازَ لَهُ ذَلِكَ لَاخْتَصَيْنَا [3406]

2476: سعید بن مسیّب بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت سعد بن ابی وقاصؓ کو کہتے ہوئے سنا۔ وہ کہتے تھے کہ حضرت عثمان بن مظعونؓ نے ترکِ دنیا کا فیصلہ کیا تو رسول اللہ ﷺ نے انہیں منع فرما دیا۔ اگر آپؐ ان کو اجازت دے دیتے تو ہم سب رہبانیت اختیار کر لیتے۔

2475: اطراف :مسلم کتاب النکاح باب استحباب النکاح لمن تاقت نفسه اليه...2474 ، 2476

تخریج : بخاری کتاب النکاح باب مایکره من التبتل والخصاء 5073 ، 5074، 5075 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب النهی عن التبتل 1848، 1849 **نسائی** کتاب النکاح النهی عن التبتل 3212 ، 3213 ، 3214 **ترمذی** کتاب النکاح باب ماجاء فی النهی عن التبتل 1082، 1083

2476 : اطراف : مسلم کتاب النکاح باب استحباب النکاح لمن تاقت نفسه اليه...2474 ، 2475

تخریج : بخاری کتاب النکاح باب مایکره من التبتل والخصاء 5073 ، 5074، 5075 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب النهی عن التبتل 1848، 1849 **نسائی** کتاب النکاح النهی عن التبتل 3212 ، 3213 ، 3214 **ترمذی** کتاب النکاح باب ماجاء فی النهی عن التبتل 1082، 1083

[2]2:بَاب: نَدْبُ مَنْ رَأَى امْرَأَةً فَوَقَعَتْ فِي نَفْسِهِ إِلَى أَنْ يَأْتِيَ امْرَأَتَهُ أَوْ جَارِيَتَهُ فَيُوَاقِعَهَا

اس بات کامستحب ہونا کہ کوئی شخص کسی عورت کو دیکھے اور اس کے دل میں یہ خیال آ جائے کہ وہ اپنی بیوی یا اپنی لونڈی کے پاس جائے اور اس سے ازدواجی تعلقات قائم کرے

2477{9} حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ أَبِي عَبْدِ اللَّهِ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى امْرَأَةً فَأَتَى امْرَأَتَهُ زَيْنَبَ وَهِيَ تَمْعَسُ مَنِيئَةً لَهَا فَقَضَى حَاجَتَهُ ثُمَّ خَرَجَ إِلَى أَصْحَابِهِ فَقَالَ إِنَّ الْمَرْأَةَ تُقْبِلُ فِي صُورَةِ شَيْطَانٍ وَتُدْبِرُ فِي صُورَةِ شَيْطَانٍ فَإِذَا أَبْصَرَ أَحَدُكُمْ امْرَأَةً فَلْيَأْتِ أَهْلَهُ فَإِنَّ ذَلِكَ يَرُدُّ مَا فِي نَفْسِهِ حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ أَبِي الْعَالِيَةِ حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى امْرَأَةً فَذَكَرَ بِمِثْلِهِ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فَأَتَى امْرَأَتَهُ

2477: حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک عورت کو دیکھا۔ آپؐ اپنی بیوی حضرت زینبؓ کے پاس آئے اور وہ اپنے چمڑے کو مل رہی تھیں۔ آپؐ نے اپنی ضرورت پوری کی۔ پھر اپنے صحابہؓ کے پاس آئے اور فرمایا یقیناً عورت بہکانے والے کی صورت میں آتی ہے اور بہکانے والے کی صورت میں واپس جاتی ہے۔ اس لئے جب تم میں سے کوئی کسی عورت کو دیکھے تو وہ اپنی بیوی کے پاس آئے۔ یہ بات اس چیز کو زائل کر دے گی جو اس کے دل میں ہے۔

ایک اور روایت میں (عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ کی بجائے) عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ اَنَّ النَّبِيَّ ﷺ کے الفاظ ہیں اور اس روایت میں تُدْبِرُ فِيْ صُوْرَةِ شَيْطَانٍ کے الفاظ نہیں ہیں۔

2477 :اطراف: مسلم كتاب النكاح باب ندب من رأى امرأة فوقعت فى نفسه...2478

تخريج:ابوداود كتاب النكاح باب مايؤمر به من غض البصر 2150 **ترمذى** كتاب الرضاع باب ماجاء فى الرجل يرى المرأة تعجبه 1158

زَيْنَبَ وَهِيَ تَمْعَسُ مَنِيئَةً وَلَمْ يَذْكُرْ تُدْبِرُ فِي صُورَةِ شَيْطَانٍ [3408,3407]

2478 {10} و حَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ قَالَ قَالَ جَابِرٌ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِذَا أَحَدُكُمْ أَعْجَبَتْهُ الْمَرْأَةُ فَوَقَعَتْ فِي قَلْبِهِ فَلْيَعْمِدْ إِلَى امْرَأَتِهِ فَلْيُوَاقِعْهَا فَإِنَّ ذَلِكَ يَرُدُّ مَا فِي نَفْسِهِ [3409]

2478: ابوزبیر سے روایت ہے وہ کہتے ہیں حضرت جابرؓ نے کہا میں نے نبی ﷺ کو فرماتے سنا۔ جب تم میں سے کسی کو کوئی عورت اچھی لگے اور اس کے دل میں کوئی خیال پیدا ہو تو وہ اپنی بیوی کے پاس آئے اور اس سے تعلق قائم کرے تو یہ بات اس چیز کو زائل کردے گی جو اس کے دل میں ہے۔

[3] 3: بَاب نِكَاحِ الْمُتْعَةِ وَبَيَانِ أَنَّهُ أُبِيحَ ثُمَّ نُسِخَ ثُمَّ أُبِيحَ ثُمَّ نُسِخَ وَاسْتَقَرَّ تَحْرِيمُهُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

نکاح متعہ کا بیان اور یہ کہ وہ جائز کیا گیا پھر منسوخ کیا گیا پھر جائز کیا گیا پھر منسوخ کیا گیا اور قیامت تک اس کی حرمت باقی رکھی گئی

2479 {11} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا أَبِي وَوَكِيعٌ وَابْنُ بِشْرٍ عَنْ إِسْمَعِيلَ عَنْ قَيْسٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ يَقُولُ كُنَّا نَغْزُو مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ لَنَا نِسَاءٌ فَقُلْنَا

2479: قیس سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت عبداللہؓ کو کہتے سنا ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ایک غزوہ میں تھے۔ ہمارے ساتھ عورتیں نہ تھیں۔ ہم نے کہا کیا ہم مردانہ قوّت ختم نہ کرلیں۔ آپؐ نے ہمیں اس سے منع فرمایا۔ پھر ہمیں اجازت

2478: اطراف: مسلم کتاب النکاح باب ندب من رأى امرأة فوقعت فى نفسه...2477

تخریج : ابوداود کتاب النکاح باب مایؤمر به من غض البصر 2150 **ترمذی** کتاب الرضاع باب ماجاء فى الرجل یرى المرأة تعجبه 1158

2479: تخریج بخاری کتاب التفسیر باب قوله تعالى یاایها الذین آمنوا لا تحرموا طیبات ما احل الله لکم4615 باب التزویج المعسر الذى معه القرآن والاسلام 5071 باب مایکره من التبتل والخصاء5057

أَلَا نَسْتَخْصِي فَنَهَانَا عَنْ ذَلِكَ ثُمَّ رَخَّصَ لَنَا أَنْ نَنْكِحَ الْمَرْأَةَ بِالثَّوْبِ إِلَى أَجَلٍ ثُمَّ قَرَأَ عَبْدُ اللَّهِ يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُحَرِّمُوا طَيِّبَاتِ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكُمْ وَلَا تَعْتَدُوا إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ و حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ وَقَالَ ثُمَّ قَرَأَ عَلَيْنَا هَذِهِ الْآيَةَ وَلَمْ يَقُلْ قَرَأَ عَبْدُ اللَّهِ {12}و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ عَنْ إِسْمَعِيلَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ قَالَ كُنَّا وَنَحْنُ شَبَابٌ فَقُلْنَا يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلَا نَسْتَخْصِي وَلَمْ يَقُلْ نَغْزُو [3412,3411,3410]

دی کہ ہم کسی عورت سے ایک کپڑے کے عوض ایک مقررہ مدت تک نکاح کر لیں۔ پھر حضرت عبداللہؓ نے یہ آیت پڑھی یَاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تُحَرِّمُوْا طَیِّبٰتِ مَآ اَحَلَّ اللّٰہُ لَکُمْ: اے وہ لوگو! جو ایمان لائے ہو! اُن پاکیزہ چیزوں کو جو اللہ نے تمہارے لئے حلال کردی ہیں حرام نہ ٹھہرایا کرو اور حد سے تجاوز نہ کرو، یقیناً اللہ حد سے تجاوز کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا☆۔

ایک اور روایت میں (قَرَأَ عَبْدُ اللّٰہِ کی بجائے) قَرَأَ عَلَیْنَا ھٰذِہِ الْاٰیَةَ کے الفاظ ہیں۔ ایک اور روایت میں ہے کہ ہم جوان تھے اور ہم نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! کیا ہم مردانہ قوت ختم نہ کر دیں مگر اس روایت میں نَغْزُوْ کا ذکر نہیں۔

2480{13} وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ بْنَ مُحَمَّدٍ يُحَدِّثُ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ وَسَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ قَالَا خَرَجَ عَلَيْنَا مُنَادِي رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ أَذِنَ لَكُمْ أَنْ تَسْتَمْتِعُوا يَعْنِي مُتْعَةَ النِّسَاءِ [3413]

2480: حضرت جابر بن عبداللہؓ اور سلمہ بن اکوعؓ سے روایت ہے وہ دونوں بیان کرتے ہیں کہ ہمارے پاس رسول اللہ ﷺ کا منادی آیا اور اس نے کہا بے شک رسول اللہ ﷺ نے تمہیں اجازت دی ہے کہ تم فائدہ اٹھا لو یعنی عورتوں سے متعہ کی۔

☆(سورۃ المائدہ: 88)

2480: اطراف: مسلم کتاب النکاح باب ندب من رأی امرأة فوقعت فی نفسه ...2482 ، 2482 ، 2483 ، 2484 ، 2485

تخریج: بخاری کتاب النکاح باب نھی النبی ﷺ "النکاح المتعة أخیرًا" 5117 ، 5118 ، 5119

2481{14} و حَدَّثَنِي أُمَيَّةُ بْنُ بِسْطَامَ الْعَيْشِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ يَعْنِي ابْنَ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا رَوْحٌ يَعْنِي ابْنَ الْقَاسِمِ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ وَجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَانَا فَأَذِنَ لَنَا فِي الْمُتْعَةِ [3414]

2481: حضرت سلمہ بن اکوع ؓ اور حضرت جابرؓ بن عبداللہ دونوں سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے اور ہمیں متعہ کے بارہ میں اجازت دی۔

2482{15} و حَدَّثَنَا الْحَسَنُ الْحُلْوَانِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ قَالَ عَطَاءٌ قَدِمَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ مُعْتَمِرًا فَجِئْنَاهُ فِي مَنْزِلِهِ فَسَأَلَهُ الْقَوْمُ عَنْ أَشْيَاءَ ثُمَّ ذَكَرُوا الْمُتْعَةَ فَقَالَ نَعَمْ اسْتَمْتَعْنَا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَعُمَرَ [3415]

2482: عطاء کہتے ہیں کہ حضرت جابر بن عبداللہؓ عمرہ کے لئے آئے۔ہم ان کے پاس ان کی قیام گاہ پر حاضر ہوئے۔لوگوں نے ان سے کئی چیزوں کی بابت پوچھا۔پھر متعہ کا ذکر کیا۔انہوں نے کہا ہاں۔ہم نے رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کے زمانہ میں متعہ کیا تھا☆۔

2483{16} حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللَّهِ يَقُولُ

2483: ابوزبیر کہتے ہیں میں نے حضرت جابرؓ بن عبداللہ سے سنا۔انہوں نے کہا ہم رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں ایک مٹھی کھجور اور آٹے کے عوض کئی

2481 : اطراف: مسلم کتاب النکاح باب ندب من رأی امرأۃ فوقعت فی نفسه ... 2480 ، 2482 ، 2483 ، 2484 ، 2485

تخریج : بخاری کتاب النکاح باب نهی النبی ﷺ "النکاح المتعة أخیرًا" 5117 ، 5118 ، 5119

2482 : اطراف : مسلم کتاب النکاح باب ندب من رأی امرأۃ فوقعت فی نفسه ... 2480 ، 2481 ، 2483 ، 2484 ، 2485

تخریج : بخاری کتاب النکاح باب نهی النبی ﷺ "النکاح المتعة أخیرًا" 5117 ، 5118 ، 5119

☆: یہاں لفظ متعہ سے مراد تمتع ہے۔

2483 : اطراف : مسلم کتاب النکاح باب ندب من رأی امرأۃ فوقعت فی نفسه ... 2480 ، 2481 ، 2482 ، 2484 ، 2485

تخریج : بخاری کتاب النکاح باب نهی النبی ﷺ "النکاح المتعة أخیرًا" 5117 ، 5118 ، 5119

كُنَّا نَسْتَمْتِعُ بِالْقَبْضَةِ مِنَ التَّمْرِ وَالدَّقِيقِ الْأَيَّامَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ حَتَّى نَهَى عَنْهُ عُمَرُ فِي شَأْنِ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ [3416]

دنوں تک متعہ کیا کرتے تھے یہانتک کہ حضرت عمرؓ نے عمرو بن حریث کے واقعہ میں اس سے منع کر دیا۔

2484 {17} حَدَّثَنَا حَامِدُ بْنُ عُمَرَ الْبَكْرَاوِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ يَعْنِي ابْنَ زِيَادٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ فَأَتَاهُ آتٍ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَابْنُ الزُّبَيْرِ اخْتَلَفَا فِي الْمُتْعَتَيْنِ فَقَالَ جَابِرٌ فَعَلْنَاهُمَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ نَهَانَا عَنْهُمَا عُمَرُ فَلَمْ نَعُدْ لَهُمَا [3417]

2484: ابی نضرہ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں حضرت جابر بن عبداللہؓ کے پاس تھا کہ ان کے پاس ایک آنے والا آیا اور اس نے کہا حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابن زبیرؓ نے دو متعوں☆ کے بارہ میں اختلاف کیا تھا۔ حضرت جابرؓ کہنے لگے ہم نے یہ دونوں متعے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ کئے۔ پھر ان دونوں سے ہمیں حضرت عمرؓ نے منع کر دیا۔ پھر ہم نے دونوں کا اعادہ نہیں کیا۔

2485{18} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا أَبُو عُمَيْسٍ عَنْ إِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ رَخَّصَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ أَوْطَاسٍ فِي الْمُتْعَةِ ثَلَاثًا ثُمَّ نَهَى عَنْهَا [3418]

2485: ایاس بن سلمہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے (غزوہ) اوطاس کے سال تین دن کے لئے متعہ کی اجازت دی۔ پھر اس سے منع فرما دیا۔

2484: **اطراف**: **مسلم** کتاب النکاح باب ندب من رأى امرأة فوقعت في نفسه ...2480 ، 2481 ، 2482 ، 2483 ، 2485

تخریج: **بخاری** کتاب النکاح باب نهى النبي ﷺ" النكاح المتعة أخيرًا "5117 ، 5118 ، 5119

☆(1) حج تمتع: یعنی ایک ہی حج کے موقعہ پر حج اور عمرہ دونوں اکٹھے کرنا جائز ہے۔(2) متعۃ النساء: عورتوں سے متعہ پرانی رسم تھی۔ حضور ﷺ نے خیبر کے موقعہ پر اس رسم کو جو پہلے سے عرب میں جاری تھی قطعی طور پر منع کر دیا تھا۔

2485: **اطراف**: **مسلم** کتاب النکاح باب ندب من رأى امرأة فوقعت في نفسه ...2480 ، 2481 ، 2482 ، 2483 ، 2484

تخریج: **بخاری** کتاب النکاح باب نهى النبي ﷺ" النكاح المتعة أخيرًا "5117 ، 5118 ، 5119

2486{19}و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ الْجُهَنِيِّ عَنْ أَبِيهِ سَبْرَةَ أَنَّهُ قَالَ أَذِنَ لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمُتْعَةِ فَانْطَلَقْتُ أَنَا وَرَجُلٌ إِلَى امْرَأَةٍ مِنْ بَنِي عَامِرٍ كَأَنَّهَا بَكْرَةٌ عَيْطَاءُ فَعَرَضْنَا عَلَيْهَا أَنْفُسَنَا فَقَالَتْ مَا تُعْطِي فَقُلْتُ رِدَائِي وَقَالَ صَاحِبِي رِدَائِي وَكَانَ رِدَاءُ صَاحِبِي أَجْوَدَ مِنْ رِدَائِي وَكُنْتُ أَشَبَّ مِنْهُ فَإِذَا نَظَرَتْ إِلَى رِدَاءِ صَاحِبِي أَعْجَبَهَا وَإِذَا نَظَرَتْ إِلَيَّ أَعْجَبْتُهَا ثُمَّ قَالَتْ أَنْتَ وَرِدَاؤُكَ يَكْفِينِي فَمَكَثْتُ مَعَهَا ثَلَاثًا ثُمَّ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ عِنْدَهُ شَيْءٌ مِنْ هَذِهِ النِّسَاءِ الَّتِي يَتَمَتَّعُ فَلْيُخَلِّ سَبِيلَهَا [3419]

2486: حضرت سبرہؓ سے روایت ہے انہوں نے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں متعہ کی اجازت دی تو میں اور ایک شخص بنی عامر کی ایک عورت کے پاس گئے گویا وہ ایک جوان لمبی گردن والی اونٹنی ہے۔ہم نے اس کے سامنے اپنے آپ کو پیش کیا۔اس نے کہا تم مجھے کیا دو گے؟ میں نے کہا اپنی چادر اور میرے ساتھی نے کہا اپنی چادر اور میرے ساتھی کی چادر میری چادر سے زیادہ خوبصورت تھی اور میں اس کی نسبت جوان تھا۔ جب وہ میرے ساتھی کی چادر دیکھتی تو اسے پسند کرتی اور جب مجھے دیکھتی تو میں اُسے پسند آتا۔ پھر اس نے کہا تم اور تمہاری چادر مجھے کافی ہے۔ میں اس کے پاس تین دن ٹھہرا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس شخص کے پاس ایسی عورت ہو جس سے اس نے متعہ کیا ہے وہ اُسے چھوڑ دے۔

2487{20}حَدَّثَنَا أَبُو كَامِلٍ فُضَيْلُ بْنُ حُسَيْنٍ الْجَحْدَرِيُّ حَدَّثَنَا بِشْرٌ يَعْنِي ابْنَ مُفَضَّلٍ حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ عَنِ الرَّبِيعِ

2487: ربیع بن سبرہ سے روایت ہے کہ ان کے والد رسول اللہ ﷺ کے ساتھ فتح مکہ کے غزوہ میں شریک تھے۔وہ کہتے ہیں ہم پندرہ دن وہاں ٹھہرے

2486:اطراف : مسلم کتاب النکاح باب ندب من رأى امرأة فوقعت فى نفسه ... 2487 ، 2488 ، 2489 ، 2490 ، 2491 ، 2492 ، 2493 ، 2494 ، 2495

تخریج: نسائی کتاب النکاح تحریم المتعة 3368 **ابو داود** کتاب النکاح باب فی نکاح المتعة 2072 ، 2073 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب النهی عن نکاح المتعة 1962

2487:اطراف : مسلم کتاب النکاح باب ندب من رأى امرأة فوقعت فى نفسه ... 2486 ، 2488 ، 2489 ، 2490 ، 2491 ، 2492 ، 2493 ، 2494 ، 2495

تخریج: نسائی کتاب النکاح تحریم المتعة 3368 **ابو داود** کتاب النکاح باب فی نکاح المتعة 2072 ، 2073 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب النهی عن نکاح المتعة 1962

بْنِ سَبْرَةَ أَنَّ أَبَاهُ غَزَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتْحَ مَكَّةَ قَالَ فَأَقَمْنَا بِهَا خَمْسَ عَشْرَةَ ثَلَاثِينَ بَيْنَ لَيْلَةٍ وَيَوْمٍ فَأَذِنَ لَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مُتْعَةِ النِّسَاءِ فَخَرَجْتُ أَنَا وَرَجُلٌ مِنْ قَوْمِي وَلِي عَلَيْهِ فَضْلٌ فِي الْجَمَالِ وَهُوَ قَرِيبٌ مِنَ الدَّمَامَةِ مَعَ كُلِّ وَاحِدٍ مِنَّا بُرْدٌ فَبُرْدِي خَلَقٌ وَأَمَّا بُرْدُ ابْنِ عَمِّي فَبُرْدٌ جَدِيدٌ غَضٌّ حَتَّى إِذَا كُنَّا بِأَسْفَلِ مَكَّةَ أَوْ بِأَعْلَاهَا فَتَلَقَّتْنَا فَتَاةٌ مِثْلُ الْبَكْرَةِ الْعَنَطْنَطَةِ فَقُلْنَا هَلْ لَكِ أَنْ يَسْتَمْتِعَ مِنْكِ أَحَدُنَا قَالَتْ وَمَاذَا تَبْذُلَانِ فَنَشَرَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنَّا بُرْدَهُ فَجَعَلَتْ تَنْظُرُ إِلَى الرَّجُلَيْنِ وَيَرَاهَا صَاحِبِي تَنْظُرُ إِلَى عِطْفِهَا فَقَالَ إِنَّ بُرْدَ هَذَا خَلَقٌ وَبُرْدِي جَدِيدٌ غَضٌّ فَتَقُولُ بُرْدُ هَذَا لَا بَأْسَ بِهِ ثَلَاثَ مِرَارٍ أَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ اسْتَمْتَعْتُ مِنْهَا فَلَمْ أَخْرُجْ حَتَّى حَرَّمَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ و حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ صَخْرٍ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ غَزِيَّةَ حَدَّثَنِي الرَّبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ الْجُهَنِيُّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ إِلَى مَكَّةَ فَذَكَرَ بِمِثْلِ

رات اور دن ملا کرتیں[30]۔ ہمیں رسول اللہ ﷺ نے عورتوں سے متعہ کی اجازت دی تو میں اور میری قوم کا ایک شخص نکلے۔ مجھے خوبصورتی میں اس پر برتری تھی اور وہ قریباً بدصورت تھا اور ہم میں سے ہر ایک کے پاس چادر تھی۔ میری چادر پرانی اور میرے چچازاد کی چادر بالکل نئی اور ملائم تھی۔ ہم مکہ کے نشیب یا بلندی پر تھے تو ہمیں ایک نوجوان لڑکی ملی جو اونٹنی کی طرح دراز گردن تھی۔ ہم نے کہا کیا تو چاہتی ہے کہ ہم میں سے کوئی تیرے ساتھ متعہ کرے۔ اس نے کہا تم دونوں کیا خرچ کرو گے؟ ہم میں سے ہر ایک نے اپنی چادر پھیلائی۔ اس نے دونوں آدمیوں کو دیکھنا شروع کیا اور میرے ساتھی نے اس کو اوپر سے نیچے تک دیکھنا شروع کیا اور کہا اس کی چادر پرانی ہے اور میری چادر بالکل نئی اور ملائم ہے۔ اس عورت نے دو تین دفعہ کہا اس کی چادر میں بھی کوئی حرج نہیں۔ پھر میں نے اس سے متعہ کیا اور میں وہاں سے نہیں نکلا یہانتک کہ رسول اللہ ﷺ نے اُسے حرام قرار دے دیا۔

ایک اور روایت میں (اِنَّ اَبَاهُ غَزَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَتْحَ مَكَّةَ کی بجائے) عَنْ اَبِيْهِ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ عَامَ الْفَتْحِ اِلٰى مَكَّةَ کے الفاظ ہیں۔ باقی روایت اسی طرح ہے اور اس میں یہ اضافہ ہے قَالَتْ وَهَلْ يَصْلُحُ ذَاكَ

حَدِيثِ بِشْرٍ وَزَادَ قَالَتْ وَهَلْ يَصْلُحُ ذَاكَ وَفِيهِ قَالَ إِنَّ بُرْدَ هَذَا خَلَقٌ مَحٌّ [3421,3420]

اس عورت نے کہا کیا یہ درست ہے؟ اور اس روایت میں یہ بھی ہے کہ اس (دوسرے شخص) نے کہا تھا کہ اس کی چادر پرانی بوسیدہ ہے۔☆

2488{21} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا أَبِي حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنِي الرَّبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ الْجُهَنِيُّ أَنَّ أَبَاهُ حَدَّثَهُ أَنَّهُ كَانَ مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي قَدْ كُنْتُ أَذِنْتُ لَكُمْ فِي الِاسْتِمْتَاعِ مِنَ النِّسَاءِ وَإِنَّ اللَّهَ قَدْ حَرَّمَ ذَلِكَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ فَمَنْ كَانَ عِنْدَهُ مِنْهُنَّ شَيْءٌ فَلْيُخَلِّ سَبِيلَهُ وَلَا تَأْخُذُوا مِمَّا آتَيْتُمُوهُنَّ شَيْئًا و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمًا بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْبَابِ وَهُوَ يَقُولُ بِمِثْلِ حَدِيثِ ابْنِ نُمَيْرٍ [3423,3422]

2488: ربیع بن سبرہ جہنی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ تھے۔ آپؐ نے فرمایا اے لوگو! میں نے تمہیں عورتوں سے متعہ کرنے کی اجازت دی تھی اور اب اللہ تعالیٰ نے اسے قیامت تک حرام قرار دے دیا ہے۔ پس جس کسی کے پاس ان میں سے کوئی عورت ہو تو وہ اس کی راہ چھوڑ دے اور جو کچھ تم اُسے دے چکے ہو اس میں سے کچھ واپس نہ لو۔

ایک اور روایت میں (اَنَّهُ كَانَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ کی بجائے) رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ قَائِمًا بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْبَابِ وَهُوَ يَقُوْلُ کے الفاظ ہیں۔ یعنی میں نے رسول اللہ ﷺ کو (کعبہ کے) رکن اور دروازہ کے درمیان کھڑے ہوئے دیکھا اور آپؐ فرما رہے تھے۔ باقی روایت پہلی روایت کی طرح ہے۔

2488: **اطراف: مسلم** کتاب النکاح باب ندب من رأى امرأة فوقعت فی نفسه ... 2486 ، 2487 ، 2489 ، 2490 ، 2491 ، 2492 ، 2493 ، 2494 ، 2495

تخریج: نسائی کتاب النکاح تحریم المتعة 3368 **ابوداود** کتاب النکاح باب فی نکاح المتعة 2072 ، 2073 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب النهی عن نکاح المتعة 1962

☆: یہ روایت بخاری کی روایت سے مختلف ہے جہاں خیبر کے موقعہ پر متعہ کی قطعی حرمت کا ذکر ہے۔

2489 {22} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ الْجُهَنِيِّ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ أَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمُتْعَةِ عَامَ الْفَتْحِ حِينَ دَخَلْنَا مَكَّةَ ثُمَّ لَمْ نَخْرُجْ مِنْهَا حَتَّى نَهَانَا عَنْهَا [3424]

2489: عبدالملک بن ربیع بن سبرہ جہنی اپنے باپ سے اور وہ اُن کے دادا سے روایت کرتے ہیں انہوں نے بتایا ہمیں رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے سال جب ہم مکہ میں داخل ہوئے متعہ کرنے کی اجازت دی تھی۔ پھر ہم اس سے اس وقت تک نہیں نکلے تھے جب تک کہ ہمیں آپؐ نے اس سے منع نہیں کر دیا تھا۔

2490 {23} وحَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبِي رَبِيعَ بْنَ سَبْرَةَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِيهِ سَبْرَةَ بْنِ مَعْبَدٍ أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ فَتْحِ مَكَّةَ أَمَرَ أَصْحَابَهُ بِالتَّمَتُّعِ مِنَ النِّسَاءِ قَالَ فَخَرَجْتُ أَنَا وَصَاحِبٌ لِي مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ حَتَّى وَجَدْنَا جَارِيَةً مِنْ بَنِي عَامِرٍ كَأَنَّهَا بَكْرَةٌ عَيْطَاءُ فَخَطَبْنَاهَا إِلَى نَفْسِهَا وَعَرَضْنَا عَلَيْهَا بُرْدَيْنَا فَجَعَلَتْ تَنْظُرُ فَتَرَانِي أَجْمَلَ مِنْ صَاحِبِي

2490: عبدالعزیز بن ربیع بن سبرہ بن معبد کہتے ہیں میں نے اپنے والد ربیع بن سبرہ سے سنا۔ وہ اپنے والد سبرہ بن معبد سے بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فتح مکہ کے سال اپنے صحابہؓ کو عورتوں کے ساتھ متعہ کی اجازت دی۔ وہ کہتے ہیں میں اور بنی سلیم میں سے میرا ایک ساتھی نکلے یہانتک کہ ہم نے بنی عامر کی ایک لڑکی کو پایا۔ وہ گویا ایک دراز گردن جوان اونٹنی تھی۔ ہم نے اس کو اس کی ذات کے لئے پیغام دیا اور اس کے سامنے اپنی چادریں پیش کیں۔ وہ دیکھنے لگی اس نے مجھے میرے ساتھی سے زیادہ خوبصورت پایا۔

2489: **اطراف: مسلم** کتاب النکاح باب ندب من رأى امرأة فوقعت في نفسه ... 2486 ، 2487 ، 2488 ، 2490 ، 2491 ، 2492 ، 2493 ، 2494 ، 2495

تخریج: نسائی کتاب النکاح تحريم المتعة 3368 **ابو داود** کتاب النکاح باب فی نکاح المتعة 2072 ، 2073 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب النهي عن نكاح المتعة 1962

2490: **اطراف: مسلم** کتاب النکاح باب ندب من رأى امرأة فوقعت في نفسه ... 2486 ، 2487 ، 2488 ، 2489 ، 2491 ، 2492 ، 2493 ، 2494 ، 2495

تخریج: نسائی کتاب النکاح تحريم المتعة 3368 **ابو داود** کتاب النکاح باب فی نکاح المتعة 2072 ، 2073 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب النهي عن نكاح المتعة 1962

وَتَرَى بُرْدَ صَاحِبِي أَحْسَنَ مِنْ بُرْدِي فَآمَرَتْ نَفْسَهَا سَاعَةً ثُمَّ اخْتَارَتْنِي عَلَى صَاحِبِي فَكُنَّ مَعَنَا ثَلَاثًا ثُمَّ أَمَرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفِرَاقِهِنَّ[3425]

میرے ساتھی کی چادر کو میری چادر سے زیادہ عمدہ پایا۔ پھر اس نے تھوڑی دیر دل میں سوچا اور پھر میرے ساتھی کے مقابلہ پر مجھے چن لیا پھر وہ عورتیں ہمارے ساتھ تین دن رہیں۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ان سے علیحدگی کا ارشاد فرمایا۔

2491{24}حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ وَابْنُ نُمَيْرٍ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ نِكَاحِ الْمُتْعَةِ [3426]

2491: ربیع بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے نکاح متعہ سے منع فرمایا ہے۔

2492{25} وحَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى يَوْمَ الْفَتْحِ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ [3427]

2492: ربیع بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر عورتوں سے متعہ کرنے سے منع فرما دیا تھا۔

2491: **اطراف**: **مسلم** كتاب النكاح باب ندب من رأى امرأة فوقعت في نفسه ... 2486 ، 2487 ، 2488 ، 2489 ، 2490 ، 2492 ، 2493 ، 2494 ، 2495

تخريج: **نسائی** كتاب النكاح تحريم المتعة 3368 **ابو داود** كتاب النكاح باب في نكاح المتعة 2072 ، 2073 **ابن ماجه** كتاب النكاح باب النهي عن نكاح المتعة 1962

2492: **اطراف**: **مسلم** كتاب النكاح باب ندب من رأى امرأة فوقعت في نفسه ... 2486 ، 2487 ، 2488 ، 2489 ، 2490 ، 2491 ، 2493 ، 2494 ، 2495

تخريج: **نسائی** كتاب النكاح تحريم المتعة 3368 **ابو داود** كتاب النكاح باب في نكاح المتعة 2072 ، 2073 **ابن ماجه** كتاب النكاح باب النهي عن نكاح المتعة 1962

2493{26} و حَدَّثَنِيهِ حَسَنٌ الْحُلْوَانِيُّ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ حَدَّثَنَا أَبِي عَنْ صَالِحٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ شِهَابٍ عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ الْجُهَنِيِّ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ أَخْبَرَهُ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُتْعَةِ زَمَانَ الْفَتْحِ مُتْعَةِ النِّسَاءِ وَأَنَّ أَبَاهُ كَانَ تَمَتَّعَ بِبُرْدَيْنِ أَحْمَرَيْنِ [3428]

2493: ربیع بن سبرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے انہیں بتایا کہ رسول اللہ ﷺ نے فتح مکہ کے زمانہ میں عورتوں سے متعہ کرنے سے منع فرمایا تھا اور یہ کہ ان کے والد نے دو سرخ چادروں کے عوض متعہ کیا تھا☆۔

2494{27} و حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ أَنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ الزُّبَيْرِ قَامَ بِمَكَّةَ فَقَالَ إِنَّ نَاسًا أَعْمَى اللَّهُ قُلُوبَهُمْ كَمَا أَعْمَى أَبْصَارَهُمْ يُفْتُونَ بِالْمُتْعَةِ يُعَرِّضُ بِرَجُلٍ فَنَادَاهُ فَقَالَ إِنَّكَ لَجِلْفٌ جَافٍ فَلَعَمْرِي لَقَدْ كَانَتِ الْمُتْعَةُ تُفْعَلُ عَلَى عَهْدِ إِمَامِ الْمُتَّقِينَ يُرِيدُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ

2494: عروہ بن زبیرؓ بیان کرتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ مکہ میں کھڑے ہوئے اور انہوں نے کہا یقیناً کچھ لوگ ہیں جن کے دلوں کو اللہ تعالیٰ نے اندھا کر دیا ہے۔ جیسا کہ ان کی آنکھوں کو اندھا کر دیا ہے۔ وہ متعہ (کے جواز) کا فتویٰ دیتے ہیں ان کا اشارہ ایک شخص کی طرف تھا۔ پس اس شخص نے انہیں پکار کر کہا آپ خشک مزاج اور کم فہم انسان ہیں۔ میری عمر کی قسم! امام المتقینؐ کے زمانہ میں متعہ کیا جاتا تھا۔ اس سے اس کی مراد رسول اللہ ﷺ سے تھی۔ حضرت

2493: اطراف: مسلم کتاب النکاح باب ندب من رأی امرأة فوقعت فی نفسه ... 2486 ، 2487 ، 2488 ، 2489 ، 2490 ، 2491 ، 2492 ، 2494 ، 2495

تخریج: نسائی کتاب النکاح تحریم المتعة 3368 ابو داود کتاب النکاح باب فی نکاح المتعة 2072 ، 2073 ابن ماجه کتاب النکاح باب النهی عن نکاح المتعة 1962

☆ یہ متعہ کی ممانعت سے پہلے کی بات ہے۔

2494: اطراف: مسلم کتاب النکاح باب ندب من رأی امرأة فوقعت فی نفسه ... 2486 ، 2487 ، 2488 ، 2489 ، 2490 ، 2491 ، 2492 ، 2493 ، 2495

تخریج: نسائی کتاب النکاح تحریم المتعة 3368 ابو داود کتاب النکاح باب فی نکاح المتعة 2072 ، 2073 ابن ماجه کتاب النکاح باب النهی عن نکاح المتعة 1962

ابْنُ الزُّبَيْرِ فَجَرِّبْ بِنَفْسِكَ فَوَاللَّهِ لَئِنْ فَعَلْتَهَا لَأَرْجُمَنَّكَ بِأَحْجَارِكَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ فَأَخْبَرَنِي خَالِدُ بْنُ الْمُهَاجِرِ بْنِ سَيْفِ اللَّهِ أَنَّهُ بَيْنَا هُوَ جَالِسٌ عِنْدَ رَجُلٍ جَاءَهُ رَجُلٌ فَاسْتَفْتَاهُ فِي الْمُتْعَةِ فَأَمَرَهُ بِهَا فَقَالَ لَهُ ابْنُ أَبِي عَمْرَةَ الْأَنْصَارِيُّ مَهْلًا قَالَ مَا هِيَ وَاللَّهِ لَقَدْ فُعِلَتْ فِي عَهْدِ إِمَامِ الْمُتَّقِينَ قَالَ ابْنُ أَبِي عَمْرَةَ إِنَّهَا كَانَتْ رُخْصَةً فِي أَوَّلِ الْإِسْلَامِ لِمَنِ اضْطُرَّ إِلَيْهَا كَالْمَيْتَةِ وَالدَّمِ وَلَحْمِ الْخِنْزِيرِ ثُمَّ أَحْكَمَ اللَّهُ الدِّينَ وَنَهَى عَنْهَا قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَأَخْبَرَنِي رَبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ الْجُهَنِيُّ أَنَّ أَبَاهُ قَالَ قَدْ كُنْتُ اسْتَمْتَعْتُ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَأَةً مِنْ بَنِي عَامِرٍ بِبُرْدَيْنِ أَحْمَرَيْنِ ثُمَّ نَهَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُتْعَةِ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَسَمِعْتُ رَبِيعَ بْنَ سَبْرَةَ يُحَدِّثُ ذَلِكَ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَأَنَا جَالِسٌ [3429]

ابن زبیرؓ نے اس سے کہا تو پھر تم خود متعہ کر کے دیکھ لو۔ اللہ کی قسم! اگر تم نے ایسا کیا تو میں تمہیں تمہارے ہی پتھروں سے رجم کر ڈالوں گا۔ ابن شہاب کہتے ہیں مجھ سے خالد بن مہاجر بن سیف اللہ نے بیان کیا۔ کہ وہ ایک آدمی کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ ان کے پاس ایک شخص آیا۔ اس نے ان سے متعہ کے بارہ میں فتویٰ پوچھا۔ انہوں نے اسے اس کی اجازت دی۔ تو انہیں ابن ابی عمرہ انصاری نے کہا ذرا توقف کریں! اس نے کہا یہ کیا بات ہے؟ اللہ کی قسم! (متعہ) امام المتقینؐ کے زمانہ میں کیا گیا تھا۔ ابن ابی عمرہ نے کہا اسلام کے ابتدائی زمانہ میں متعہ کی اجازت اس شخص کے لئے تھی جو اس کے لئے اضطرار کی حالت میں ہو۔ مردار، خون اور سؤر کے گوشت (کی اضطراری رخصت کی طرح) پھر اللہ تعالیٰ نے دین کو محکم کیا اور اس سے منع فرما دیا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ ربیع بن سبرہ جہنی بیان کرتے ہیں کہ ان کے والد نے بتایا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں بنی عامر کی ایک عورت سے دو سرخ چادروں کے عوض متعہ کیا تھا۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے متعہ سے منع فرما دیا۔

ابن شہاب کہتے ہیں میں نے ربیع بن سبرہ کو یہ بات عمر بن عبد العزیز سے کرتے سنا اور میں بیٹھا ہوا تھا۔

2495 {28} وحَدَّثَنِي سَلَمَةُ بْنُ شَبِيبٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ أَعْيَنَ حَدَّثَنَا مَعْقِلٌ عَنْ ابْنِ أَبِي عَبْلَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ سَبْرَةَ الْجُهَنِيُّ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْمُتْعَةِ وَقَالَ أَلَا إِنَّهَا حَرَامٌ مِنْ يَوْمِكُمْ هَذَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَمَنْ كَانَ أَعْطَى شَيْئًا فَلَا يَأْخُذْهُ [3430]

2495: ربیع بن سبرہ جہنی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے متعہ سے منع کیا تھا اور آپؐ نے فرمایا تھا غور سے سنو! یہ تمہارے آج کے دن سے قیامت کے دن تک حرام ہے اور جو شخص کوئی چیز دے چکا ہے تو وہ اسے واپس نہ لے۔

2496 {29} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ وَالْحَسَنِ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِمَا عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ مُتْعَةِ النِّسَاءِ يَوْمَ خَيْبَرَ وَعَنْ أَكْلِ لُحُومِ الْحُمُرِ الْإِنْسِيَّةِ و حَدَّثَنَاه عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَسْمَاءَ الضُّبَعِيُّ حَدَّثَنَا جُوَيْرِيَةُ عَنْ مَالِكٍ

2496: حضرت علیؓ بن ابی طالب سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خیبر کے دن عورتوں سے متعہ کرنے اور پالتو گدھوں کے گوشت کھانے سے منع فرمایا تھا۔

ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت علی بن ابی طالبؓ کسی شخص کو فرما رہے تھے کہ تو ایک گمراہ شخص ہے رسول اللہ ﷺ نے ہمیں منع فرمایا تھا باقی روایت پہلی روایت کی طرح ہے۔

2495: **اطراف**: **مسلم** كتاب النكاح باب ندب من رأى امرأة فوقعت في نفسه ... 2486 ، 2487 ، 2488 ، 2489 ، 2490 ، 2491 ، 2492 ، 2493 ، 2494

تخريج: **نسائي** كتاب النكاح تحريم المتعة 3368 **ابو داود** كتاب النكاح باب في نكاح المتعة 2072 ، 2073 **ابن ماجه** كتاب النكاح باب النهي عن نكاح المتعة 1962

2496: **اطراف**: **مسلم** كتاب النكاح باب ندب من رأى امرأة فوقعت في نفسه ... 2497 ، 2498 ، 2499

تخريج: **بخاري** كتاب المغازي باب غزوة خيبر 4216 باب نهي النبي ﷺ عن نكاح المتعة أخيرًا 5115 كتاب الذبائح والصيد باب لحوم الحمر الانسية 5523 كتاب الحيل باب الحلية في النكاح 6961 **ترمذي** كتاب النكاح باب ماجاء في تحريم نكاح المتعة 1121 كتاب الأطعمة باب ماجاء في لحوم الحمر الأهلية 1794 **نسائي** كتاب النكاح تحريم المتعة 3365 ، 3366 ، 3367 كتاب الصيد والذبائح تحريم أكل لحوم الحمر الأهلية 4334 ، 4335 **ابن ماجه** كتاب النكاح باب النهي عن نكاح المتعة 1961

بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ سَمِعَ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ يَقُولُ لِفُلَانٍ إِنَّكَ رَجُلٌ تَائِهٌ نَهَانَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ يَحْيَى بْنِ يَحْيَى عَنْ مَالِكٍ [3432،3431]

2497{30} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَابْنُ نُمَيْرٍ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ جَمِيعًا عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الْحَسَنِ وَعَبْدِ اللَّهِ ابْنَيْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ أَبِيهِمَا عَنْ عَلِيٍّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ نِكَاحِ الْمُتْعَةِ يَوْمَ خَيْبَرَ وَعَنْ لُحُومِ الْحُمُرِ الْأَهْلِيَّةِ [3433]

2497: حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے خیبر کے دن نکاح متعہ سے اور پالتو گدھوں کے گوشت سے منع فرمایا تھا۔

کی بیٹی ہے۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا وہ میرے لئے جائز نہیں کیونکہ وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے۔

2610{12}و حَدَّثَنَا هَدَّابُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُرِيدَ عَلَى ابْنَةِ حَمْزَةَ فَقَالَ إِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِي إِنَّهَا ابْنَةُ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ وَيَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يَحْرُمُ مِنَ الرَّحِمِ {13} و حَدَّثَنَاه زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى وَهُوَ الْقَطَّانُ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ مِهْرَانَ الْقُطَعِيُّ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ جَمِيعًا عَنْ شُعْبَةَ ح و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرٍ

2610: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ سے حضرت حمزہؓ کی بیٹی (سے شادی) کی خواہش کی گئی۔ آپؐ نے فرمایا وہ میرے لئے جائز نہیں ہے کیونکہ وہ میرے رضاعی بھائی کی بیٹی ہے اور رضاعت سے وہ حرام ہوجاتا ہے جو رحم (کے تعلق) سے حرام ہوجاتا ہے۔

ایک اور روایت میں (يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يَحْرُمُ مِنَ الرَّحِمِ کی بجائے) اِنَّهُ يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ کے الفاظ ہیں۔

ایک اور روایت میں (عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ کی بجائے)

2610: تخریج: نسائی کتاب الشهادات باب الشهادة علی الأنساب والرضاع المستفیض 2645 کتاب النکاح تحریم بنت الأخ من الرضاعة3304 ، 3305 ، 3306 ابن ماجه کتاب النکاح باب یحرم من الرضاع ما یحرم من النسب1938

بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي عَرُوبَةَ كِلَاهُمَا عَنْ قَتَادَةَ بِإِسْنَادِ هَمَّامٍ سَوَاءً غَيْرَ أَنَّ حَدِيثَ شُعْبَةَ انْتَهَى عِنْدَ قَوْلِهِ ابْنَةُ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ وَفِي حَدِيثِ سَعِيدٍ وَإِنَّهُ يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يَحْرُمُ مِنَ النَّسَبِ وَفِي رِوَايَةِ بِشْرِ بْنِ عُمَرَ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ زَيْدٍ [3584,3583]

سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ زَيْدٍ کے الفاظ ہیں۔ ایک اور روایت میں اِبْنَةُ اَخِيْ مِنَ الرَّضَاعَةِ تک کے الفاظ ہیں۔

2611 {14} وحَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ وَأَحْمَدُ بْنُ عِيسَى قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ مُسْلِمٍ يَقُولُ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ مُسْلِمٍ يَقُولُ سَمِعْتُ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمَنِ يَقُولُ سَمِعْتُ أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُولُ قِيلَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْنَ أَنْتَ يَا رَسُولَ اللَّهِ عَنِ ابْنَةِ حَمْزَةَ أَوْ قِيلَ أَلَا تَخْطُبُ بِنْتَ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ إِنَّ حَمْزَةَ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ [3585]

2611: نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت ام سلمہؓ کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا گیا کہ یارسولؐ اللہ! حضرت حمزہؓ کی بیٹی کے بارہ میں آپؐ کا کیا خیال ہے؟ یا عرض کیا گیا کہ آپؐ حمزہ بن عبدالمطلب کی بیٹی کے لئے شادی کا پیغام نہیں بھیجیں گے! آپؐ نے فرمایا حمزہؓ تو میرے رضاعی بھائی ہیں۔

2611: تخریج: نسائی کتاب الشهادات باب الشهادة على الأنساب والرضاع المستفيض 2645 كتاب النكاح تحريم بنت الأخ من الرضاعة 3304 ، 3305 ، 3306 ابن ماجه كتاب النكاح باب يحرم من الرضاع ما يحرم من النسب 1938

[2]26:بَاب تَحْرِيمِ الرَّبِيبَةِ وَأُخْتِ الْمَرْأَةِ

ربیبہ (پچھلگ) اور بیوی کی بہن کی حرمت کا بیان

2612{15} حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ أَخْبَرَنَا هِشَامٌ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ بِنْتِ أَبِي سُفْيَانَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَهُ هَلْ لَكَ فِي أُخْتِي بِنْتِ أَبِي سُفْيَانَ فَقَالَ أَفْعَلُ مَاذَا قُلْتُ تَنْكِحُهَا قَالَ أَوَ تُحِبِّينَ ذَلِكِ قُلْتُ لَسْتُ لَكَ بِمُخْلِيَةٍ وَأَحَبُّ مَنْ شَرِكَنِي فِي الْخَيْرِ أُخْتِي قَالَ فَإِنَّهَا لَا تَحِلُّ لِي قُلْتُ فَإِنِّي أُخْبِرْتُ أَنَّكَ تَخْطُبُ دُرَّةَ بِنْتَ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ بِنْتَ أُمِّ سَلَمَةَ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ لَوْ أَنَّهَا لَمْ تَكُنْ رَبِيبَتِي فِي حِجْرِي مَا حَلَّتْ لِي إِنَّهَا ابْنَةُ أَخِي مِنْ الرَّضَاعَةِ أَرْضَعَتْنِي وَأَبَاهَا ثُوَيْبَةُ فَلَا تَعْرِضْنَ عَلَيَّ بَنَاتِكُنَّ وَلَا أَخَوَاتِكُنَّ و حَدَّثَنِيهِ سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّاءَ بْنِ أَبِي زَائِدَةَ ح و حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ حَدَّثَنَا

2612: حضرت ام حبیبہؓ بنت ابوسفیان سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے۔ میں نے عرض کیا کہ آپؐ کا میری بہن ابوسفیان کی بیٹی کے بارہ میں کیا خیال ہے؟ آپؐ نے فرمایا میں کیا کروں؟ میں نے عرض کیا آپؐ اس سے شادی کرلیں۔ آپؐ نے فرمایا کیا تمہیں یہ پسند ہے؟ وہ کہتی ہیں میں نے کہا میں اکیلی تو آپؐ کے پاس نہیں ہوں اور مجھے زیادہ پسند ہے کہ جو میرے ساتھ خیر میں شریک ہو میری بہن ہو۔ آپؐ نے فرمایا وہ میرے لئے جائز نہیں ہے۔ (وہ کہتی ہیں) میں نے عرض کیا کہ مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ دُرّہ بنت ابوسلمہ کو شادی کا پیغام بھجوا رہے ہیں۔ آپؐ نے فرمایا ام سلمہ کی بیٹی سے؟ میں نے عرض کیا جی۔ آپؐ نے فرمایا اگر وہ میرے گھر میں میری ربیبہ نہ ہوتی تب بھی وہ میرے لئے جائز نہ تھی کیونکہ وہ میرے رضائی بھائی کی بیٹی ہے۔ مجھے اور اس کے باپ کو ثُویبہ نے دودھ پلایا ہے۔ اس لئے تم

2612: اطراف: مسلم کتاب الرضاع باب تحریم الربیبة واخت المرأة 2613

تخریج: بخاری کتاب النکاح باب وامھتکم الّتی ارضعنکم ...5101 باب و ربائبکم الّتی فی حجورکم من نساء کم ... 5106 باب وان تجمعوا بین الأختین ... 5107 کتاب النفقات باب المراضع من المواليات وغيرهن 5372 **نسائی** تحریم الجمع بین الام والبنت 3285، 3286 تحریم الجمع بین الأختین 3287 **ابو داود** کتاب النکاح باب یحرم من الرضاع ما یحرم من النسب 2056 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب یحرم من الرضاع ما یحرم من النسب 1939

الْأَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ أَخْبَرَنَا زُهَيْرٌ كِلَاهُمَا عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ سَوَاءً [3587,3586]

میرے سامنے اپنی بیٹیوں اور اپنی بہنوں کے رشتے پیش نہ کرو۔

2613{16} وحَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحِ بْنِ الْمُهَاجِرِ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ شِهَابٍ كَتَبَ يَذْكُرُ أَنَّ عُرْوَةَ حَدَّثَهُ أَنَّ زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِي سَلَمَةَ حَدَّثَتْهُ أَنَّ أُمَّ حَبِيبَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَتْهَا أَنَّهَا قَالَتْ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رَسُولَ اللَّهِ انْكِحْ أُخْتِي عَزَّةَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتُحِبِّينَ ذَلِكِ فَقَالَتْ نَعَمْ يَا رَسُولَ اللَّهِ لَسْتُ لَكَ بِمُخْلِيَةٍ وَأَحَبُّ مَنْ شَرِكَنِي فِي خَيْرٍ أُخْتِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنَّ ذَلِكِ لَا يَحِلُّ لِي قَالَتْ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَإِنَّا نَتَحَدَّثُ أَنَّكَ تُرِيدُ أَنْ تَنْكِحَ دُرَّةَ بِنْتَ أَبِي سَلَمَةَ قَالَ بِنْتَ أَبِي سَلَمَةَ قَالَتْ نَعَمْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ أَنَّهَا لَمْ تَكُنْ

2613: زینب بنت ابوسلمہؓ بیان کرتی ہیں کہ نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت ام حبیبہؓ نے انہیں بتایا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ یارسولؐ اللہ! میری بہن عزّہ سے شادی کرلیں اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کیا تمہیں یہ پسند ہے؟ انہوں نے کہا جی ہاں یارسولؐ اللہ! میں اکیلی تو آپؐ کے پاس نہیں ہوں۔لیکن مجھے زیادہ پسند ہے کہ جو میرے ساتھ خیر میں شریک ہو وہ میری بہن ہو۔تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ وہ میرے لئے جائز نہیں ہے۔وہ کہتی ہیں میں نے عرض کیا کہ یارسولؐ اللہ! ہمارے درمیان باتیں ہورہی ہیں کہ آپ دُرّہ بنت ابوسلمہ سے شادی کرنا چاہتے ہیں۔آپؐ نے فرمایا ابوسلمہ کی بیٹی سے؟ میں نے عرض کیا جی۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر وہ میرے گھر میں میری ربیبہ نہ بھی ہوتی تب بھی وہ میرے لئے جائز نہ تھی کیونکہ وہ میرے رضائی بھائی کی بیٹی ہے۔ مجھے اور

2613: اطراف: مسلم کتاب الرضاع باب تحریم الربیبة واخت المرأة 2612

تخریج: بخاری کتاب النکاح باب وامھٰتکم الّٰتی ارضعنکم ... 510 باب وربائبکم الّتی فی حجورکم من نساء کم ... 5106 باب وان تجمعوا بین الأختین ... 5107 کتاب النفقات باب المراضع من الموالیات وغیرهن 5372 **نسائی** تحریم الجمع بین الام والبنت 3285 ، 3286 تحریم الجمع بین الأختین 3287 **ابو داود** کتاب النکاح باب یحرم من الرضاع ما یحرم من النسب 2056 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب یحرم من الرضاع ما یحرم من النسب 1939

رَبِيبَتِي فِي حِجْرِي مَا حَلَّتْ لِي إِنَّهَا ابْنَةُ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ أَرْضَعَتْنِي وَأَبَا سَلَمَةَ ثُوَيْبَةُ فَلَا تَعْرِضْنَ عَلَيَّ بَنَاتِكُنَّ وَلَا أَخَوَاتِكُنَّ و حَدَّثَنِيهِ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي حَدَّثَنِي عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنِي يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُسْلِمٍ كِلَاهُمَا عَنِ الزُّهْرِيِّ بِإِسْنَادِ ابْنِ أَبِي حَبِيبٍ نَحْوَ حَدِيثِهِ وَلَمْ يُسَمِّ أَحَدٌ مِنْهُمْ فِي حَدِيثِهِ عَزَّةَ غَيْرُ يَزِيدَ بْنِ أَبِي حَبِيبٍ[3589,3588]

ابوسلمہ کو ثُوَیبہؓ نے دودھ پلایا تھا۔اس لئے تم میرے سامنے اپنی بیٹیوں اوراپنی بہنوں کے رشتے پیش نہ کرو۔

سوائے یزید بن ابی حبیب کے باقی راویوں نے ''عزّہ'' نام کا ذکر نہیں کیا۔

[2]26:بَاب فِي الْمَصَّةِ وَالْمَصَّتَانِ

ایک دفعہ یا دو دفعہ دودھ چوسنے کا بیان

2614{17} حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ ح و حَدَّثَنَا سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ كِلَاهُمَا عَنْ أَيُّوبَ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ سُوَيْدٌ وَزُهَيْرٌ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى

2614: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جبکہ سوید اور زہیر کی روایت میں (قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ کی بجائے) اِنَّ النَّبِیَّ ﷺ قَالَ کے الفاظ ہیں۔ایک یا دو مرتبہ (دودھ) چوسنا حرمت قائم نہیں کرتا۔

2614: تخریج: ترمذی كتاب الرضاع باب ماجاء لاتحرم المصة والمصتان 1150 **ابو داود** كتاب النكاح باب هل يحرم مادون خمس رضعات؟ 2063 **ابن ماجه** كتاب النكاح باب لا تحرم المصة ولاالمصتان 1940 ، 1941 **نسائى** كتاب النكاح القدر الذى يحرم من الرضاعة 3308 ، 3309 ، 3310 ، 3311

اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَالْمَصَّتَانِ [3590]

2615{18} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَعَمْرٌو النَّاقِدُ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ كُلُّهُمْ عَنِ الْمُعْتَمِرِ وَاللَّفْظُ لِيَحْيَى أَخْبَرَنَا الْمُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ أَيُّوبَ يُحَدِّثُ عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ قَالَتْ دَخَلَ أَعْرَابِيٌّ عَلَى نَبِيِّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي بَيْتِي فَقَالَ يَا نَبِيَّ اللَّهِ إِنِّي كَانَتْ لِي امْرَأَةٌ فَتَزَوَّجْتُ عَلَيْهَا أُخْرَى فَزَعَمَتْ امْرَأَتِي الْأُولَى أَنَّهَا أَرْضَعَتْ امْرَأَتِي الْحُدْثَى رَضْعَةً أَوْ رَضْعَتَيْنِ فَقَالَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُحَرِّمُ الْإِمْلَاجَةُ وَالْإِمْلَاجَتَانِ قَالَ عَمْرٌو فِي رِوَايَتِهِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ [3591]

2615: حضرت ام فضلؓ سے روایت ہے وہ کہتی ہیں کہ ایک بدوی نبی علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ جبکہ آپؐ میرے گھر میں تھے اس نے کہا اے اللہ کے نبی ﷺ! میری ایک بیوی تھی اور میں نے اس پر دوسری عورت سے شادی کی ہے اور میری پہلی بیوی کا خیال ہے کہ اس نے میری نئی بیوی کو ایک یا دو دفعہ دودھ پلایا ہے۔ اس پر نبی ﷺ نے فرمایا ایک یا دو دفعہ دودھ پینے سے حرمت قائم نہیں ہوتی۔

2616{19} و حَدَّثَنِي أَبُو غَسَّانَ الْمِسْمَعِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاذٌ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ صَالِحِ بْنِ

2616: حضرت ام فضلؓ سے روایت ہے کہ بنی عامر بن صعصہ (قبیلہ) کے ایک شخص نے عرض کیا اے اللہ کے نبی ﷺ! کیا ایک دفعہ دودھ پینے سے حرمت ہو جاتی ہے؟ آپؐ نے فرمایا نہیں۔

2615: اطراف: مسلم کتاب الرضاع باب فی المصة والمصتان 2616، 2617، 2618، 2619

تخریج: نسائی کتاب النکاح القدر الذی یحرم من الرضاعة 3308 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب لا تحرم المصة والمصتان 1940

2616: اطراف: مسلم کتاب الرضاع باب فی المصة والمصتان 2615، 2617، 2618، 2619

تخریج: نسائی کتاب النکاح القدر الذی یحرم من الرضاعة 3308 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب لا تحرم المصة والمصتان 1940

أَبِي مَرْيَمَ أَبِي الْخَلِيلِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ أَنَّ رَجُلًا مِنْ بَنِي عَامِرِ بْنِ صَعْصَعَةَ قَالَ يَا نَبِيَّ اللَّهِ هَلْ تُحَرِّمُ الرَّضْعَةُ الْوَاحِدَةُ قَالَ لَا [3592]

2617{20}حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ أَنَّ أُمَّ الْفَضْلِ حَدَّثَتْ أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُحَرِّمُ الرَّضْعَةُ أَوِ الرَّضْعَتَانِ أَوِ الْمَصَّةُ أَوِ الْمَصَّتَانِ {21} و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَإِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ جَمِيعًا عَنْ عَبْدَةَ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنِ ابْنِ أَبِي عَرُوبَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ أَمَّا إِسْحَقُ فَقَالَ كَرِوَايَةِ ابْنِ بِشْرٍ أَوِ الرَّضْعَتَانِ أَوِ الْمَصَّتَانِ وَأَمَّا ابْنُ أَبِي شَيْبَةَ فَقَالَ وَالرَّضْعَتَانِ وَالْمَصَّتَانِ [3594,3593]

2617: حضرت ام فضلؓ بیان کرتی ہیں کہ اللہ کے نبی ﷺ نے فرمایا کہ ایک یا دو دفعہ دودھ پینے سے حرمت قائم نہیں ہوتی۔
(الرَّضْعَةُ اَوِالرَّضْعَتَانِ یا فرمایا اَلْمَصَّةُ اَوِ الْمَصَّتَانِ)۔
ایک اور روایت میں اَوِالرَّضْعَتَانِ اَوِ الْمَصَّتَانِ۔ اور ایک روایت میں "وَالرَّضْعَتَانِ وَالْمَصَّتَانِ" کے الفاظ ہیں۔

2618{22} وحَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ السَّرِيِّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ عَنِ النَّبِيِّ

2618: حضرت ام فضلؓ روایت کرتی ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا کہ ایک یا دو دفعہ دودھ پینا حرمت قائم نہیں کرتا۔

2617: اطراف: **مسلم** کتاب الرضاع باب فی المصة والمصتان 2615، 2616، 2618، 2619

تخریج: **نسائی** کتاب النکاح القدر الذی یحرم من الرضاعة 3308 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب لا تحرم المصة والمصتان 1940

2618: اطراف: **مسلم** کتاب الرضاع باب فی المصة والمصتان 2615، 2616، 2617، 2619

تخریج: **نسائی** کتاب النکاح القدر الذی یحرم من الرضاعة 3308 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب لا تحرم المصة والمصتان 1940

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُحَرِّمُ الْإِمْلَاجَةُ وَالْإِمْلَاجَتَانِ [3595]

2619{23} حَدَّثَنِي أَحْمَدُ بْنُ سَعِيدٍ الدَّارِمِيُّ حَدَّثَنَا حَبَّانُ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ أُمِّ الْفَضْلِ سَأَلَ رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتُحَرِّمُ الْمَصَّةُ فَقَالَ لَا [3596]

2619: حضرت ام فضلؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی ﷺ کی خدمت میں عرض کیا کہ کیا ایک دفعہ دودھ پینا حرمت قائم کر دیتا ہے۔آپؐ نے فرمایا نہیں۔

[6]30:بَاب: التَّحْرِيمُ بِخَمْسِ رَضَعَاتٍ

باب: حرمت پانچ دفعہ دودھ پینے سے قائم ہوتی ہے

2620{24} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ كَانَ فِيمَا أُنْزِلَ مِنَ الْقُرْآنِ عَشْرُ رَضَعَاتٍ مَعْلُومَاتٍ يُحَرِّمْنَ ثُمَّ نُسِخْنَ بِخَمْسٍ مَعْلُومَاتٍ فَتُوُفِّيَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُنَّ فِيمَا يُقْرَأُ مِنَ الْقُرْآنِ [3597]

2620: یحیٰی ابن یحیٰی بیان کرتے ہیں کہ میں نے امام مالک کے سامنے عبداللہ بن ابی بکر کی عمرہ سے یہ روایت پڑھ کر سنائی جو حضرت عائشہؓ کی طرف منسوب کی گئی تھی۔آپ فرماتی ہیں کہ جو قرآن میں نازل ہوا دس بار با قاعدہ (دودھ) پینا تھا جو حرمت قائم کرتا تھا پھر یہ پانچ دفعہ با قاعدہ (دودھ) پینے (کے حکم) سے منسوخ ہوگیا۔ پھر رسول اللہ ﷺ کی وفات ہوگئی جبکہ یہ (پانچ دفعہ کا حکم) قرآن میں پڑھا جاتا تھا☆۔

2619: اطراف: مسلم کتاب الرضاع باب فی المصة والمصتان 2615، 2616، 2617، 2618

تخریج: نسائی کتاب النکاح القدر الذی یحرم من الرضاعة 3308 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب لا تحرم المصة والمصتان 1940

2620: اطراف: مسلم کتاب الرضاع باب التحریم بخمس رضعات 2621

تخریج: ترمذی کتاب الرضاع باب ماجاء لا تحرم المصة والمصتان 1150 **نسائی** کتاب النکاح القدر الذی یحرم من الرضاعة 3307 **ابو داود** کتاب النکاح باب هل یحرم ما دون خمس رضعات؟ 2062 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب لا تحرم المصة والمصتان 1942 باب رضاع الکبیر 1944

☆ یہ ایک روایت ہے نہ کہ حدیث اور یہ روایت کسی طرح بھی درست نہیں ہوسکتی کیونکہ یہ آیت قرآنی اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا...... کے متضاد ہے۔اور اس کی سند جس رنگ میں بیان کی گئی ہے وہی اس کو مشتبہ قرار دے رہی ہے

2621{25}حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ يَحْيَى وَهُوَ ابْنُ سَعِيدٍ عَنْ عَمْرَةَ أَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ تَقُولُ وَهِيَ تَذْكُرُ الَّذِي يُحَرِّمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ قَالَتْ عَمْرَةُ فَقَالَتْ عَائِشَةُ نَزَلَ فِي الْقُرْآنِ عَشْرُ رَضَعَاتٍ مَعْلُومَاتٍ ثُمَّ نَزَلَ أَيْضًا خَمْسٌ مَعْلُومَاتٌ و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ قَالَ سَمِعْتُ يَحْيَى بْنَ سَعِيدٍ قَالَ أَخْبَرَتْنِي عَمْرَةُ أَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ تَقُولُ بِمِثْلِهِ [3599,3598]

2621: عمرہ سے روایت ہے انہوں نے حضرت عائشہؓ کو کہتے ہوئے سنا آپؓ رضاعت کی (اس مقدار) کاذکر کر رہی تھیں جو (رشتہ) حرام کرتی ہے۔ عمرہ کہتی ہیں حضرت عائشہؓ نے کہا قرآن میں دس بار باقاعدہ (دودھ) پینے سے رضاعت کی حرمت کا بیان نازل ہوا تھا پھر پانچ دفعہ باقاعدہ (دودھ) پینے کا حکم بھی نازل ہو گیا۔

31[7]:بَاب رَضَاعَةِ الْكَبِيرِ

بڑی عمر کی رضاعت☆ کا بیان

2622{26}حَدَّثَنَا عَمْرٌو النَّاقِدُ وَابْنُ أَبِي عُمَرَ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَبْدِ

2622: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ کہتی ہیں سہلہ بنت سہیلؓ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئیں

2621 : **اطراف: مسلم** کتاب الرضاع باب التحریم بخمس رضعات 2620

تخریج: ترمذی کتاب الرضاع باب ماجاء لا تحرم المصة والمصتان 1150 **نسائی** کتاب النکاح القدر الذی یحرم من الرضاعة 3307 **ابو داود** کتاب النکاح باب هل یحرم ما دون خمس رضعات؟ 2062 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب لا تحرم المصة والمصتان 1942 باب رضاع الکبیر 1944

2622: **اطراف: مسلم** کتاب الرضاع باب رضاعة الکبیر 2623 ، 2624 ، 2625 ، 2626

تخریج : نسائی کتاب النکاح باب رضاع الکبیر 3319 ، 3320 ، 3321 ، 3322 ، 3323 ، 3324 ، 3325 **ابو داود** کتاب النکاح باب فی من حرم به 2061 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب رضاع الکبیر 1943

☆ یہ روایات محل نظر ہیں کیونکہ (۱) رضاعت کی حرمت کا حکم اس وقت تک ہے جو رضاعت کی عمر ہے اور قرآن شریف میں رضاعت کی عمر صرف دو سال تک بیان کی گئی ہے۔(۲) یہ روایت پردے کی قرآنی آیات کے منافی ہے۔(۳) بخاری میں اس قسم کی کوئی روایت نہیں ہے۔

الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتْ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلٍ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي أَرَى فِي وَجْهِ أَبِي حُذَيْفَةَ مِنْ دُخُولِ سَالِمٍ وَهُوَ حَلِيفُهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْضِعِيهِ قَالَتْ وَكَيْفَ أُرْضِعُهُ وَهُوَ رَجُلٌ كَبِيرٌ فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ قَدْ عَلِمْتُ أَنَّهُ رَجُلٌ كَبِيرٌ زَادَ عَمْرٌو فِي حَدِيثِهِ وَكَانَ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا وَفِي رِوَايَةِ ابْنِ أَبِي عُمَرَ فَضَحِكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [3600]

اور عرض کیا یارسول اللہ! میں سالم کے آنے سے ابو حذیفہ کے چہرے پر ناگواری کے اثرات دیکھتی ہوں حالانکہ وہ ان کا حلیف ہے۔ اس پر نبی ﷺ نے فرمایا اسے دودھ پلا دو۔ اس نے کہا میں اسے کیسے دودھ پلا سکتی ہوں جبکہ وہ بڑی عمر کا آدمی ہے اس پر رسول اللہ ﷺ متبسّم ہوئے اور فرمایا میں جانتا ہوں کہ وہ بڑی عمر کا آدمی ہے۔ عمرو کی روایت میں مزید ہے کہ وہ (سالم) غزوہ بدر میں شامل تھے۔
اور ابن ابی عمر کی روایت میں (فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ کی بجائے) فَضَحِکَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ کے الفاظ ہیں۔

2623{27} و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْحَنْظَلِيُّ وَمُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عُمَرَ جَمِيعًا عَنْ الثَّقَفِيِّ قَالَ ابْنُ أَبِي عُمَرَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ عَنْ أَيُّوبَ عَنِ ابْنِ أَبِي مُلَيْكَةَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ سَالِمًا مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ كَانَ مَعَ أَبِي حُذَيْفَةَ وَأَهْلِهِ فِي بَيْتِهِمْ فَأَتَتْ تَعْنِي ابْنَةَ سُهَيْلٍ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ إِنَّ سَالِمًا قَدْ بَلَغَ مَا يَبْلُغُ الرِّجَالُ وَعَقَلَ مَا

2623: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ سالمؓ حضرت ابو حذیفہؓ کے آزاد کردہ غلام ابوحذیفہؓ اور اپنے اہل کے ساتھ ان کے گھر میں ہی رہتے تھے۔ پھر وہ یعنی سہیل کی بیٹی نبی ﷺ کے پاس آئی اور کہا سالم عاقل بالغ ہوگیا ہے۔ وہ ہمارے پاس آتا ہے اور میرا خیال ہے کہ ابوحذیفہؓ دل میں اس بات کو اچھا نہیں سمجھتے۔ نبی ﷺ نے فرمایا تم اسے دودھ پلاؤ تم اس کے لئے مَحرم ہو جاؤ گی اور ابو حذیفہؓ کے دل میں جو ہے وہ دور ہو جائے گا۔ (کچھ عرصہ بعد) وہ

2623 : اطراف : مسلم کتاب الرضاع باب رضاعة الكبير 2622 ، 2624 ، 2625 ، 2626

تخريج : نسائی كتاب النكاح تزويج المولى العربية 3223 ، 3224 باب رضاع الكبير 3319 ، 3320 ، 3321 ، 3322 ، 3323

ابو داود کتاب النکاح باب فی من حرم به 2061 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب رضاع الكبير 1943

عَقَلُوا وَإِنَّهُ يَدْخُلُ عَلَيْنَا وَإِنِّي أَظُنُّ أَنَّ فِي نَفْسِ أَبِي حُذَيْفَةَ مِنْ ذَلِكَ شَيْئًا فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْضِعِيهِ تَحْرُمِي عَلَيْهِ وَيَذْهَبِ الَّذِي فِي نَفْسِ أَبِي حُذَيْفَةَ فَرَجَعَتْ فَقَالَتْ إِنِّي قَدْ أَرْضَعْتُهُ فَذَهَبَ الَّذِي فِي نَفْسِ أَبِي حُذَيْفَةَ[3601]

دوبارہ آئیں اور کہا میں نے اسے دودھ پلایا اور ابوحذیفہؓ کے دل میں جو تھا وہ جاتا رہا۔

2624{28} و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ رَافِعٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ أَبِي مُلَيْكَةَ أَنَّ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ سَهْلَةَ بِنْتَ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو جَاءَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ سَالِمًا لِسَالِمٍ مَوْلَى أَبِي حُذَيْفَةَ مَعَنَا فِي بَيْتِنَا وَقَدْ بَلَغَ مَا يَبْلُغُ الرِّجَالُ وَعَلِمَ مَا يَعْلَمُ الرِّجَالُ قَالَ أَرْضِعِيهِ تَحْرُمِي عَلَيْهِ قَالَ فَمَكَثْتُ سَنَةً أَوْ قَرِيبًا مِنْهَا لَا أُحَدِّثُ بِهِ وَهِبْتُهُ ثُمَّ لَقِيتُ الْقَاسِمَ فَقُلْتُ لَهُ لَقَدْ حَدَّثْتَنِي حَدِيثًا مَا حَدَّثْتُهُ بَعْدُ قَالَ فَمَا هُوَ

2624: قاسم بن محمد بن ابوبکرؓ کہتے ہیں کہ حضرت عائشہؓ نے انہیں بتایا کہ سہلہ بنت سہیل بن عمرو نبی ﷺ کے پاس آئی اور عرض کیا یا رسولؐ اللہ! سالم - ابو حذیفہؓ کے آزاد کردہ غلام - ہمارے ساتھ ہمارے گھر میں ہے اور اب وہ بلوغت کی عمر کو پہنچ گیا ہے اور اسے ان باتوں کا علم ہو گیا ہے جن کا مردوں کو علم ہے۔ آپؐ نے فرمایا اسے دودھ پلاؤ تم اس کے لئے محرم ہو جاؤ گی۔ راوی کہتے ہیں میں نے ایک سال یا کم وبیش خوف کی وجہ سے اس روایت کو بیان نہیں کیا پھر میں قاسم سے ملا اور انہیں کہا کہ آپ نے میرے پاس ایک روایت بیان کی تھی جسے میں نے تا حال آگے بیان نہیں کیا۔ انہوں نے کہا وہ کونسی روایت ہے؟ تو میں نے انہیں روایت بتائی۔ انہوں

2624: اطراف : مسلم کتاب الرضاع باب رضاعة الکبیر 2622 ، 2623 ، 2625 ، 2626

تخریج : نسائی کتاب النکاح تزویج المولیٰ العربیة 3223 ، 3224 باب رضاع الکبیر 3319 ، 3320 ، 3321 ، 3322 ، 3323
ابو داود کتاب النکاح باب فی من حرم به 2061 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب رضاع الکبیر 1943

فَأَخْبَرْتُهُ قَالَ فَحَدِّثْهُ عَنِّي أَنَّ عَائِشَةَ أَخْبَرَتْنِيهِ [3602]

نے کہا اسے میری طرف سے بیان کردو کہ یہ حضرت عائشہؓ نے مجھے بتائی ہے۔

2625{29} و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ قَالَتْ أُمُّ سَلَمَةَ لِعَائِشَةَ إِنَّهُ يَدْخُلُ عَلَيْكِ الْغُلَامُ الْأَيْفَعُ الَّذِي مَا أُحِبُّ أَنْ يَدْخُلَ عَلَيَّ قَالَ فَقَالَتْ عَائِشَةُ أَمَا لَكِ فِي رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُسْوَةٌ قَالَتْ إِنَّ امْرَأَةَ أَبِي حُذَيْفَةَ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ سَالِمًا يَدْخُلُ عَلَيَّ وَهُوَ رَجُلٌ وَفِي نَفْسِ أَبِي حُذَيْفَةَ مِنْهُ شَيْءٌ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْضِعِيهِ حَتَّى يَدْخُلَ عَلَيْكِ [3603]

2625: زینب بنت ام سلمہؓ سے روایت ہے وہ کہتی ہیں حضرت ام سلمہؓ نے حضرت عائشہؓ سے کہا کہ آپ کے پاس ایک نوجوان لڑکا آتا ہے جس کا میں اپنے ہاں آنا پسند نہیں کرتی۔ راوی (حُمَید) کہتے ہیں اس پر حضرت عائشہؓ نے کہا کیا تمہارے لئے رسول اللہ ﷺ کی ذات میں نمونہ نہیں ہے؟ انہوں (حضرت عائشہؓ) نے فرمایا حضرت ابوحذیفہؓ کی بیوی نے کہا تھا کہ یا رسولؐ اللہ! سالم میرے ہاں آتا ہے اور وہ مرد ہے۔ اور حضرت ابوحذیفہؓ کے دل میں اس وجہ سے تردّد پایا جاتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اسے دودھ پلا دو تا کہ وہ تمہارے پاس آسکے۔

2626{30} وحَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ وَهَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ وَاللَّفْظُ لِهَارُونَ قَالَا حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي مَخْرَمَةُ بْنُ بُكَيْرٍ عَنْ

2626: زینب بنت ابوسلمہؓ کہتی ہیں میں نے نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ حضرت ام سلمہؓ کو حضرت عائشہؓ سے یہ کہتے ہوئے سنا اللہ کی قسم میں پسند نہیں کرتی کہ مجھے

2625 : اطراف : **مسلم** کتاب الرضاع باب رضاعة الكبير 2622، 2623، 2624، 2626

تخریج : **نسائی** کتاب النکاح تزویج المولی العربیة 3223، 3224 باب رضاع الكبير 3319، 3320، 3321، 3322، 3323

ابوداود کتاب النکاح باب فی من حرم به 2061 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب رضاع الكبير 1943

2626 : اطراف : **مسلم** کتاب الرضاع باب رضاعة الكبير 2622، 2623، 2624، 2625

تخریج : **نسائی** کتاب النکاح تزویج المولی العربیة 3223، 3224 باب رضاع الكبير 3319، 3320، 3321، 3322، 3323

ابوداود کتاب النکاح باب فی من حرم به 2061 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب رضاع الكبير 1943

أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ حُمَيْدَ بْنَ نَافِعٍ يَقُولُ سَمِعْتُ زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِي سَلَمَةَ تَقُولُ سَمِعْتُ أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُولُ لِعَائِشَةَ وَاللَّهِ مَا تَطِيبُ نَفْسِي أَنْ يَرَانِي الْغُلَامُ قَدِ اسْتَغْنَى عَنِ الرَّضَاعَةِ فَقَالَتْ لِمَ قَدْ جَاءَتْ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلٍ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي لَأَرَى فِي وَجْهِ أَبِي حُذَيْفَةَ مِنْ دُخُولِ سَالِمٍ قَالَتْ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْضِعِيهِ فَقَالَتْ إِنَّهُ ذُو لِحْيَةٍ فَقَالَ أَرْضِعِيهِ يَذْهَبْ مَا فِي وَجْهِ أَبِي حُذَيْفَةَ فَقَالَتْ وَاللَّهِ مَا عَرَفْتُهُ فِي وَجْهِ أَبِي حُذَيْفَةَ[3604]

کوئی ایسا نوجوان دیکھے جس کی دودھ پینے کی عمر گذر چکی ہو۔ انہوں نے کہا کیوں؟ سہلہ بنت سہیل رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں آئیں اور عرض کیا یارسولؐ اللہ! میں سالم کے آنے سے ابوحذیفہؓ کے چہرے پر (ناگواری) دیکھتی ہوں۔ وہ کہتی ہیں اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اسے دودھ پلادو۔ اس نے کہا کہ وہ تو داڑھی والا ہے۔ آپؐ نے فرمایا اسے دودھ پلا دو تو ابو حذیفہؓ کے چہرہ سے (ناگواری) جاتی رہے گی۔ وہ کہتی ہیں اللہ کی قسم پھر میں نے کبھی ابو حذیفہؓ کے چہرہ پر ناگواری کے اثرات نہیں دیکھے۔

2627{31}حَدَّثَنِي عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ اللَّيْثِ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي حَدَّثَنِي عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَنَّهُ قَالَ أَخْبَرَنِي أَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زَمْعَةَ أَنَّ أُمَّهُ زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِي سَلَمَةَ أَخْبَرَتْهُ أَنَّ أُمَّهَا أُمَّ سَلَمَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ تَقُولُ أَبَى سَائِرُ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُدْخِلْنَ عَلَيْهِنَّ أَحَدًا بِتِلْكَ الرَّضَاعَةِ وَقُلْنَ لِعَائِشَةَ وَاللَّهِ مَا نَرَى

2627: زینب بنت ابوسلمہؓ کہتی ہیں کہ ان کی والدہ حضرت ام سلمہؓ جو نبی ﷺ کی زوجہ مطہرہ تھیں بیان کیا کرتی تھیں کہ نبی ﷺ کی باقی تمام ازواج مطہرات نے ایسی رضاعت کی وجہ سے (کسی کو گھر آنے کی) اجازت دینے سے انکار کیا ہے اور انہوں نے حضرت عائشہؓ سے کہا اللہ کی قسم ہم یہی سمجھتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے یہ اجازت خاص طور پر صرف سالم کے لئے دی تھی۔ پس ایسی رضاعت سے ہمارے پاس کوئی نہیں آ سکتا اور نہ ہی ہمیں کوئی دیکھ سکتا ہے۔

2627 : **تخریج** : **نسائی** کتاب النکاح باب رضاع الکبیر3325 **ابن ماجہ** کتاب النکاح باب لا رضاع بعد فصالٍ 1943

هَذَا إِلَّا رُخْصَةً أَرْخَصَهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِسَالِمٍ خَاصَّةً فَمَا هُوَ بِدَاخِلٍ عَلَيْنَا أَحَدٌ بِهَذِهِ الرَّضَاعَةِ وَلَا رَائِينَا[3605]

[8]32:بَاب:إِنَّمَا الرَّضَاعَةُ مِنَ الْمَجَاعَةِ

باب:(حقیقی) رضاعت بھوک کی صورت میں ہے

2628{32}حَدَّثَنَا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَحْوَصِ عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدِي رَجُلٌ قَاعِدٌ فَاشْتَدَّ ذَلِكَ عَلَيْهِ وَرَأَيْتُ الْغَضَبَ فِي وَجْهِهِ قَالَتْ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّهُ أَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ قَالَتْ فَقَالَ انْظُرْنَ إِخْوَتَكُنَّ مِنَ الرَّضَاعَةِ فَإِنَّمَا الرَّضَاعَةُ مِنَ الْمَجَاعَةِ و حَدَّثَنَاه مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَا حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ ح و حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا أَبِي قَالَا جَمِيعًا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ ح و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ ح و حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ

2628: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے اور میرے پاس ایک شخص بیٹھا ہوا تھا۔ آپؐ کو یہ بات ناگوار گذری۔ میں نے آپؐ کے چہرہ پر ناراضگی کے آثار محسوس کیے۔ آپؓ فرماتی ہیں میں نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! یہ میرا رضاعی بھائی ہے۔ وہ کہتی ہیں اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اپنے رضاعی بھائیوں کے بارہ میں دیکھ لیا کرو! کیونکہ رضاعت تو صرف بھوک سے متعلق ہے☆ ۔

2628: تخریج: **بخاری** کتاب الشهادات باب الشهادة على الانساب والرضاع....2647 کتاب النکاح باب من قال لارضاع بعد حولين لقوله تعالىٰ حولين كاملين لمن اراد .... 5102 **نسائی** کتاب النکاح القدر الذی یحرم من الرضاعة 3312 **ابو داود** کتاب النکاح باب فی رضاعة الکبیر 2058 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب لا رضاع بعد فصالٍ 1943

☆ یعنی وہ رضاعت جو رشتوں کی حرمت کا باعث بنتی ہے اس صورت میں ہے کہ بچہ نے بھوک کی وجہ سے پوری طرح دودھ پیا ہو۔

الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ جَمِيعًا عَنْ سُفْيَانَ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا حُسَيْنٌ الْجُعْفِيُّ عَنْ زَائِدَةَ كُلُّهُمْ عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ بِإِسْنَادِ أَبِي الْأَحْوَصِ كَمَعْنَى حَدِيثِهِ غَيْرَ أَنَّهُمْ قَالُوا مِنَ الْمَجَاعَةِ [3607,3606]

[9] 33: بَاب: جَوَازُ وَطْءِ الْمَسْبِيَّةِ بَعْدَ الِاسْتِبْرَاءِ وَإِنْ كَانَ لَهَا زَوْجٌ انْفَسَخَ نِكَاحُهَا بِالسَّبْيِ

باب: لونڈی سے استبراء رحم کے بعد تعلقات قائم کرنے کا جواز، اگر اس کا خاوند ہے بھی تو اس سے اس کا نکاح قیدی ہونے کی وجہ سے فسخ ہو جاتا ہے

2629 {33} حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ مَيْسَرَةَ الْقَوَارِيرِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ صَالِحٍ أَبِي الْخَلِيلِ عَنْ أَبِي عَلْقَمَةَ الْهَاشِمِيِّ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ بَعَثَ جَيْشًا إِلَى أَوْطَاسَ فَلَقُوا عَدُوًّا فَقَاتَلُوهُمْ فَظَهَرُوا عَلَيْهِمْ وَأَصَابُوا لَهُمْ سَبَايَا فَكَأَنَّ نَاسًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَحَرَّجُوا مِنْ

2629: حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حنین کے موقع پر ایک لشکر اوطاس کی طرف بھیجا۔ اس کا دشمن سے سامنا ہوا۔ انہوں نے ان سے جنگ کی اور ان پر غالب آ گئے ان میں سے کچھ عورتوں کو بھی قیدی بنا لیا تو رسول اللہ ﷺ کے صحابہؓ میں سے کچھ لوگوں نے ان کے مشرک شوہر موجود ہونے کی وجہ سے ان سے تعلقات قائم کرنے سے اجتناب کیا۔ اس پر اللہ عزّ وجل نے اس بارہ میں یہ آیت نازل فرمائی (وَالْمُحْصَنٰتُ...) اور عورتوں میں سے وہ (بھی تم پر حرام ہیں) جن کے خاوند

2629: اطراف: مسلم كتاب الرضاع باب جواز وطء المسبية بعد الاستبراء 2630

تخریج: ترمذی كتاب النكاح باب ماجاء في الرجل يسبى الامة ولها زوج ...1132 كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة النسآء 3016، 3017 **نسائی** كتاب النكاح تاويل قول الله عزوجل والمحصنات من النساء 3333 **ابو داود** كتاب النكاح باب في وطء السبايا 2155

غشْيَانِهِنَّ مِنْ أَجْلِ أَزْوَاجِهِنَّ مِنْ الْمُشْرِكِينَ فَأَنْزَلَ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ فِي ذَلِكَ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ أَيْ فَهُنَّ لَكُمْ حَلَالٌ إِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهُنَّ{34}و حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالُوا حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ أَنَّ أَبَا عَلْقَمَةَ الْهَاشِمِيَّ حَدَّثَ أَنَّ أَبَا سَعِيدٍ الْخُدْرِيَّ حَدَّثَهُمْ أَنَّ نَبِيَّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ يَوْمَ حُنَيْنٍ سَرِيَّةً بِمَعْنَى حَدِيثِ يَزِيدَ بْنِ زُرَيْعٍ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ إِلَّا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ مِنْهُنَّ فَحَلَالٌ لَكُمْ وَلَمْ يَذْكُرْ إِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهُنَّ و حَدَّثَنِيهِ يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [3610,3609,3608]

موجود ہوں سوائے ان کے جن کے تمہارے داہنے ہاتھ مالک ہوں یعنی وہ تم پر حلال ہیں جب ان کی عدّت گزر جائے۔

ایک اور روایت میں (اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ یَوْمَ حُنَیْنٍ بَعَثَ جَیْشًا کی بجائے) اَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ ﷺ بَعَثَ یَوْمَ حُنَیْنٍ سَرِیَّةً کے الفاظ ہیں۔

اور اس روایت میں اِذَا انْقَضَتْ عِدَّتُهُنَّ کا ذکر نہیں۔

2630{35} و حَدَّثَنِيهِ يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ الْحَارِثِيُّ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي الْخَلِيلِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ قَالَ أَصَابُوا سَبْيًا يَوْمَ أَوْطَاسَ لَهُنَّ

2630: حضرت ابوسعیدؓ کہتے ہیں کہ اوطاس کی جنگ کے موقعہ پر انہوں نے قیدی عورتیں پائیں جن کے خاوند تھے تو ان کو ڈر پیدا ہوا تو یہ آیت نازل ہوئی۔ (وَالْمُحْصَنٰتُ...)☆ ترجمہ: اور عورتوں میں سے

2630: اطراف: مسلم کتاب الرضاع باب جواز وطء المسبية بعدالاستبراء 2629

تخريج: ترمذی كتاب النكاح باب ماجاء في الرجل يسبى الامة ولها زوج 1132 كتاب تفسير القرآن باب ومن سورة النسآء 3016 3017 **نسائی** كتاب النكاح تاويل قول الله عزوجل والمحصنات من النساء 3333 **ابو داود** كتاب النكاح باب فی وطء السبايا 2155

☆ (النساء :25)

أَزْوَاجٌ فَتَخَوَّفُوا فَأُنْزِلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ وَالْمُحْصَنَاتُ مِنَ النِّسَاءِ إِلَّا مَا مَلَكَتْ أَيْمَانُكُمْ و حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ قَتَادَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [3612,3611]

وہ (بھی تم پر حرام ہیں) جن کے خاوند موجود ہوں سوائے ان کے جن کے تمہارے داہنے ہاتھ مالک ہوں۔

[10]34:بَاب:الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَتَوَقِّي الشُّبُهَاتِ

باب: بچہ بستر والے کا ہے اور شبہات سے بچنا

2631{36} حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ ح و حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ اخْتَصَمَ سَعْدُ بْنُ أَبِي وَقَّاصٍ وَعَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ فِي غُلَامٍ فَقَالَ سَعْدٌ هَذَا يَا رَسُولَ اللَّهِ ابْنُ أَخِي عُتْبَةَ بْنِ أَبِي وَقَّاصٍ عَهِدَ إِلَيَّ أَنَّهُ ابْنُهُ انْظُرْ إِلَى شَبَهِهِ وَقَالَ عَبْدُ بْنُ زَمْعَةَ هَذَا أَخِي يَا رَسُولَ اللَّهِ وُلِدَ عَلَى فِرَاشِ أَبِي مِنْ وَلِيدَتِهِ فَنَظَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى شَبَهِهِ فَرَأَى شَبَهًا بَيِّنًا بِعُتْبَةَ فَقَالَ هُوَ لَكَ يَا

2631: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے آپؓ فرماتی ہیں حضرت سعد بن ابی وقاصؓ اور حضرت عبد بن زمعہؓ کے درمیان ایک لڑکے کے بارہ میں جھگڑا ہوا حضرت سعدؓ نے عرض کیا یا رسولؐ اللہ! یہ میرے بھائی عتبہ بن ابی وقاص کا بچہ ہے۔ اس نے مجھے وصیت میں کہا تھا کہ یہ اس کا بیٹا ہے۔ آپ اس کی شباہت ملاحظہ فرمائیں اور عبد بن زمعہؓ نے عرض کیا یارسولؐ اللہ! یہ میرا بھائی ہے جو میرے باپ کے بستر پر ان کی اپنی لونڈی سے پیدا ہوا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کی شباہت کو دیکھا تو اسے عتبہ کے عین مشابہ پایا۔ آپؐ نے فرمایا اے عبد! یہ تمہارا ہے۔

2631: تخریج: بخاری کتاب البیوع باب تفسیر المشبهات 2053 باب شراء المملوک من الحربی وهبته وعتقه 2218 کتاب فی الخصومات باب دعوى الوصی للمیت 2421 کتاب العتق باب أم الولد 2533 کتاب الوصایا باب مقام النبی بمکة زمن الفتح 4303 کتاب الفرائض باب الولد للفراش حرة کانت أو أمة 6749 ، 6750 باب من ادّعى اخاً اوابن اخٍ ....6765 کتاب الحدود باب للعاهر الحجر 6817 ،6818 کتاب الاحکام باب من قضى له بحق أخيه فلا یاخذه ....7182 نسائی کتاب الطلاق باب الحاق الولد بالفراش اذا لم ینفعه صاحب الفراش 3482 ، 3483 ، 3484 ، 3485 ، 3486 باب فراش الأمة 3487 ابو داود کتاب الطلاق باب الولد للفراش 2273 ، 2274 ، 2275 ابن ماجه کتاب النکاح باب الولد للفراش وللعاهر الحجر2004 ،2005 ،2006 ،2007

عَبْدُ الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ وَاحْتَجِبِي مِنْهُ يَا سَوْدَةُ بِنْتَ زَمْعَةَ قَالَتْ فَلَمْ يَرَ سَوْدَةَ قَطُّ وَلَمْ يَذْكُرْ مُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ قَوْلَهُ يَا عَبْدُ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ كِلَاهُمَا عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ غَيْرَ أَنَّ مَعْمَرًا وَابْنَ عُيَيْنَةَ فِي حَدِيثِهِمَا الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلَمْ يَذْكُرَا وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ[3614,3613]

بچہ بستر والے کا ہے اور زانی کے لئے محرومی ہے☆ اور اے سودہؓ بنت زمعہ تم اس سے پردہ کرو۔ حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں پھر اس نے حضرت سودہؓ کو کبھی نہیں دیکھا۔

ایک روایت میں '' يَا عَبْدُ '' کے الفاظ نہیں۔

ایک روایت میں '' اَلْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ '' کے الفاظ ہیں مگر '' لِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ '' کے الفاظ نہیں۔

2632 {37} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَعَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ قَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ وَأَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ و حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَعَبْدُ الْأَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ وَعَمْرٌو النَّاقِدُ قَالُوا

2632: حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا بچہ بستر والے کا ہے اور بدکار کے لئے محرومی ہے۔

2632:تخریج: **بخاری** کتاب الفرائض باب الولد للفراش حرة كانت أو أمة 6750 كتاب الحدود باب للعاهر الحجر 6818 **ترمذی** كتاب الرضاع باب ماجاء أن الولد للفراش 1157 **نسائی** كتاب الطلاق باب الحاق الولد بالفراش اذا لم ينفعه صاحب الفراش 3482 ، 3483 **ابن ماجه** كتاب النكاح باب الولد للفراش وللعاهر الحجر2006، 2007

☆**لسان العرب میں لکھا ہے وفی الحديث الولد للفراش وللعاهر الحجر ای الخيبة ... وللزانی الخيبة والحرمان (زیر لفظ حجر) یعنی حدیث میں آیا ہے بچہ بستر والے کے لئے ہے اور زانی کے لئے حجر ہیں یعنی ناکامی ومحرومی۔**

حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَمَّا ابْنُ مَنْصُورٍ فَقَالَ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَأَمَّا عَبْدُ الْأَعْلَى فَقَالَ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ أَوْ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَقَالَ زُهَيْرٌ عَنْ سَعِيدٍ أَوْ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ أَحَدُهُمَا أَوْ كِلَاهُمَا عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ وَقَالَ عَمْرٌو حَدَّثَنَا سُفْيَانُ مَرَّةً عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدٍ وَأَبِي سَلَمَةَ وَمَرَّةً عَنْ سَعِيدٍ أَوْ أَبِي سَلَمَةَ وَمَرَّةً عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ حَدِيثِ مَعْمَرٍ [3616,3615]

[11]35:بَاب الْعَمَلِ بِإِلْحَاقِ الْقَائِفِ الْوَلَدَ

قیافہ شناس کا کسی بچہ کو (کسی کی طرف) منسوب کرنے پر کیا عمل کیا جائے

2633 {38} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَمُحَمَّدُ بْنُ رُمْحٍ قَالَ أَخْبَرَنَا اللَّيْثُ ح و حَدَّثَنَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا قَالَتْ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيَّ مَسْرُورًا تَبْرُقُ أَسَارِيرُ وَجْهِهِ فَقَالَ أَلَمْ تَرَيْ أَنَّ مُجَزِّزًا نَظَرَ آنِفًا إِلَى زَيْدِ بْنِ

2633: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے آپؓ فرماتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ میرے پاس خوش خوش تشریف لائے، آپؐ کا چہرہ چمک رہا تھا۔ آپؐ نے فرمایا جانتی ہو کہ مجزّز نے ابھی ابھی زید بن حارثہ اور اسامہ بن زید کو دیکھ کر کہا ہے کہ ان میں سے بعض پیر بعض سے ہیں۔

2633: اطراف: مسلم کتاب الرضاع باب العمل بالحاق القائف الولد 2634 ، 2635

تخریج: بخاری کتاب المناقب باب صفة النبی ﷺ 3555 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب زید بن حارثه مولی النبی ﷺ 3731 کتاب الفرائض باب القائف 6770 ، 6771 **ترمذی** کتاب الولاء والهبة باب ماجاء فی القافة 2129 **نسائی** کتاب الطلاق باب القافة 3493 ، 3494 **ابو داود** کتاب الطلاق باب فی القافة 2267 **ابن ماجه** کتاب الأحکام باب القافة 2349

حَارِثَةَ وَأُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ فَقَالَ إِنَّ بَعْضَ هَذِهِ الْأَقْدَامِ لَمِنْ بَعْضٍ[3617]

2634{39} و حَدَّثَنِي عَمْرٌو النَّاقِدُ وَزُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَاللَّفْظُ لِعَمْرٍو قَالُوا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ مَسْرُورًا فَقَالَ يَا عَائِشَةُ أَلَمْ تَرَيْ أَنَّ مُجَزِّزًا الْمُدْلِجِيَّ دَخَلَ عَلَيَّ فَرَأَى أُسَامَةَ وَزَيْدًا وَعَلَيْهِمَا قَطِيفَةٌ قَدْ غَطَّيَا رُءُوسَهُمَا وَبَدَتْ أَقْدَامُهُمَا فَقَالَ إِنَّ هَذِهِ الْأَقْدَامَ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ [3618]

2634: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ میرے پاس خوش خوش تشریف لائے آپؐ نے فرمایا اے عائشہؓ کیا تمہیں علم ہے کہ مُجزّز مدلجی میرے پاس آیا اور اس نے اسامہ اور زید کو دیکھا۔ان دونوں پر ایک چادر تھی جس سے انہوں نے اپنے سر ڈھانپے ہوئے تھے اور ان کے پاؤں کھلے تھے اس نے کہا کہ یہ پیر ایک دوسرے سے ہیں۔

2635 {40} و حَدَّثَنَاه مَنْصُورُ بْنُ أَبِي مُزَاحِمٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ قَائِفٌ وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاهِدٌ وَأُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَزَيْدُ بْنُ حَارِثَةَ

2635: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ ایک قیافہ شناس رسول اللہ ﷺ کی موجودگی میں آیا اور اسامہ بن زیدؓ اور زید بن حارثہؓ لیٹے ہوئے تھے۔اس نے کہا یہ پیر ایک دوسرے سے ہیں۔نبی ﷺ اس بات سے بہت خوش ہوئے اور آپؐ کو یہ بات بہت اچھی لگی

2634: اطراف: **مسلم** کتاب الرضاع باب العمل بالحاق القائف الولد 2633 ، 2635

تخریج: بخاری کتاب المناقب باب صفة النبی ﷺ 3555 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب زید بن حارثه مولی النبی ﷺ 3731 کتاب الفرائض باب القائف 6770 ، 6771 **ترمذی** کتاب الولاء والهبة باب ماجاء فی القافة 2129 **نسائی** کتاب الطلاق باب القافة 3493 ، 3494 **ابوداود** کتاب الطلاق باب فی القافة 2267 **ابن ماجه** کتاب الأحکام باب القافة 2349

2635: اطراف: **مسلم** کتاب الرضاع باب العمل بالحاق القائف الولد 2633 ، 2634

تخریج: بخاری کتاب المناقب باب صفة النبی ﷺ 3555 کتاب فضائل اصحاب النبی ﷺ باب مناقب زید بن حارثه مولی النبی ﷺ 3731 کتاب الفرائض باب القائف 6770 ، 6771 **ترمذی** کتاب الولاء والهبة باب ماجاء فی القافة 2129 **نسائی** کتاب الطلاق باب القافة 3493 ، 3494 **ابوداود** کتاب الطلاق باب فی القافة 2267 **ابن ماجه** کتاب الأحکام باب القافة 2349

مُضْطَجِعَانِ فَقَالَ إِنَّ هَذِهِ الْأَقْدَامَ بَعْضُهَا مِنْ بَعْضٍ فَسُرَّ بِذَلِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَعْجَبَهُ وَأَخْبَرَ بِهِ عَائِشَةَ و حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا ابْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ ح و حَدَّثَنَا عَبْدُ بْنُ حُمَيْدٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ وَابْنُ جُرَيْجٍ كُلُّهُمْ عَنِ الزُّهْرِيِّ بِهَذَا الْإِسْنَادِ بِمَعْنَى حَدِيثِهِمْ وَزَادَ فِي حَدِيثِ يُونُسَ وَكَانَ مُجَزِّزٌ قَائِفًا [3620,3619]

اور آپؐ نے یہ بات حضرت عائشہؓ کو بتائی۔
ایک اور روایت میں یہ اضافہ ہے کہ مجزز ایک قیافہ شناس تھا۔

[12]36:بَاب: قَدْرُ مَا تَسْتَحِقُّهُ الْبِكْرُ وَالثَّيِّبُ مِنْ إِقَامَةِ الزَّوْجِ عِنْدَهَا عُقْبَ الزِّفَافِ

باب: کنواری اور بیوہ شادی کے بعد خاوند کے پاس کتنے قیام کی مستحق ہے

2636{41} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَمُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ وَيَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَاللَّفْظُ لِأَبِي بَكْرٍ قَالُوا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا تَزَوَّجَ أُمَّ سَلَمَةَ أَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا

2636: حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جب ان سے شادی کی تو ان کے پاس تین دن قیام فرمایا اور فرمایا تمہیں تمہارے خاندان کے سامنے کوئی شرمساری نہیں ہوگی۔ اگر تم چاہتی ہو تو تمہارے پاس ایک ہفتہ ٹھہر سکتا ہوں لیکن اگر میں تمہارے پاس ہفتہ ٹھہرا تو اپنی (باقی) بیویوں کے پاس بھی ہفتہ ٹھہروں گا۔

2636: **اطراف**: مسلم کتاب الرضاع باب قدر ما تستحقه البكر والثيب من اقامة الزوج عندها عقب الزفاف 2637، 2638، 2639
تخریج: ابو داود کتاب النكاح باب فی المقام عندالبكر 2122، 2123، 2124 **ابن ماجه** كتاب النكاح باب الاقامة على البكر والثيب 1916، 1917

وَقَالَ إِنَّهُ لَيْسَ بِكِ عَلَى أَهْلِكِ هَوَانٌ إِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ لَكِ وَإِنْ سَبَّعْتُ لَكِ سَبَّعْتُ لِنِسَائِي [3621]

2637{42}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى قَالَ قَرَأْتُ عَلَى مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ تَزَوَّجَ أُمَّ سَلَمَةَ وَأَصْبَحَتْ عِنْدَهُ قَالَ لَهَا لَيْسَ بِكِ عَلَى أَهْلِكِ هَوَانٌ إِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ عِنْدَكِ وَإِنْ شِئْتِ ثَلَّثْتُ ثُمَّ دُرْتُ قَالَتْ ثَلِّثْ [3622]

2637: عبدالملک بن ابی بکر بن عبدالرحمان سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جب حضرت ام سلمہؓ سے شادی کی اور وہ آپؐ کے پاس رہیں تو آپؐ نے فرمایا تمہیں تمہارے خاندان کے سامنے کوئی شرمساری نہیں ہوگی۔ اگر تم چاہتی ہو تو تمہارے پاس ایک ہفتہ رہ سکتا ہوں، اگر تم چاہو تو تین دن، پھر میں باری دیتا رہوں۔ انہوں نے عرض کیا کہ تین دن۔

2638{42} وحَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مَسْلَمَةَ الْقَعْنَبِيُّ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ يَعْنِي ابْنَ بِلَالٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ تَزَوَّجَ أُمَّ سَلَمَةَ فَدَخَلَ عَلَيْهَا فَأَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ أَخَذَتْ بِثَوْبِهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنْ شِئْتِ زِدْتُكِ

2638: ابوبکر بن عبدالرحمان سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جب حضرت ام سلمہؓ سے شادی کی اور ان کے پاس تشریف لائے۔ پھر ان کے پاس سے جانے کا ارادہ فرمایا تو انہوں نے آپؐ کا کپڑا پکڑ لیا۔ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر تم چاہو تو میں تمہارے پاس زیادہ رہوں اور تمہارے پاس رہنے کا حساب رکھوں۔ کنواری کے پاس سات دن اور بیوہ کے پاس تین دن۔

2637:اطراف : مسلم كتاب الرضاع باب قدر ما تستحقه البكر والثيب من اقامة الزوج عندها عقب الزفاف2636 ، 2638 ، 2639

تخريج: ابو داود كتاب النكاح باب فی المقام عندالبكر2122 ابن ماجه كتاب النكاح باب الاقامة على البكر والثيب 1917

2638:اطراف : مسلم كتاب الرضاع باب قدر ما تستحقه البكر والثيب من اقامة الزوج عندها عقب الزفاف2636 ،2637 ، 2639

تخريج: بخاری كتاب النكاح باب اذاتزوج البكر على الثيب5213 باب اذا تزوج الثيب على البكر 2122 ، 2123 ، 2124

ابن ماجه كتاب النكاح باب الاقامة على البكر والثيب1916 ، 1917

وَحَاسَبْتُكِ بِهِ لِلْبِكْرِ سَبْعٌ وَلِلثَّيِّبِ ثَلَاثٌ و حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا أَبُو ضَمْرَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ حُمَيْدٍ بِهَذَا الْإِسْنَادِ مِثْلَهُ [3624,3623]

2639{43}حَدَّثَنِي أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا حَفْصٌ يَعْنِي ابْنَ غِيَاثٍ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ أَيْمَنَ عَنْ أَبِي بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ ذَكَرَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزَوَّجَهَا وَذَكَرَ أَشْيَاءَ هَذَا فِيهِ قَالَ إِنْ شِئْتِ أَنْ أُسَبِّعَ لَكِ وَأُسَبِّعَ لِنِسَائِي وَإِنْ سَبَّعْتُ لَكِ سَبَّعْتُ لِنِسَائِي [3625]

2639: حضرت ام سلمہؓ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ ﷺ نے ان سے شادی کی۔(راوی نے کئی باتوں کا ذکر کیا جن میں یہ بھی ہے) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اگر تم چاہو تو میں سات دن تمہارے پاس رہوں اور سات دن دوسری بیویوں کے پاس۔اگر میں سات دن تمہارے پاس ٹھہروں گا تو سات سات دن اپنی دوسری بیویوں کے پاس ٹھہروں گا۔

2640{44}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ خَالِدٍ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ إِذَا تَزَوَّجَ الْبِكْرَ عَلَى الثَّيِّبِ أَقَامَ عِنْدَهَا سَبْعًا وَإِذَا تَزَوَّجَ الثَّيِّبَ عَلَى الْبِكْرِ أَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا قَالَ خَالِدٌ وَلَوْ قُلْتُ إِنَّهُ رَفَعَهُ لَصَدَقْتُ وَلَكِنَّهُ قَالَ السُّنَّةُ كَذَلِكَ [3626]

2640: حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ جب کوئی شخص بیوہ کے ہوتے ہوئے کسی کنواری سے شادی کرے تو اس کے پاس سات دن ٹھہرے اور جب کنوری کے ہوتے ہوئے کسی بیوہ سے شادی کرے تو اس کے پاس تین دن ٹھہرے۔راوی خالد کہتے ہیں کہ اگر میں کہوں کہ یہ حدیث مرفوع ہے تو یہ میں درست کہہ رہا ہوں گا لیکن انہوں نے کہا کہ سنت اسی طرح ہے۔

2639: اطراف: مسلم کتاب الرضاع باب قدر ما تستحقه البكر والثيب من اقامة الزوج عندها عقب الزفاف2636، 2637، 2638
تخریج: **ابو داود** کتاب النکاح باب فی المقام عندالبکر2122 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب الاقامة علی البکر والثیب 1917
2640: اطراف: مسلم کتاب الرضاع باب قدر ما تستحقه البكر والثيب من اقامة الزوج عندها عقب الزفاف 2641
تخریج: **بخاری** کتاب النکاح باب اذا تزوج البکر علی الثیب5213 **ترمذی** کتاب النکاح باب ماجاء فی القسمة البکر والثیب 1139 **ابو داود** کتاب النکاح باب فی المقام عندالبکر2123، 2124 **ابن ماجه** کتاب النکاح باب الاقامة علی البکر والثیب 1916

2641{45} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَيُّوبَ وَخَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ مِنَ السُّنَّةِ أَنْ يُقِيمَ عِنْدَ الْبِكْرِ سَبْعًا قَالَ خَالِدٌ وَلَوْ شِئْتُ قُلْتُ رَفَعَهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ [3627]

2641: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ سنت یہ ہے کہ کنواری کے پاس سات دن ٹھہرا جائے۔ راوی خالد کہتے ہیں کہ اگر میں چاہوں تو کہوں کہ یہ حدیث نبی ﷺ سے انہوں (حضرت انسؓ) نے مرفوعًا بیان کی ہے۔

[13]37: بَاب: الْقَسْمُ بَيْنَ الزَّوْجَاتِ وَبَيَانُ أَنَّ السُّنَّةَ أَنْ تَكُونَ لِكُلِّ وَاحِدَةٍ لَيْلَةٌ مَعَ يَوْمِهَا

باب: بیویوں کے درمیان دنوں کی تقسیم اور سنت یہ ہے کہ ہر ایک کے لئے رات اس کے دن کے ساتھ ہو

2642{46} حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِسْعُ نِسْوَةٍ فَكَانَ إِذَا قَسَمَ بَيْنَهُنَّ لَا يَنْتَهِي إِلَى الْمَرْأَةِ الْأُولَى إِلَّا فِي تِسْعٍ فَكُنَّ يَجْتَمِعْنَ كُلَّ لَيْلَةٍ فِي بَيْتِ الَّتِي يَأْتِيهَا فَكَانَ فِي بَيْتِ عَائِشَةَ فَجَاءَتْ زَيْنَبُ فَمَدَّ يَدَهُ إِلَيْهَا فَقَالَتْ هَذِهِ زَيْنَبُ فَكَفَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

2642: حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ کی نو ازواجِ مطہرات تھیں۔ جب آپؐ ان کے درمیان دنوں کی تقسیم فرماتے تو پہلی بیوی کے پاس نویں (دن) تشریف لاتے اور جس کے گھر میں آپؐ کی باری ہوتی اس میں آپؐ کی تمام ازواج اکٹھی ہو جاتیں۔ ایک دن جبکہ آپؐ حضرت عائشہؓ کے گھر میں تھے تو حضرت زینبؓ آئیں۔ آپؐ نے اپنا ہاتھ ان کی طرف بڑھایا۔ حضرت عائشہؓ نے کہا یہ زینب ہے۔ اس پر نبی ﷺ نے اپنا ہاتھ روک لیا۔ وہ دونوں

2641: اطراف: مسلم کتاب الرضاع باب قدر ما تستحقه البكر والثيب من اقامة الزوج عندها عقب الزفاف 2640

تخريج: بخاری كتاب النكاح باب اذا تزوج البكر على الثيب 5213 **ترمذی** كتاب النكاح باب ماجاء فى القسمة البكر والثيب 1139 **ابو داود** كتاب النكاح باب فى المقام عندالبكر 2123، 2124 **ابن ماجه** كتاب النكاح باب الاقامة على البكر والثيب 1916

يَدَهُ فَتَقَاوَلَتَا حَتَّى اسْتَخَبَتَا وَأُقِيمَتْ الصَّلَاةُ فَمَرَّ أَبُو بَكْرٍ عَلَى ذَلِكَ فَسَمِعَ أَصْوَاتَهُمَا فَقَالَ اخْرُجْ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِلَى الصَّلَاةِ وَاحْثُ فِي أَفْوَاهِهِنَّ التُّرَابَ فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ عَائِشَةُ الْآنَ يَقْضِي النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ فَيَجِيءُ أَبُو بَكْرٍ فَيَفْعَلُ بِي وَيَفْعَلُ فَلَمَّا قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَاتَهُ أَتَاهَا أَبُو بَكْرٍ فَقَالَ لَهَا قَوْلًا شَدِيدًا وَقَالَ أَتَصْنَعِينَ هَذَا [3628]

تخریج: بخاری کتاب الطلاق باب قول اللہ تعالیٰ یا یھا النبی اذا طلقتم النساء فطلقو ھن .....5251 تفسیر القرآن سورۃ الطلاق 4908 کتاب الطلاق باب اذاطلقت الحائض تعتد بذالک الطلاق 5252 ، 5253 باب من طلق وھل یواجہ الرجل امراتہ بالطلاق 5258باب(وبعولتھن احق بردھن)فی العدۃ وکیف یراجع المرأۃ.... 5332 باب مراجعۃ الحائض 5333کتاب الاحکام باب ھل یقضی القاضی او یفتی وھو غضبان 7160 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان عن رسول اللہ ﷺ باب ماجاء فی طلاق السنۃ 1175،1176 **نسائی** کتاب الطلاق باب وقت الطلاق للعدۃ التی امر اللہ عزوجل ..... 3389 ، 3390 ، 3391 ، 3392 باب مایفعل اذا طلق تطلیقۃ وھی حائض 3396 ، 3397 باب الطلاق لغیر العدۃ 3398 الطلاق لغیر العدۃوما یحتسب منہ علی المطلق 3399 ، 3400 باب الرجعۃ 3555 ، 3556 ، 3557 ، 3558 ، 3559 **ابوداؤد** کتاب الطلاق باب فی طلاق السنۃ2179 ، 2180 ، 2181 ، 2182 ، 2184 ، 2185 **ابن ماجہ** کتاب الطلاق باب طلاق السنۃ2019 ، 2022 باب الحامل کیف تطلق2023

وَهِيَ حَائِضٌ فَسَأَلَ عُمَرُ عَنْ ذَلِكَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا حَتَّى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيضَ حَيْضَةً أُخْرَى ثُمَّ تَطْهُرَ ثُمَّ يُطَلِّقُ بَعْدُ أَوْ يُمْسِكُ[3660]

حتیٰ کہ وہ پاک ہوجائے پھر وہ دوسری مرتبہ حائضہ ہو پھر پاک ہو، پھر اس کے بعد وہ طلاق دے یا روک لے۔

2668{7}وحَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِيُّ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ أَيُّوبَ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ قَالَ مَكَثْتُ عِشْرِينَ سَنَةً يُحَدِّثُنِي مَنْ لَا أَتَّهِمُ أَنَّ ابْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ ثَلَاثًا وَهِيَ حَائِضٌ فَأُمِرَ أَنْ يُرَاجِعَهَا فَجَعَلْتُ لَا أَتَّهِمُهُمْ وَلَا أَعْرِفُ الْحَدِيثَ حَتَّى لَقِيتُ أَبَا غَلَّابٍ يُونُسَ بْنَ جُبَيْرٍ الْبَاهِلِيَّ وَكَانَ ذَا ثَبَتٍ فَحَدَّثَنِي أَنَّهُ سَأَلَ ابْنَ عُمَرَ فَحَدَّثَهُ أَنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ تَطْلِيقَةً وَهِيَ حَائِضٌ فَأُمِرَ أَنْ يَرْجِعَهَا قَالَ قُلْتُ أَفَحُسِبَتْ عَلَيْهِ قَالَ فَمَهْ أَوَ إِنْ عَجَزَ

2668: ابن سیرین سے روایت ہے وہ کہتے ہیں مجھ سے ایک ایسا شخص جس پر میں کوئی تہمت نہیں لگاتا بیس سال تک بیان کرتا رہا کہ حضرت ابن عمرؓ نے اپنی بیوی کو تین طلاقیں دی تھیں اور وہ حائضہ تھیں تو انہیں رجوع کرنے کا حکم دیا گیا۔ میں نہ تو (اس روایت کے) راویوں پر تہمت لگاتا تھا اور نہ ہی مجھے اس روایت کی معرفت تھی یہانتک کہ میں ابوغلاب یونس بن جبیر الباہلی سے ملا اور وہ قابلِ اعتماد آدمی تھے۔ تو انہوں نے مجھے بتایا کہ انہوں نے ابنِ عمرؓ سے پوچھا تھا تو انہوں نے مجھے (ابوغلاب کو) بتایا کہ انہوں نے حالتِ حیض میں اپنی عورت کو طلاق دی تو انہیں حکم دیا

2668 : اطراف : مسلم كتاب الطلاق باب تحريم طلاق الحائض بغير رضاها 2661 ، 2662 ، 2663 ،2664 ، 2665 2666 ، 2667 ،2669 ، 2670 ، 2671 ، 2672 ، 2673 ، 2674

تخريج: بخاری كتاب الطلاق باب قول الله تعالیٰ يا يها النبی اذا طلقتم النساء فطلقو هن .....5251 تفسير القرآن سورة الطلاق 4908 كتاب الطلاق باب اذاطلقت الحائض تعتد بذالک الطلاق 5252 ، 5253 باب من طلق وهل يواجه الرجل امراته بالطلاق 5258 باب(وبعولتهن احق بردهن)فی العدة وكيف يراجع المرأة.... 5332 باب مراجعة الحائض 5333كتاب الاحكام باب هل يقضی القاضی او يفتی وهو غضبان 7160 **ترمذی** كتاب الطلاق واللعان عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فی طلاق السنة 1175، 1176 **نسائی** كتاب الطلاق باب وقت الطلاق للعدة التی امر الله عزوجل ..... 3389 ، 3390 ، 3391 ، 3392 باب مايفعل اذا طلق تطليقة وهی حائض 3396 ، 3397 باب الطلاق لغير العدة 3398 الطلاق لغير العدةوما يحتسب منه علی المطلق 3399 ، 3400 باب الرجعة 3555 ، 3556 ، 3557 ، 3558 ، 3559 **ابو داؤد** كتاب الطلاق باب فی طلاق السنة2179 ، 2180 ، 2181 ، 2182 ، 2184 2185 **ابن ماجه** كتاب الطلاق باب طلاق السنة2019 ، 2022 باب الحامل كيف تطلق2023

وَاسْتَحْمَقَ و حَدَّثَنَاه أَبُو الرَّبِيعِ وَقُتَيْبَةُ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ غَيْرَ أَنَّهُ قَالَ فَسَأَلَ عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهُ {8} و حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي عَنْ أَيُّوبَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ وَقَالَ فِي الْحَدِيثِ فَسَأَلَ عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَلِكَ فَأَمَرَهُ أَنْ يُرَاجِعَهَا حَتَّى يُطَلِّقَهَا طَاهِرًا مِنْ غَيْرِ جِمَاعٍ وَقَالَ يُطَلِّقُهَا فِي قُبُلِ عِدَّتِهَا[3663,3662,3661]

گیا کہ وہ رجوع کریں۔ وہ کہتے ہیں میں نے کہا کیا وہ طلاق اس کی طرف سے شمار کی گئی؟ انہوں نے کہا کیوں نہیں اگرچہ (طلاق دینے والا) عاجز آجاتا یا حواس کھو بیٹھتا (تو کیا طلاق شمار نہ ہوتی)۔

ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت عمرؓ نے نبی ﷺ سے اس بارہ میں پوچھا تو آپؐ نے انہیں حکم دیا ایک اور روایت میں ہے کہ حضرت عمرؓ نے اس بارہ میں نبی ﷺ سے پوچھا تو آپؐ نے انہیں حکم دیا کہ وہ رجوع کرے حتّٰی کہ وہ طہر کی حالت میں بغیر ازدواجی تعلق طلاق دے اور فرمایا وہ اسے عدت کے آغاز میں طلاق دے۔

2669{9} و حَدَّثَنِي يَعْقُوبُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الدَّوْرَقِيُّ عَنِ ابْنِ عُلَيَّةَ عَنْ يُونُسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ يُونُسَ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ رَجُلٌ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَقَالَ أَتَعْرِفُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ فَإِنَّهُ

2669: یونس بن جبیر سے روایت ہے وہ کہتے ہیں میں نے حضرت ابن عمرؓ سے کہا: ایک شخص نے اپنی بیوی کو طلاق دی اور وہ حائضہ تھی۔ انہوں نے کہا کیا تم عبداللہ بن عمرؓ کو جانتے ہو؟ انہوں نے اپنی بیوی کو طلاق دی تھی اور وہ حائضہ تھی۔ اس پر حضرت عمرؓ

2669: **اطراف** :**مسلم** كتاب الطلاق باب تحريم طلا ق الحائض بغير رضاها ..... 2661 ، 2662 ، 2663 ،2664 ، 2665 ، 2666 ، 2667 ، 2669 ، 2670 ، 2671 ، 2672 ، 2673 ، 2674

تخريج:بخارى كتاب الطلاق باب قول الله تعالىٰ يا يها النبى اذا طلقتم النساء فطلقو هن .....5251 تفسير القرآن سورة الطلاق 4908 كتاب الطلاق باب اذاطلقت الحائض تعتد بذالک الطلاق 5252 ، 5253 باب من طلق وهل يواجه الرجل امراته بالطلاق 5258باب(وبعولتهن احق بردهن)فى العدة وكيف يراجع المرأ ة.... 5332 باب مراجعة الحائض 5333كتاب الاحكام باب هل يقضى القاضى او يفتى وهو غضبان 7160 **ترمذى** كتاب الطلاق واللعان عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فى طلاق السنة 1175،1176 **نسائى** كتاب الطلاق باب وقت الطلاق للعدة التى امر الله عزوجل ..... 3389 ، 3390 ، 3391 ، 3392 باب مايفعل اذا طلق تطليقة وهى حائض 3396 ، 3397 باب الطلاق لغير العدة 3398 الطلاق لغير العدةوما يحتسب منه على المطلق 3399 ، 3400 باب الرجعة 3555 ، 3556 ، 3557 ، 3558 ، 3559 **ابو داؤد** كتاب الطلاق باب فى طلاق السنة2179 ، 2180 ، 2181 ، 2182 ، 2184 ، 2185 **ابن ماجه** كتاب الطلاق باب طلاق السنة2019 ، 2022 باب الحامل كيف تطلق2023

طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَأَتَى عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَهُ فَأَمَرَهُ أَنْ يَرْجِعَهَا ثُمَّ تَسْتَقْبِلَ عِدَّتَهَا قَالَ فَقُلْتُ لَهُ إِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ أَتَعْتَدُّ بِتِلْكَ التَّطْلِيقَةِ فَقَالَ فَمَهْ أَوَ إِنْ عَجَزَ وَاسْتَحْمَقَ [3664]

نبی ﷺ کے پاس آئے اور آپؐ سے پوچھا۔ آپؐ نے حکم دیا کہ اس سے رجوع کرے اور پھر نئے سرے سے اس کی عدّت شمار کرے۔ راوی کہتے ہیں میں نے ان سے کہا جب آدمی اپنی بیوی کو طلاق دے اور وہ حائضہ ہو کیا آپ وہ طلاق شمار کریں گے؟ انہوں نے کہا تو اور کیا؟ ہاں اگر (طلاق دینے والا) عاجز آتا یا حواس کھو بیٹھتا (تو کیا طلاق شمار نہ ہوتی)؟

2670 {10} حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ يُونُسَ بْنَ جُبَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَقُولُ طَلَّقْتُ امْرَأَتِي وَهِيَ حَائِضٌ فَأَتَى عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُرَاجِعْهَا فَإِذَا طَهُرَتْ فَإِنْ

2670: یونس بن جبیر کہتے ہیں میں نے حضرت ابن عمرؓ کو کہتے سنا میں نے اپنی بیوی کو حائضہ ہونے کی حالت میں طلاق دی تھی۔ حضرت عمرؓ نبی ﷺ کے پاس آئے اور آپؐ سے اس بات کا ذکر کیا نبی ﷺ نے فرمایا اسے چاہئے کہ وہ رجوع کرے پس جب وہ پاک ہو جائے تو پھر اگر وہ چاہے تو اسے طلاق دے دے۔ راوی کہتے ہیں میں نے حضرت ابن عمرؓ سے کہا کیا آپ نے اس طلاق کو شمار کیا تھا؟ انہوں نے کہا

2670 : اطراف :مسلم كتاب الطلاق باب تحريم طلا ق الحائض بغير رضاها ..... 2661 ، 2662 ، 2663 ،2664 ، 2665 ، 2666 ، 2667 ، 2668 ، 2669 ، 2671 ، 2672 ، 2673 ، 2674

تخريج: بخارى كتاب الطلاق باب قول الله تعالىٰ يا يها النبى اذا طلقتم النساء فطلقو هن .....5251 تفسير القرآن سورة الطلاق 4908 كتاب الطلاق باب اذاطلقت الحائض تعتد بذالک الطلاق 5252 ، 5253 باب من طلق وهل يواجه الرجل امراته بالطلاق 5258 باب(وبعولتهن احق بردهن)فى العدة وكيف يراجع المرأة.... 5332 باب مراجعة الحائض 5333كتاب الاحكام باب هل يقضى القاضى او يفتى وهو غضبان 7160 **ترمذى** كتاب الطلاق واللعان عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فى طلاق السنة 1175، 1176 **نسائى** كتاب الطلاق باب وقت الطلاق للعدة التى امر الله عزوجل ..... 3389 ، 3390 ، 3391 ، 3392 باب مايفعل اذا طلق تطليقة وهى حائض 3396 ، 3397 باب الطلاق لغير العدة 3398 الطلاق لغير العدةوما يحتسب منه على المطلق 3399 ، 3400 باب الرجعة 3555 ، 3556 ، 3557 ، 3558 ، 3559 **ابو داؤد** كتاب الطلاق باب فى طلاق السنة2179 ، 2180 ، 2181 ، 2182 ، 2184 2185 **ابن ماجه** كتاب الطلاق باب طلاق السنة2019 ، 2022 باب الحامل كيف تطلق2023

شَاءَ فَلْيُطَلِّقْهَا قَالَ فَقُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ أَفَاحْتَسَبْتَ بِهَا قَالَ مَا يَمْنَعُهُ أَرَأَيْتَ إِنْ عَجَزَ وَاسْتَحْمَقَ[3665]

کہ کونسی چیز اس میں روک ہے؟ تمہارا کیا خیال ہے کیا (طلاق دینے والا) عاجز آ جائے یا حواس باختہ ہو جائے (تو کیا طلاق شمار نہ ہوگی)؟

2671{11} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى أَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ أَنَسِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنْ امْرَأَتِهِ الَّتِي طَلَّقَ فَقَالَ طَلَّقْتُهَا وَهِيَ حَائِضٌ فَذُكِرَ ذَلِكَ لِعُمَرَ فَذَكَرَهُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا فَإِذَا طَهُرَتْ فَلْيُطَلِّقْهَا لِطُهْرِهَا قَالَ فَرَاجَعْتُهَا ثُمَّ طَلَّقْتُهَا لِطُهْرِهَا قُلْتُ فَاعْتَدَدْتَ بِتِلْكَ التَّطْلِيقَةِ الَّتِي طَلَّقْتَ وَهِيَ حَائِضٌ قَالَ مَا لِيَ لَا أَعْتَدُّ بِهَا وَإِنْ كُنْتُ عَجَزْتُ وَاسْتَحْمَقْتُ[3666]

2671: انس بن سیرین سے روایت ہے وہ کہتے ہیں کہ میں نے حضرت ابن عمرؓ سے ان کی بیوی کے بارہ میں پوچھا جسے انہوں نے طلاق دی تھی جبکہ وہ حائضہ تھیں۔ اس بات کا ذکر حضرت عمرؓ سے کیا گیا انہوں نے نبی ﷺ سے اس کا ذکر کیا آپؐ نے فرمایا اسے حکم دو کہ وہ رجوع کرے پھر جب وہ پاک ہو جائے تو وہ اسے طہر میں طلاق دے سکتا ہے۔ میں نے (حضرت ابن عمرؓ) سے کہا کیا آپ نے اس طلاق کو شمار کیا تھا جو آپ نے اس کے حائضہ ہونے کی حالت میں دی تھی؟ انہوں نے کہا مجھے کیا ہے کہ میں اسے شمار نہ کروں۔ اور اگر میں عاجز ہو جاؤں یا پاگل ہو جاؤں (تو کیا طلاق نہ ہوگی؟)

2671 : **اطراف :مسلم** کتاب الطلاق باب تحریم طلا ق الحائض بغیر رضاها..... 2661 ، 2662 ، 2663 ، 2664 ، 2665 2666 ، 2667 ، 2668 ، 2669 ، 2670 ، 2672 ، 2673 ، 2674

تخریج: بخاری کتاب الطلاق باب قول الله تعالیٰ یا یها النبی اذا طلقتم النساء فطلقو هن ..... 5251 تفسیر القرآن سورة الطلاق 4908 کتاب الطلاق باب اذاطلقت الحائض تعتد بذالک الطلاق 5252 ، 5253 باب من طلق وهل یواجه الرجل امراته بالطلاق 5258 باب(وبعولتهن احق بردهن)فی العدة وکیف یراجع المرأ ة.... 5332 باب مراجعة الحائض 5333 کتاب الاحکام باب هل یقضی القاضی او یفتی وهو غضبان 7160 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فی طلاق السنة 1175، 1176 **نسائی** کتاب الطلاق باب وقت الطلاق للعدة التی امر الله عزوجل ..... 3389 ، 3390 ، 3391 ، 3392 باب مایفعل اذا طلق تطلیقة وهی حائض 3396 ، 3397 باب الطلاق لغیر العدة 3398 الطلاق لغیر العدةوما یحتسب منه علی المطلق 3399 ، 3400 باب الرجعة 3555 ، 3556 ، 3557 ، 3558 ، 3559 **ابوداؤد** کتاب الطلاق باب فی طلاق السنة 2179 ، 2180 ، 2181 ، 2182 ، 2184 2185 **ابن ماجه** کتاب الطلاق باب طلاق السنة 2019 ، 2022 باب الحامل کیف تطلق 2023

2672{12}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُثَنَّى وَابْنُ بَشَّارٍ قَالَ ابْنُ الْمُثَنَّى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَنَسِ بْنِ سِيرِينَ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ قَالَ طَلَّقْتُ امْرَأَتِي وَهِيَ حَائِضٌ فَأَتَى عُمَرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ إِذَا طَهُرَتْ فَلْيُطَلِّقْهَا قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ أَفَاحْتَسَبْتَ بِتِلْكَ التَّطْلِيقَةِ قَالَ فَمَهْ و حَدَّثَنِيه يَحْيَى بْنُ حَبِيبٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ ح و حَدَّثَنِيه عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا بَهْزٌ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ بِهَذَا الْإِسْنَادِ غَيْرَ أَنَّ فِي حَدِيثِهِمَا لِيَرْجِعْهَا وَفِي حَدِيثِهِمَا قَالَ قُلْتُ لَهُ أَتَحْتَسِبُ بِهَا قَالَ فَمَهْ [3668,3667]

2672: انس بن سیرین نے حضرت ابن عمرؓ کو کہتے ہوئے سنا میں نے اپنی بیوی کو طلاق دی جبکہ وہ حائضہ تھی۔ پھر حضرت عمرؓ نبی ﷺ کے پاس حاضر ہوئے اور آپؐ کو (یہ بات) بتائی۔ آپؐ نے فرمایا اسے حکم دو وہ رجوع کرے۔ پھر جب وہ پاک ہوجائے تو اسے طلاق دے سکتا ہے۔ راوی کہتے ہیں میں نے حضرت ابن عمرؓ سے کہا کیا آپؐ اسے طلاق قرار دیتے ہیں انہوں نے کہا تو اور کیا!

2672 : اطراف: **مسلم** کتاب الطلاق باب تحریم طلا ق الحائض بغیر رضاھا ... 2661 ، 2662 ، 2663 ،2664 ، 2665 2666 ، 2667 ، 2668 ، 2669 ، 2670 ، 2671 ، 2673 ، 2674

تخریج: بخاری کتاب الطلاق باب قول الله تعالیٰ یا یھا النبی اذا طلقتم النساء فطلقو ھن ... 5251 تفسیر القرآن سورة الطلاق 4908 کتاب الطلاق باب اذاطلقت الحائض تعتد بذالک الطلاق 5252 ، 5253 باب من طلق وھل یواجہ الرجل امراته بالطلاق 5258 باب (وبعولتھن احق بردھن) فی العدة وکیف یراجع المرأ ة.... 5332 باب مراجعة الحائض 5333 کتاب الاحکام باب ھل یقضی القاضی او یفتی وھو غضبان 7160 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فی طلاق السنة 1175 1176 **نسائی** کتاب الطلاق باب وقت الطلاق للعدة التی امر الله عزوجل... 3389 ، 3390 ، 3391 ، 3392 باب مایفعل اذا طلق تطلیقة وھی حائض 3396 ، 3397 باب الطلاق لغیر العدة 3398 الطلاق لغیر العدةوما یحتسب منه علی المطلق 3399 ، 3400 باب الرجعة 3555 ، 3556 ، 3557 ، 3558 ، 3559 **ابو داؤد** کتاب الطلاق باب فی طلاق السنة2179 ، 2180 ، 2181 ، 2182 ، 2184 ، 2185 **ابن ماجه** کتاب الطلاق باب طلاق السنة2019 ، 2022 باب الحامل کیف تطلق2023

2673{13} و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عُمَرَ يُسْأَلُ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ حَائِضًا فَقَالَ أَتَعْرِفُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَإِنَّهُ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ حَائِضًا فَذَهَبَ عُمَرُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرَهُ الْخَبَرَ فَأَمَرَهُ أَنْ يُرَاجِعَهَا قَالَ لَمْ أَسْمَعْهُ يَزِيدُ عَلَى ذَلِكَ لِأَبِيهِ [3669]

2673: ابن طاؤس اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابن عمرؓ کو کہتے ہوئے سنا جبکہ ان سے ایسے شخص کے بارہ میں پوچھا گیا جس نے اپنی بیوی کو حائضہ ہونے کی حالت میں طلاق دی تھی۔ انہوں نے کہا کیا تم عبداللہ بن عمرؓ کو جانتے ہو؟ انہوں نے اپنی بیوی کو حائضہ ہونے کی حالت میں طلاق دی تھی۔ اس پر حضرت عمرؓ نبی ﷺ کے پاس گئے اور انہیں یہ بات بتائی تو آپؐ نے اُسے حکم دیا کہ وہ رجوع کرے۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے ان سے اپنے والد کی طرف اس سے زیادہ بات منسوب کرتے نہیں سنا۔

2674{14} وحَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ ابْنُ

2674: ابوزبیر کہتے ہیں کہا انہوں نے عزّہ کے آزاد کردہ غلام عبدالرحمان بن ایمن کو سنا جبکہ وہ حضرت

2673 : اطراف :مسلم كتاب الطلاق باب تحريم طلا ق الحائض بغير رضاها ..... 2661 ، 2662 ، 2663 ،2664 ، 2665 ، 2666 ، 2667 ، 2668، 2669 ، 2670 ، 2671 ، 2672 ، 2674

تخريج: بخاری كتاب الطلاق باب قول الله تعالىٰ يا يها النبى اذا طلقتم النساء فطلقو هن .....5251 تفسير القرآن سورة الطلاق 4908 كتاب الطلاق باب اذاطلقت الحائض تعتد بذالک الطلاق 5252 ، 5253 باب من طلق وهل يواجه الرجل امراته بالطلاق 5258باب(وبعولتهن احق بردهن)فى العدة وكيف يراجع المرأ ة.... 5332 باب مراجعة الحائض 5333كتاب الاحكام باب هل يقضى القاضى او يفتى وهو غضبان 7160 **ترمذی** كتاب الطلاق واللعان عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فى طلاق السنة 1175، 1176 **نسائی** كتاب الطلاق باب وقت الطلاق للعدة التى امر الله عزوجل ..... 3389 ، 3390 ، 3391 ، 3392 باب مايفعل اذا طلق تطليقة وهى حائض 3396 ، 3397 باب الطلاق لغير العدة 3398 الطلاق لغير العدة وما يحتسب منه على المطلق 3399 ، 3400 باب الرجعة 3555 ، 3556 ، 3557 ، 3558 ، 3559 **ابو داؤد** كتاب الطلاق باب فى طلاق السنة2179 ، 2180 ، 2181 ، 2182 ، 2184 2185 **ابن ماجه** كتاب الطلاق باب طلاق السنة2019 ، 2022 باب الحامل كيف تطلق2023

2674 : اطراف :مسلم كتاب الطلاق باب تحريم طلا ق الحائض بغير رضاها ..... 2661 ، 2662 ، 2663 ،2664 ، 2665 ، 2666 ، 2667 ، 2668، 2669 ، 2670 ، 2671 ، 2672 ، 2673

تخريج: بخاری كتاب الطلاق باب قول الله تعالىٰ يا يها النبى اذا طلقتم النساء فطلقو هن .....5251 تفسير القرآن سورة الطلاق 4908 كتاب الطلاق باب اذاطلقت الحائض تعتد بذالک الطلاق 5252 ، 5253 باب من طلق وهل يواجه الرجل امراته بالطلاق 5258باب(وبعولتهن احق بردهن)فى العدة وكيف يراجع المرأ ة.... 5332 باب مراجعة الحائض 5333كتاب الاحكام باب هل يقضى القاضى او يفتى وهو غضبان 7160 **ترمذی** كتاب الطلاق واللعان عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فى طلاق السنة 1175، 1176 **نسائی** كتاب الطلاق باب وقت الطلاق للعدة التى امر الله عزوجل ..... 3389 ، 3390 ، 3391 ، 3392 باب مايفعل اذا طلق تطليقة وهى حائض 3396 ، 3397 باب الطلاق لغير العدة 3398 الطلاق لغير العدةوما يحتسب منه على المطلق 3399 ، 3400 باب الرجعة 3555 ، 3556 ، 3557 ، 3558 ، 3559 **ابو داؤد** كتاب الطلاق باب فى طلاق السنة2179 ، 2180 ، 2181 ، 2182 ، 2184 2185 **ابن ماجه** كتاب الطلاق باب طلاق السنة2019 ، 2022 باب الحامل كيف تطلق2023

جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَيْمَنَ مَوْلَى عَزَّةَ يَسْأَلُ ابْنَ عُمَرَ وَأَبُو الزُّبَيْرِ يَسْمَعُ ذَلِكَ كَيْفَ تَرَى فِي رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ حَائِضًا فَقَالَ طَلَّقَ ابْنُ عُمَرَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَأَلَ عُمَرُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ إِنَّ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ عُمَرَ طَلَّقَ امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيُرَاجِعْهَا فَرَدَّهَا وَقَالَ إِذَا طَهُرَتْ فَلْيُطَلِّقْ أَوْ لِيُمْسِكْ قَالَ ابْنُ عُمَرَ وَقَرَأَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ و حَدَّثَنِي هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ نَحْوَ هَذِهِ الْقِصَّةِ و حَدَّثَنِيهِ مُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي أَبُو الزُّبَيْرِ أَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمَنِ بْنَ أَيْمَنَ مَوْلَى عُرْوَةَ يَسْأَلُ ابْنَ عُمَرَ وَأَبُو الزُّبَيْرِ يَسْمَعُ بِمِثْلِ حَدِيثِ حَجَّاجٍ وَفِيهِ بَعْضُ الزِّيَادَةِ قَالَ مُسْلِم أَخْطَأَ حَيْثُ قَالَ عُرْوَةَ إِنَّمَا هُوَ مَوْلَى عَزَّةَ[3672,3671,3670]

ابن عمرؓ سے پوچھ رہے تھے کہ آپ کا اس شخص کے بارہ میں کیا خیال ہے جو اپنی بیوی کو حائضہ ہونے کی حالت میں طلاق دیتا ہے۔ انہوں نے کہا ابن عمرؓ نے اپنی بیوی کو حائضہ ہونے کی حالت میں رسول اللہ ﷺ کے زمانہ میں طلاق دی تو حضرت عمرؓ نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا اور کہا عبداللہ بن عمرؓ نے اپنی بیوی کو طلاق دی ہے اور وہ حائضہ ہے۔ اس پر نبی ﷺ نے انہیں فرمایا اسے چاہیے کہ رجوع کرے چنانچہ انہوں نے اسے واپس لے لیا اور آپؐ نے فرمایا کہ جب وہ پاک ہو جائے تو وہ اسے طلاق دے یا اسے روک لے۔

حضرت ابن عمرؓ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے پڑھا کہ اے نبی! جب تم (لوگ) اپنی بیویوں کو طلاق دیا کرو تو ان کو ان کی طلاق عدت کے مطابق دو۔

[2]2:بَاب طَلَاقِ الثَّلَاثِ

تین طلاقوں کا بیان

2675{15}حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ وَمُحَمَّدُ بْنُ رَافِعٍ وَاللَّفْظُ لِابْنِ رَافِعٍ قَالَ إِسْحَقُ أَخْبَرَنَا وَقَالَ ابْنُ رَافِعٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ الطَّلَاقُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَسَنَتَيْنِ مِنْ خِلَافَةِ عُمَرَ طَلَاقُ الثَّلَاثِ وَاحِدَةً فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ إِنَّ النَّاسَ قَدْ اسْتَعْجَلُوا فِي أَمْرٍ قَدْ كَانَتْ لَهُمْ فِيهِ أَنَاةٌ فَلَوْ أَمْضَيْنَاهُ عَلَيْهِمْ فَأَمْضَاهُ عَلَيْهِمْ

2675: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ کے عہد میں اور حضرت عمرؓ کی خلافت کے پہلے دو سال تین طلاقیں ایک ہی شمار ہوتی تھیں ۔ پھر حضرت عمر بن خطابؓ نے کہا لوگوں نے اس کام میں جلد بازی شروع کر دی ہے۔ان کو اس میں ٹھہراؤ چاہیئے تھا تو کیوں نہ ہم ان پر یہی نافذ کر دیں چنانچہ انہوں نے ان پر یہ بات نافذ کر دی۔

2676{16} حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ ح و حَدَّثَنَا ابْنُ رَافِعٍ وَاللَّفْظُ لَهُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ أَخْبَرَنِي ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ أَبَا الصَّهْبَاءِ قَالَ لِابْنِ عَبَّاسٍ أَتَعْلَمُ أَنَّمَا كَانَتِ الثَّلَاثُ تُجْعَلُ

2676: ابوالصہباء نے حضرت ابن عباسؓ سے کہا آپ کو علم ہے کہ نبی ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کی امارت کے پہلے تین سال تین طلاقیں ایک ہی شمار ہوتی تھیں حضرت ابن عباسؓ نے کہا ہاں۔

2675: اطراف :مسلم باب طلاق الثلاث 2676 ، 2677

تخریج:نسائی کتاب الطلاق باب طلاق الثلاث المتفرقة قبل الدخول بالزوجة 3406 **ابوداؤد** كتاب الطلاق باب فی الطلاق علی الهزل 2199، 2200

2676: اطراف :مسلم باب طلاق الثلاث 2675 ، 2677

تخریج:نسائی کتاب الطلاق باب طلاق الثلاث المتفرقة قبل الدخول بالزوجة 3406 **ابوداؤد** كتاب الطلاق باب فی الطلاق علی الهزل 2199، 2200

وَاحِدَةً عَلَى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَثَلَاثًا مِنْ إِمَارَةِ عُمَرَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ نَعَمْ [3674]

2677{17} و حَدَّثَنَا إِسْحَقُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ طَاوُسٍ أَنَّ أَبَا الصَّهْبَاءِ قَالَ لِابْنِ عَبَّاسٍ هَاتِ مِنْ هَنَاتِكَ أَلَمْ يَكُنِ الطَّلَاقُ الثَّلَاثُ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَبِي بَكْرٍ وَاحِدَةً فَقَالَ قَدْ كَانَ ذَلِكَ فَلَمَّا كَانَ فِي عَهْدِ عُمَرَ تَتَايَعَ النَّاسُ فِي الطَّلَاقِ فَأَجَازَهُ عَلَيْهِمْ [3675]

2677: طاؤس سے روایت ہے کہ ابوالصہباء نے حضرت ابن عباسؓ سے کہا اپنے نکات میں سے کچھ لائیے۔کیا تین طلاقیں رسول اللہ ﷺ اور حضرت ابوبکرؓ کے عہد میں ایک ہی نہیں تھیں؟ انہوں نے کہا ایسا ہی تھا پھر جب حضرت عمرؓ کے زمانہ میں لوگوں نے بے سوچے سمجھے طلاق دینی شروع کی تو (حضرت عمرؓ نے) یہ ان پر نافذ کردیا☆۔

[1]25: بَاب: وُجُوبُ الْكَفَّارَةِ عَلَى مَنْ حَرَّمَ امْرَأَتَهُ وَلَمْ يَنْوِ الطَّلَاقَ

باب: اس شخص پر کفارہ واجب ہونا جو اپنی بیوی کو حرام ٹھہراتا ہے مگر طلاق کی نیت نہیں رکھتا

2678{18} وحَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ عَنْ هِشَامٍ يَعْنِي

2678: حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ وہ حرام (ٹھہرانے کے) بارہ میں کہتے تھے (یہ) قسم

☆ اجازہ : انفذہ (لسان)

2677: اطراف: مسلم باب طلاق الثلاث 2675 ، 2676

تخریج: نسائی کتاب الطلاق باب طلاق الثلاث المتفرقة قبل الدخول بالزوجة 3406 **ابوداؤد** کتاب الطلاق باب فی الطلاق علی الھزل 2199، 2200

2678: اطراف: مسلم کتاب الطلاق باب وجوب الکفارة علی من حرم امراته ولم ینو الطلاق 2679 =

الدَّسْتَوَائِيَّ قَالَ كَتَبَ إِلَيَّ يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ يُحَدِّثُ عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ فِي الْحَرَامِ يَمِينٌ يُكَفِّرُهَا وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ [3676]

ہے وہ کفارہ دے گا۔اور حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ یقیناً تمہارے لئے اللہ کے رسولؐ میں نیک نمونہ ہے۔☆

2679 {19} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بِشْرٍ الْحَرِيرِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ يَعْنِي ابْنَ سَلَّامٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ أَنَّ يَعْلَى بْنَ حَكِيمٍ أَخْبَرَهُ أَنَّ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ أَخْبَرَهُ أَنَّهُ سَمِعَ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ إِذَا حَرَّمَ الرَّجُلُ عَلَيْهِ امْرَأَتَهُ فَهِيَ يَمِينٌ يُكَفِّرُهَا وَقَالَ لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللَّهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ [3677]

2679: سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابن عباسؓ کو کہتے ہوئے سنا کہ جب آدمی اپنی بیوی کو اپنے اوپر حرام ٹھہراتا ہے تو یہ قسم ہے (جس کا) وہ کفارہ دے گا اور کہا لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ یقیناً تمہارے لئے اللہ کے رسولؐ میں نیک نمونہ ہے۔☆

2680 {20} و حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ أَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ

2680: عبید بن عُمیر بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عائشہؓ کو فرماتے ہوئے سنا کہ نبی ﷺ

= **تخریج**: **بخاری** کتاب الطلاق باب لم تحرم ما احل الله لک 5266 **نسائی** کتاب الطلاق تاویل قوله عزوجل یاایهاالنبی لم تحرم ما احل الله لک3420 **ابن ماجه** کتاب الطلاق باب المظاهر یجامع ان یکفر 2073

☆ (سورۃ الاحزاب:22)

2679: **اطراف** :**مسلم** کتاب الطلاق باب وجوب الکفارة علی من حرم امراته ولم ینو الطلاق 2678

تخریج :**بخاری** کتاب الطلاق باب لم تحرم ما احل الله لک5266 **نسائی** کتاب الطلاق تاویل قوله عزوجل یاایهاالنبی لم تحرم ما احل الله لک3420 **ابن ماجه** کتاب الطلاق باب المظاهر یجامع ان یکفر 2073

2680 : **اطراف** :**مسلم** کتاب الطلاق باب وجوب الکفارة علی من حرم امراته ولم ینو الطلاق 2681

تخریج :**بخاری** تفسیر القرآن باب یاایهاالنبی لم تحرم ما احل الله لک4912 کتاب الطلاق باب لم تحرم ما احل الله لک5267 5268 کتاب الاطعمة باب الحلواء والعسل 5431 کتاب الاشربة باب الباذق 5599 باب شراب الحلواء والعسل5614 کتاب الطب باب الدواء بالعسل 5682 کتاب الایمان والنذور باب اذا حرم طعاما 6691 کتاب الحیل باب مایکره من احتیال المرأة مع الزوج والفرائر....6972 **ترمذی** کتاب الاطعمة عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فی حب النبی ﷺ الحلواء والعسل1831 **نسائی** کتاب الطلاق تاویل هذه الآیة علی وجه آخر3421 کتاب الایمان والنذور تحریم ما احل الله عزوجل 3795 کتاب عشرة النساء باب الغیرة 3958 **ابوداؤد** کتاب الاشربة باب فی شراب العسل 3714، 3715 **ابن ماجه** کتاب الاطعمة باب الحلواء3323

أَخْبَرَنِي عَطَاءٌ أَنَّهُ سَمِعَ عُبَيْدَ بْنَ عُمَيْرٍ يُخْبِرُ أَنَّهُ سَمِعَ عَائِشَةَ تُخْبِرُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْكُثُ عِنْدَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ فَيَشْرَبُ عِنْدَهَا عَسَلًا قَالَتْ فَتَوَاطَيْتُ أَنَا وَحَفْصَةُ أَنَّ أَيَّتَنَا مَا دَخَلَ عَلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلْتَقُلْ إِنِّي أَجِدُ مِنْكَ رِيحَ مَغَافِيرَ أَكَلْتَ مَغَافِيرَ فَدَخَلَ عَلَى إِحْدَاهُمَا فَقَالَتْ ذَلِكَ لَهُ فَقَالَ بَلْ شَرِبْتُ عَسَلًا عِنْدَ زَيْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ وَلَنْ أَعُودَ لَهُ فَنَزَلَ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ اللَّهُ لَكَ إِلَى قَوْلِهِ إِنْ تَتُوبَا لِعَائِشَةَ وَحَفْصَةَ وَإِذْ أَسَرَّ النَّبِيُّ إِلَى بَعْضِ أَزْوَاجِهِ حَدِيثًا لِقَوْلِهِ بَلْ شَرِبْتُ عَسَلًا [3678]

حضرت زینب بنت جحش کے پاس (کچھ زیادہ وقت) ٹھہرتے تھے اوران کے پاس شہد نوش فرماتے تھے۔آپؓ فرماتی ہیں میں اور حفصہؓ اس بات پر متفق ہوگئے کہ ہم میں سے جس کے پاس بھی نبی ﷺ تشریف لائیں تو وہ کہے کہ آپؐ کے پاس سے مغافیر کی بوآتی ہے۔آپؐ نے مغافیر کھایا ہے؟ آپؐ اُن میں سے ایک کے پاس تشریف لائے تو اس نے آپؐ سے یہ کہا۔آپؐ نے فرمایا میں نے تو زینبؓ بنت جحش کے ہاں شہد پیا ہے اوراب نہیں پیوں گا۔تو یہ آیت نازل ہوئی لِمَ تُحَرِّمُ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَکَ... اِنْ تَتُوبَا تک: ترجمہ تم کس لئے حرام کررہے ہو جسے اللہ نے تمہارے لئے حلال قرار دیا ہے... اگر تم دونوں (یعنی عائشہؓ اور حفصہؓ) اللہ کی طرف توبہ کرتے ہوئے جھکو☆ اور وَاِذْ اَسَرَّ النَّبِيُّ اِلٰى بَعْضِ اَزْوَاجِهٖ حَدِيْثًا یعنی جب نبی ﷺ نے اپنی ایک بیوی سے بصیغہ راز بات کہی۔آپؐ کے اس قول کی طرف (اشارہ ہے) بلکہ میں نے شہد پیا تھا۔

2681{21} حَدَّثَنَا أَبُو كُرَيْبٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ وَهَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ قَالَا حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

2681: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے آپؓ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کو میٹھا اور شہد بہت پسند تھا۔جب آپؐ عصر پڑھ لیتے تو اپنی بیویوں کے گھروں کا چکر لگاتے اوران کے پاس جاتے۔آپؐ

☆(تحریم:2تا5)

2681: اطراف: مسلم کتاب الطلاق باب وجوب الکفارة علی من حرم امراته ولم ینو الطلاق 2680

تخریج: بخاری تفسیر القرآن باب یاایها النبی لم تحرم ما احل الله لک 4912 کتاب الطلاق باب لم تحرم ما احل الله لک 5267 5268 کتاب الاطعمة باب الحلواء والعسل 5431 کتاب الاشربة باب الباذق 5599 باب شراب الحلواء والعسل 5614 کتاب الطب =

يُحِبُّ الْحَلْوَاءَ وَالْعَسَلَ فَكَانَ إِذَا صَلَّى الْعَصْرَ دَارَ عَلَى نِسَائِهِ فَيَدْنُو مِنْهُنَّ فَدَخَلَ عَلَى حَفْصَةَ فَاحْتَبَسَ عِنْدَهَا أَكْثَرَ مِمَّا كَانَ يَحْتَبِسُ فَسَأَلْتُ عَنْ ذَلِكَ فَقِيلَ لِي أَهْدَتْ لَهَا امْرَأَةٌ مِنْ قَوْمِهَا عُكَّةً مِنْ عَسَلٍ فَسَقَتْ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُ شَرْبَةً فَقُلْتُ أَمَا وَاللَّهِ لَنَحْتَالَنَّ لَهُ فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِسَوْدَةَ وَقُلْتُ إِذَا دَخَلَ عَلَيْكِ فَإِنَّهُ سَيَدْنُو مِنْكِ فَقُولِي لَهُ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَكَلْتَ مَغَافِيرَ فَإِنَّهُ سَيَقُولُ لَكِ لَا فَقُولِي لَهُ مَا هَذِهِ الرِّيحُ وَكَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْتَدُّ عَلَيْهِ أَنْ يُوجَدَ مِنْهُ الرِّيحُ فَإِنَّهُ سَيَقُولُ لَكِ سَقَتْنِي حَفْصَةُ شَرْبَةَ عَسَلٍ فَقُولِي لَهُ جَرَسَتْ نَحْلُهُ الْعُرْفُطَ وَسَأَقُولُ ذَلِكِ لَهُ وَقُولِيهِ أَنْتِ يَا صَفِيَّةُ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَى سَوْدَةَ قَالَتْ تَقُولُ سَوْدَةُ وَالَّذِي لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ لَقَدْ كِدْتُ أَنْ أُبَادِئَهُ بِالَّذِي قُلْتِ لِي وَإِنَّهُ لَعَلَى الْبَابِ فَرَقًا مِنْكِ فَلَمَّا دَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَكَلْتَ مَغَافِيرَ قَالَ لَا قَالَتْ فَمَا هَذِهِ الرِّيحُ قَالَ

حضرت حفصہؓ کے ہاں آئے اور معمول سے زیادہ ان کے ہاں ٹھہرے۔ میں نے اس بارہ میں پوچھا تو مجھے بتایا گیا کہ ان کی قوم کی ایک عورت ان کے لئے شہد کا ایک چھوٹا سا مشکیزہ بطور ہدیہ لائی تو اس نے رسول اللہ ﷺ کو اس میں سے پلایا ہے۔ میں نے کہا اللہ کی قسم ہم آپؐ کی خاطر حیلہ کریں گے اور میں نے یہ بات سودہؓ کو بتائی اور میں نے کہا کہ جب رسول اللہ ﷺ تمہارے پاس آئیں اور تمہارے قریب ہوں تو تم ان سے کہنا یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے مغافیر کھایا ہے وہ تم سے کہیں گے نہیں تو آپؐ سے کہنا یہ بو کیسی ہے اور رسول اللہ ﷺ پر سخت گراں گذرتا تھا کہ آپؐ سے بو آئے وہ تمہیں کہیں گے کہ مجھے حفصہؓ نے شہد پلایا ہے تو تم حضورؐ سے کہنا اس شہد کی مکھی نے عُرفُط سے کھایا ہے اور میں بھی ان سے ایسا ہی کہوں گی اور اے صفیہؓ تم بھی آپؐ سے ایسا ہی کہنا۔ پس آپؐ جب سودہؓ کے ہاں آئے انہوں نے بیان کیا سودہؓ کہتی تھیں اس کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں قریب تھا کہ تمہارے ڈر سے میں آپؐ سے آتے ہی وہ بات کہہ دیتی جو تم نے مجھے کہی تھی جبکہ آپؐ ابھی دروازہ پر ہی ہوتے۔ جب رسول اللہ ﷺ قریب آئے تو انہوں (سودہؓ) نے کہا کہ یا رسولؐ اللہ! آپؐ

= باب الدواء بالعسل 5682 كتاب الايمان والنذور باب اذا حرم طعاما 6691 كتاب الحيل باب مايكره من احتيال المرأة مع الزوج والفرائر.... 6972 ترمذی كتاب الاطعمة عن رسول الله ﷺ باب ماجاء فی حب النبی ﷺ الحلواء والعسل 1831 نسائی کتاب الطلاق تاويل هذه الآية على وجه آخر 3421 كتاب الايمان والنذور تحريم ما احل الله عزوجل 3795 كتاب عشرة النساء باب الغيرة 3958 ابو داؤد كتاب الاشربة باب فی شراب العسل 3714، 3715 ابن ماجه كتاب الاطعمة باب الحلواء 3323

سَقَتْنِي حَفْصَةُ شَرْبَةَ عَسَلٍ قَالَتْ جَرَسَتْ نَحْلُهُ الْعُرْفُطَ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيَّ قُلْتُ لَهُ مِثْلَ ذَلِكَ ثُمَّ دَخَلَ عَلَى صَفِيَّةَ فَقَالَتْ بِمِثْلِ ذَلِكَ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَى حَفْصَةَ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللَّهِ أَلَا أَسْقِيكَ مِنْهُ قَالَ لَا حَاجَةَ لِي بِهِ قَالَتْ تَقُولُ سَوْدَةُ سُبْحَانَ اللَّهِ وَاللَّهِ لَقَدْ حَرَمْنَاهُ قَالَتْ قُلْتُ لَهَا اسْكُتِي قَالَ أَبُو إِسْحَقَ إِبْرَاهِيمُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرِ بْنِ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا أَبُو أُسَامَةَ بِهَذَا سَوَاءً و حَدَّثَنِيهِ سُوَيْدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [3680,3679]

نے مغافیر کھایا ہے۔آپؐ نے فرمایا نہیں انہوں نے کہا پھر یہ بو کیسی ہے۔آپؐ نے فرمایا مجھے حفصہؓ نے شہد پلایا ہے۔انہوں نے کہا اس شہد کی مکھی نے عُرفُط کھایا ہے۔پھر جب آپؐ میرے پاس آئے میں نے بھی آپؐ سے ویسا ہی کیا۔پھر آپؐ صفیہؓ کے پاس گئے انہوں نے بھی اسی طرح کہا پھر جب آپؐ حفصہؓ کے پاس گئے۔انہوں نے کہا یارسولؐ اللہ! کیا میں آپؐ کو اس میں سے نہ پلاؤں۔آپؐ نے فرمایا مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے۔آپ (حضرت عائشہؓ) فرماتی ہیں سودہؓ نے کہا سبحان اللہ، اللہ کی قسم ہم نے اسے آپؐ پر حرام کردیا ہے۔پھر آپؐ (حضرت عائشہؓ) فرماتی ہیں میں نے اس سے کہا خاموش رہو۔

[4]4: بَاب: بَيَانُ أَنَّ تَخْيِيرَ امْرَأَتِه لَا يَكُونُ طَلَاقًا إِلَّا بِالنِّيَّة

باب: اس بات کا بیان کہ اپنی بیوی کو اختیار دینا طلاق نہیں ہوتا سوائے اس کے کہ (طلاق کی) نیت ہو

2682{22} و حَدَّثَنِي أَبُو الطَّاهِرِ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ ح و حَدَّثَنِي حَرْمَلَةُ بْنُ يَحْيَى التُّجِيبِيُّ وَاللَّفْظُ لَهُ أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ وَهْبٍ أَخْبَرَنِي يُونُسُ بْنُ يَزِيدَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ أَخْبَرَنِي أَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

2682: حضرت عائشہؓ بیان فرماتی ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ کو اپنی ازواج کے بارہ میں اختیار دینے کا حکم دیا گیا تو آپؐ نے ابتداء مجھ سے کی اور فرمایا میں تمہارے سامنے ایک معاملہ کا ذکر کرنے لگا ہوں کوئی حرج نہیں کہ تم جلدی نہ کرو یہانتک کہ اپنے

2682 : **اطراف** :**مسلم** کتاب الطلاق باب فی الایلاء واعتزال النساء وتخییرھن وقولہ تعالٰی وان تظاھرا علیہ 2680
تخریج :**بخاری** کتاب التفسیرباب قولہ وان کنتن تردن اللہ ورسولہ ... 4786 باب قولہ یاایھاالنبی قل لازواجک ان کنتن ...
4785 **ترمذی** کتاب تفسیر القرآن عن رسول اللہ باب من سورۃ الاحزاب 3204 **نسائی** کتاب الطلاق باب التوقیت فی الخیار 3439، 3440 **ابن ماجہ** کتاب الطلاق باب الرجل یخیر امراتہ 2053

بْن عَوْف أَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا أُمِرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَخْيِيرِ أَزْوَاجِهِ بَدَأَ بِي فَقَالَ إِنِّي ذَاكِرٌ لَكِ أَمْرًا فَلَا عَلَيْكِ أَنْ لَا تَعْجَلِي حَتَّى تَسْتَأْمِرِي أَبَوَيْكِ قَالَتْ قَدْ عَلِمَ أَنَّ أَبَوَيَّ لَمْ يَكُونَا لِيَأْمُرَانِي بِفِرَاقِهِ قَالَتْ ثُمَّ قَالَ إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا وَإِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ فَإِنَّ اللَّهَ أَعَدَّ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنْكُنَّ أَجْرًا عَظِيمًا قَالَتْ فَقُلْتُ فِي أَيِّ هَذَا أَسْتَأْمِرُ أَبَوَيَّ فَإِنِّي أُرِيدُ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ قَالَتْ ثُمَّ فَعَلَ أَزْوَاجُ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ مَا فَعَلْتُ [3681]

والدین سے مشورہ نہ کرلو۔ وہ کہتی ہیں آپؐ جانتے تھے کہ میرے والدین مجھے آپؐ سے علیحدگی کا مشورہ دینے والے نہیں۔ وہ کہتی ہیں پھر آپؐ نے فرمایا اللہ عزّ وجل نے فرمایا ہے یَا أَیُّهَا النَّبِیُّ قُل لِّأَزْوَاجِکَ ... ترجمہ: اے نبیؐ! اپنی بیویوں سے کہہ دے کہ اگر تم دنیا کی زندگی اور اس کی زینت چاہتی ہو تو آؤ میں تمہیں مالی فائدہ پہنچاؤں اور عمدگی کے ساتھ تمہیں رخصت کروں اور اگر تم اللہ کو چاہتی ہو اور اس کے رسولؐ کو اور آخرت کے گھر کو تو یقیناً اللہ نے تم میں سے حسنِ عمل کرنے والیوں کے لئے بہت بڑا اجر تیار کیا ہے☆۔ آپؓ کہتی ہیں میں نے کہا یہ کونسی بات ہے جس کے متعلق میں اپنے والدین سے مشورہ کروں میں تو اللہ اور اس کے رسولؐ اور آخرت کے گھر کو چاہتی ہوں۔ وہ کہتی ہیں پھر رسول اللہ ﷺ کی باقی بیویوں نے بھی وہی کیا جو میں نے کیا تھا۔

2683{23} حَدَّثَنَا سُرَيْجُ بْنُ يُونُسَ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَبَّادٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ مُعَاذَةَ الْعَدَوِيَّةِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَأْذِنُنَا إِذَا كَانَ فِي يَوْمِ الْمَرْأَةِ مِنَّا بَعْدَ مَا نَزَلَتْ تُرْجِي مَنْ

2683: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے آپؓ فرماتی ہیں رسول اللہ ﷺ ہم میں سے جس بیوی کی باری میں ہوتے آپؐ ہم سے اجازت مانگتے بعد اس کے کہ یہ آیت نازل ہوئی تُرْجِی مَنْ تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِی إِلَیْکَ مَنْ تَشَاءُ☆ تو معاذہ نے آپؓ

☆ (احزاب: 30-29)

2683: تخریج: بخاری کتاب التفسیر باب قولہ ترجی من تشاء منهن وتؤوی ... 4788، 4789 ابوداؤد کتاب النکاح باب فی القسم بین النساء 2136

تَشَاءُ مِنْهُنَّ وَتُؤْوِي إِلَيْكَ مَنْ تَشَاءُ فَقَالَتْ لَهَا مُعَاذَةُ فَمَا كُنْتِ تَقُولِينَ لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَأْذَنَكِ قَالَتْ كُنْتُ أَقُولُ إِنْ كَانَ ذَاكَ إِلَيَّ لَمْ أُوثِرْ أَحَدًا عَلَى نَفْسِي و حَدَّثَنَاه الْحَسَنُ بْنُ عِيسَى أَخْبَرَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ أَخْبَرَنَا عَاصِمٌ بِهَذَا الْإِسْنَادِ نَحْوَهُ [3683,3682]

سے کہا جب رسول اللہ ﷺ آپؓ سے اجازت مانگتے تھے تو آپ کیا جواب دیتی تھیں۔ انہوں نے کہا میں کہتی تھی یہ اگر میرے بس میں ہوتا تو میں کسی کو اپنے نفس پر ترجیح نہ دیتی۔

2684 {24} حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى التَّمِيمِيُّ أَخْبَرَنَا عَبْثَرٌ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ قَدْ خَيَّرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ نَعُدَّهُ طَلَاقًا [3684]

2684: حضرت عائشہؓ کہتی ہیں ہمیں رسول اللہ ﷺ نے اختیار دیا اور ہم نے اسے طلاق شمار نہیں کیا۔

2685{25} و حَدَّثَنَاه أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ مَا أُبَالِي خَيَّرْتُ امْرَأَتِي وَاحِدَةً أَوْ مِائَةً أَوْ أَلْفًا بَعْدَ أَنْ تَخْتَارَنِي وَلَقَدْ سَأَلْتُ عَائِشَةَ فَقَالَتْ قَدْ خَيَّرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

2685: مسروق سے روایت ہے وہ کہتے ہیں مجھے کوئی فکر نہیں کہ جب میری بیوی مجھے اختیار کر چکی ہے کہ میں خواہ اس کو ایک بار اختیار دوں یا سو بار یا ہزار بار، اور میں نے حضرت عائشہؓ سے پوچھا۔ انہوں نے کہا رسول اللہ ﷺ نے ہمیں اختیار دیا تھا تو کیا یہ طلاق تھی؟

2684 : **اطراف** :**مسلم** کتاب الطلاق باب بیان ان تخییر امراته لایکون طلاقا الا بالنیة 2685، 2686، 2687 ، 2688

2685 : **اطراف** :**مسلم** کتاب الطلاق باب بیان ان تخییر امراته لایکون طلاقا الا بالنیة 2684، 2686، 2687 ، 2688

تخریج :**بخاری** کتاب التفسیر باب قوله ان کنتتن تردن الله ورسوله ... 4786 کتاب الطلاق من خیر ازواجه وقوله تعالیٰ قل لازواجک ان کنتتن تردن الله ورسوله ...5262، 5263 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان عن رسول الله باب ماجاء فی الخیار 1179 **نسائی** کتاب النکاح ماافترض الله عزوجل علی رسوله علیه السلام وحرمه علی خلقه ... 3202 ، 3203 کتاب الطلاق باب التوقیت فی الخیار 3439 باب فی المخیرة تختار زوجها 3441، 3442، 3443، 3444 ، 3445 **ابوداؤد** کتاب الطلاق باب فی الخیار 2203 **ابن ماجه** کتاب الطلاق باب الرجل یخیر امراته 2052

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفَكَانَ طَلَاقًا [3685]

2686{26}حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيَّرَ نِسَاءَهُ فَلَمْ يَكُنْ طَلَاقًا [3686]

2686: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے اپنی بیویوں کو اختیار دیا تھا اور وہ طلاق نہیں تھی۔

2687{27} وحَدَّثَنِي إِسْحَقُ بْنُ مَنْصُورٍ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ وَإِسْمَعِيلَ بْنِ أَبِي خَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَيَّرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَرْنَاهُ فَلَمْ يَعُدَّهُ طَلَاقًا [3687]

2687: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے وہ کہتی ہیں ہمیں رسول اللہ ﷺ نے اختیار دیا تھا اور ہم نے رسول اللہ ﷺ کو چن لیا اور آپؐ نے اسے طلاق شمار نہیں کیا تھا۔

2686:**اطراف** :**مسلم** کتاب الطلاق باب بیان ان تخییر امراته لایکون طلاقا الا بالنیة 2684، 2685، 2687 ، 2688
تخریج :**بخاری** کتاب التفسیر باب قوله ان کنتن تردن الله ورسوله ... 4786 کتاب الطلاق من خیر ازواجه وقوله تعالیٰ قل لازواجک ان کنتن تردن الله ورسوله ...5262، 5263 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان عن رسول الله باب ماجاء فی الخیار 1179 **نسائی** کتاب النکاح مافترض الله عزوجل علی رسوله علیه السلام وحرمه علی خلقه ...3202 ، 3203 کتاب الطلاق باب التوقیت فی الخیار 3439 باب فی المخیرة تختار زوجها 3441، 3442، 3443، 3444 ، 3445 **ابو داؤد** کتاب الطلاق باب فی الخیار 2203 **ابن ماجه** کتاب الطلاق باب الرجل یخیر امراته 2052

2687:**اطراف** :**مسلم** کتاب الطلاق باب بیان ان تخییر امراته لایکون طلاقا الا بالنیة 2684، 2685، 2686 ، 2688
تخریج :**بخاری** کتاب التفسیر باب قوله ان کنتن تردن الله ورسوله ... 4786 کتاب الطلاق من خیر ازواجه وقوله تعالیٰ قل لازواجک ان کنتن تردن الله ورسوله ...5262، 5263 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان عن رسول الله باب ماجاء فی الخیار 1179 **نسائی** کتاب النکاح مافترض الله عزوجل علی رسوله علیه السلام وحرمه علی خلقه ...3202 ، 3203 کتاب الطلاق باب التوقیت فی الخیار 3439 باب فی المخیرة تختار زوجها 3441، 3442 ، 3443 ، 3444 ، 3445 **ابو داؤد** کتاب الطلاق باب فی الخیار 2203 **ابن ماجه** کتاب الطلاق باب الرجل یخیر امراته 2052

2688{28}حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيَى وَأَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ وَأَبُو كُرَيْبٍ قَالَ يَحْيَى أَخْبَرَنَا و قَالَ الْآخَرَانِ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَيَّرَنَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاخْتَرْنَاهُ فَلَمْ يَعْدُدْهَا عَلَيْنَا شَيْئًا و حَدَّثَنِي أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّاءَ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ وَعَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ بِمِثْلِهِ [3689,3688]

2688: حضرت عائشہؓ سے روایت ہے آپؓ فرماتی ہیں ہمیں رسول اللہ ﷺ نے اختیار دیا اور ہم نے آپؐ (رسول اللہ ﷺ) کو چن لیا اور آپؐ نے اسے ہمارے تعلق میں کچھ بھی شمار نہیں کیا۔

2689{29} و حَدَّثَنَا زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ عُبَادَةَ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّاءُ بْنُ إِسْحَقَ حَدَّثَنَا أَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ دَخَلَ أَبُو بَكْرٍ يَسْتَأْذِنُ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ النَّاسَ جُلُوسًا بِبَابِهِ لَمْ يُؤْذَنْ لِأَحَدٍ مِنْهُمْ قَالَ فَأُذِنَ لِأَبِي بَكْرٍ فَدَخَلَ ثُمَّ أَقْبَلَ عُمَرُ فَاسْتَأْذَنَ فَأُذِنَ لَهُ فَوَجَدَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ

2689: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے وہ کہتے ہیں حضرت ابوبکرؓ آئے اور رسول اللہ ﷺ کے پاس آنے کی اجازت مانگی انہوں نے کچھ لوگوں کو آپؐ کے دروازہ پر بیٹھے ہوئے پایا جن میں سے کسی کو اجازت نہیں دی گئی تھی۔ راوی کہتے ہیں حضرت ابوبکرؓ کو اجازت دی گئی۔ آپ اندر داخل ہوئے پھر حضرت عمرؓ آئے انہوں نے اجازت مانگی تو انہیں (بھی) اجازت دی گئی انہوں نے نبی ﷺ

2688 : اطراف :مسلم کتاب الطلاق باب بیان ان تخییر امراته لایکون طلاقا الا بالنیة 2684، 2685، 2686 ، 2687
تخریج :بخاری کتاب التفسیر باب قوله ان کنتتن تردن الله ورسوله ... 4786 کتاب الطلاق من خیر ازواجه وقوله تعالیٰ قل لازواجک ان کنتتن تردن الله ورسوله ...5262، 5263 **ترمذی** کتاب الطلاق واللعان عن رسول الله باب ماجاء فی الخیار 1179 **نسائی** کتاب النکاح ماافترض الله عزوجل علی رسوله علیه السلام وحرمه علی خلقه ...3202 ، 3203 کتاب الطلاق باب التوقیت فی الخیار 3439 باب فی المخیرة تختار زوجها 3441،3442، 3443، 3444 ، 3445 **ابوداؤد** کتاب الطلاق باب فی الخیار 2203 **ابن ماجه** کتاب الطلاق باب الرجل یخیر امراته 2052

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا حَوْلَهُ نِسَاؤُهُ وَاجِمًا سَاكِتًا قَالَ فَقَالَ لَأَقُولَنَّ شَيْئًا أُضْحِكُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ لَوْ رَأَيْتَ بِنْتَ خَارِجَةَ سَأَلَتْنِي النَّفَقَةَ فَقُمْتُ إِلَيْهَا فَوَجَأْتُ عُنُقَهَا فَضَحِكَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ هُنَّ حَوْلِي كَمَا تَرَى يَسْأَلْنَنِي النَّفَقَةَ فَقَامَ أَبُو بَكْرٍ إِلَى عَائِشَةَ يَجَأُ عُنُقَهَا فَقَامَ عُمَرُ إِلَى حَفْصَةَ يَجَأُ عُنُقَهَا كِلَاهُمَا يَقُولُ تَسْأَلْنَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَيْسَ عِنْدَهُ فَقُلْنَ وَاللَّهِ لَا نَسْأَلُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا أَبَدًا لَيْسَ عِنْدَهُ ثُمَّ اعْتَزَلَهُنَّ شَهْرًا أَوْ تِسْعًا وَعِشْرِينَ ثُمَّ نَزَلَتْ عَلَيْهِ هَذِهِ الْآيَةُ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ حَتَّى بَلَغَ لِلْمُحْسِنَاتِ مِنْكُنَّ أَجْرًا عَظِيمًا قَالَ فَبَدَأَ بِعَائِشَةَ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ إِنِّي أُرِيدُ أَنْ أَعْرِضَ عَلَيْكِ أَمْرًا أُحِبُّ أَنْ لَا تَعْجَلِي فِيهِ حَتَّى تَسْتَشِيرِي أَبَوَيْكِ قَالَتْ وَمَا هُوَ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَتَلَا عَلَيْهَا الْآيَةَ قَالَتْ أَفِيكَ يَا رَسُولَ اللَّهِ

کوغم زدہ خاموش بیٹھے دیکھا۔آپؐ کے گرد آپؐ کی بیویاں تھیں۔ راوی کہتے ہیں انہوں (حضرت عمرؓ) نے کہا میں ضرور ایسی بات کہوں گا کہ رسول اللہ ﷺ کو ہنسا دوں گا انہوں نے کہا یا رسولؐ اللہ! اگر آپؐ دیکھتے کہ بنتِ خارجہ مجھ سے نفقہ مانگتی ہے تو میں اس کے پاس جا کر اس کی گردن پر مارتا۔ رسول اللہ ﷺ ہنس دیئے اور فرمایا یہ بھی میرے گرد جیسے تم دیکھتے ہو مجھ سے نفقہ مانگ رہی ہیں۔ حضرت ابوبکرؓ حضرت عائشہؓ کی طرف بڑھے کہ ان کی گردن پر ماریں اور حضرت عمرؓ حضرت حفصہؓ کی طرف بڑھے کہ ان کی گردن پر ماریں اور دونوں کہہ رہے تھے کہ تم رسول اللہ ﷺ سے وہ چیز مانگتی ہو جو آپؐ کے پاس نہیں ہے انہوں نے کہا اللہ کی قسم ہم رسول اللہ ﷺ سے کبھی وہ نہیں مانگیں گی جو آپؐ کے پاس نہیں ہے پھر آپؐ ان سے ایک ماہ کے لئے یا اُنتیس دن کے لئے الگ ہوگئے پھر آپؐ پر یہ آیت نازل ہوئی۔ يٰاَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِّاَزْوَاجِكَ... لِلْمُحْسِنَاتِ مِنْكُنَّ اَجْرًا عَظِيْمًا تک۔ ترجمہ: اے نبیؐ! اپنی بیویوں سے کہہ دے... تم میں سے حسنِ عمل کرنے والیوں کے لئے بہت بڑا اجر تیار کیا ہے☆۔

☆(احزاب:30-29)

أَسْتَشِيرُ أَبَوَيَّ بَلْ أَخْتَارُ اللَّهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ وَأَسْأَلُكَ أَنْ لَا تُخْبِرَ امْرَأَةً مِنْ نِسَائِكَ بِالَّذِي قُلْتُ قَالَ لَا تَسْأَلُنِي امْرَأَةٌ مِنْهُنَّ إِلَّا أَخْبَرْتُهَا إِنَّ اللَّهَ لَمْ يَبْعَثْنِي مُعَنِّتًا وَلَا مُتَعَنِّتًا وَلَكِنْ بَعَثَنِي مُعَلِّمًا مُيَسِّرًا[3690]

راوی کہتے ہیں آپؐ نے حضرت عائشہؓ سے ابتداء کی آپؐ نے فرمایا اے عائشہ میں چاہتا ہوں کہ تمہارے سامنے ایک معاملہ رکھوں ۔ میں چاہتا ہوں کہ تم اس بارہ میں جلدی نہ کرنا یہاںتک کہ اپنے ماں باپ سے مشورہ کرلو۔ انہوں نے کہا یارسولؐ اللہ! وہ (معاملہ) کیا ہے تو آپؐ نے ان کے سامنے یہ آیت پڑھی انہوں نے کہا یارسولؐ اللہ! کیا میں آپ کے بارہ میں اپنے ماں باپ سے مشورہ کروں نہیں میں تو اللہ اور اس کے رسول اور آخرت کے گھر کو اختیار کرتی ہوں اور میں آپؐ سے استدعا کرتی ہوں کہ جو میں نے آپؐ سے کہا ہے وہ اپنی بیویوں میں سے کسی کو نہ بتائیں۔آپؐ نے فرمایا جو اُن میں سے پوچھے گی میں بتاؤں گا کیونکہ اللہ نے مجھے سختی کرنے والا اور (لوگوں کی) غلطی پکڑنے والا بنا کرنہیں بھیجا بلکہ معلّم اور آسانی پیدا کرنے والا بنا کر مبعوث کیا ہے۔

[5]5:بَاب : فِي الْإِيلَاءِ وَاعْتِزَالِ النِّسَاءِ وَتَخْيِيرِهِنَّ وَقَوْلِهِ تَعَالَى وَإِنْ تَظَاهَرَا عَلَيْهِ

باب: ایلاء اور بیویوں سے علیحدگی اور ان کو اختیار دینے اور اللہ تعالیٰ کے قول ''اگر وہ دونوں آپؐ کے خلاف ایک دوسرے کی مدد کریں'' کے بارہ میں

2690{30}حَدَّثَنِي زُهَيْرُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ يُونُسَ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ عَنْ سِمَاكٍ أَبِي زُمَيْلٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ عَبَّاسٍ حَدَّثَنِي عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ لَمَّا اعْتَزَلَ نَبِيُّ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ قَالَ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَإِذَا النَّاسُ يَنْكُتُونَ بِالْحَصَى وَيَقُولُونَ طَلَّقَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءَهُ وَذَلِكَ قَبْلَ أَنْ يُؤْمَرْنَ بِالْحِجَابِ فَقَالَ عُمَرُ فَقُلْتُ لَأَعْلَمَنَّ ذَلِكَ الْيَوْمَ قَالَ فَدَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ فَقُلْتُ يَا بِنْتَ أَبِي بَكْرٍ أَقَدْ بَلَغَ مِنْ شَأْنِكِ أَنْ تُؤْذِي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ مَا لِي

2690: حضرت عمرؓ بن خطاب کہتے ہیں جب نبیﷺ نے اپنی بیویوں سے علیحدگی فرمائی وہ کہتے ہیں میں مسجد گیا تو لوگ فکر مند بیٹھے تھے اور کہہ رہے تھے رسول اللہﷺ نے اپنی بیویوں کو طلاق دے دی ہے اور یہ عورتوں کو پردہ کا حکم دیئے جانے سے پہلے کی بات ہے۔حضرت عمرؓ کہتے ہیں میں نے کہا میں ضرور یہ بات آج معلوم کر کے رہوں گا۔وہ کہتے ہیں میں حضرت عائشہؓ کے پاس گیا اور میں نے کہا ابو بکر کی بیٹی کیا تیرا معاملہ اب اتنا بڑھ گیا ہے کہ تو رسول اللہﷺ کو تکلیف دینے لگی ہے! انہوں نے کہا مجھے تم سے اور تمہیں مجھ سے کیا کام اے خطاب کے بیٹے! اپنی زنبیل کو سنبھالئے۔وہ کہتے ہیں میں حفصہؓ بنت عمرؓ کے پاس گیا اور اسے کہا اے حفصہ!

2690 : اطراف: مسلم كتاب الطلاق باب فى الايلاء واعتزال النساء وتخييرهن وقوله تعالىٰ وان تظاهرا...2691، 2692 ، 2693
تخريج :**بخارى** كتاب العلم باب التناوب فى العلم 89 كتاب المظالم باب الغرفة والعلية المشرفة وغير المشرفة فى السطوح وغيرها 2468 كتاب التفسير باب تبتغى مرضات ازواجك ...قد فرض الله لكم تحلة ايمانكم 4913 واذ اسر النبى الى بعض ازواجه حديثا...4914 ان تتوبا الى الله فقد صغت قلوبكما 4915 كتاب النكاح باب موعظة الرجل ابنته لحال زوجها 5191 باب هجرة النبى ﷺ نساءه فى غير بيوتهن 5203 حب الرجل بعض نسائه افضل من بعض 5218 كتاب اللباس باب ماكان النبى ﷺ يتجوز من اللباس والبسط 5843 كتاب اخبار الاحاد باب قول الله تعالىٰ لاتدخلوا بيوت النبى ...7263 **ترمذى** كتاب تفسير القرآن عن رسول الله باب ومن سورة التحريم 3318 **نسائى** كتاب الصيام لم الشهر وذكر الاختلاف على الزهرى فى الخبر عن عائشة 2132

وَمَا لَكَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ عَلَيْكَ بِعَيْبَتِكَ قَالَ فَدَخَلْتُ عَلَى حَفْصَةَ بِنْتِ عُمَرَ فَقُلْتُ لَهَا يَا حَفْصَةُ أَقَدْ بَلَغَ مِنْ شَأْنِكِ أَنْ تُؤْذِي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللَّهِ لَقَدْ عَلِمْتِ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُحِبُّكِ وَلَوْلَا أَنَا لَطَلَّقَكِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبَكَتْ أَشَدَّ الْبُكَاءِ فَقُلْتُ لَهَا أَيْنَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ هُوَ فِي خِزَانَتِهِ فِي الْمَشْرُبَةِ فَدَخَلْتُ فَإِذَا أَنَا بِرَبَاحٍ غُلَامِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاعِدًا عَلَى أُسْكُفَّةِ الْمَشْرُبَةِ مُدَلٍّ رِجْلَيْهِ عَلَى نَقِيرٍ مِنْ خَشَبٍ وَهُوَ جِذْعٌ يَرْقَى عَلَيْهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيَنْحَدِرُ فَنَادَيْتُ يَا رَبَاحُ اسْتَأْذِنْ لِي عِنْدَكَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرَ رَبَاحٌ إِلَى الْغُرْفَةِ ثُمَّ نَظَرَ إِلَيَّ فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا ثُمَّ قُلْتُ يَا رَبَاحُ اسْتَأْذِنْ لِي عِنْدَكَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرَ رَبَاحٌ إِلَى الْغُرْفَةِ ثُمَّ نَظَرَ إِلَيَّ فَلَمْ يَقُلْ شَيْئًا ثُمَّ رَفَعْتُ صَوْتِي فَقُلْتُ يَا رَبَاحُ اسْتَأْذِنْ لِي عِنْدَكَ عَلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَإِنِّي أَظُنُّ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ

کیا تمہارا معاملہ اتنا بڑھ گیا ہے کہ تو رسول اللہ ﷺ کو تکلیف دیتی ہے۔ اور اللہ کی قسم تو جانتی ہے کہ رسول اللہ ﷺ تجھ سے محبت نہیں کرتے اگر میں نہ ہوتا تو رسول اللہ ﷺ تجھے طلاق دے دیتے۔ انہوں نے زور زور سے رونا شروع کر دیا۔ میں نے ان سے کہا رسول اللہ ﷺ کہاں ہیں؟ وہ کہنے لگیں وہ اپنے چوبارہ کے گودام میں ہیں۔ میں گیا تو دیکھا کہ رسول اللہ ﷺ کا خادم رباح چوبارہ کی چوکھٹ کے کھولے کئے ہوئے تنے پر ٹانگیں لٹکائے بیٹھا تھا اور یہ وہ لکڑی کا تنا تھا جس کے ذریعہ رسول اللہ ﷺ چڑھتے اور اترتے تھے۔ میں نے آواز دی کہ اے رباح! میرے لئے رسول اللہ ﷺ کے پاس آنے کی اجازت لو۔ رباح نے بالا خانہ کی طرف دیکھا پھر میری طرف دیکھا مگر کچھ نہیں کہا۔ میں نے پھر کہا اے رباح میرے لئے رسول اللہ ﷺ سے اجازت لو۔ رباح نے بالا خانہ کی طرف دیکھا پھر میری طرف دیکھا مگر کچھ نہ کہا پھر میں نے اپنی آواز بلند کی اور کہا اے رباح! میرے لئے رسول اللہ ﷺ سے اجازت لو۔ میرا خیال ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے خیال فرمایا کہ میں حفصہؓ کی وجہ سے آیا ہوں۔ اگر مجھے رسول اللہ ﷺ اس کی گردن مارنے کا حکم دیں تو میں ضرور اس کی گردن مار دوں گا اور میں نے اپنی آواز بلند کی۔ اس نے مجھے

